یہ دعائے جلیل حضرت امام حسین علیہ السلام نے اس وقت تعلیم فرمائی جب آپؑ زخموں سے چور تھے اور رخصت آخر کے لیے حضرت امام زین العابدینؑ کے پاس پہنچے تھے۔ آپؑ نے سید سجاد علیہ السلام کا بازو تھاما اور یہ دعا تلاوت کی اس دعا کے پڑھنے سے تمام مصائب اور بلائیں دور ہو جاتی ہیں اور ہر نماز کے بعد اس دعا کا پڑھنا نہایت ہی باعث خیر و برکت اور موجب ثواب بے حساب بھی ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ وَبِحَقِّ طٰهٰ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ یَامَنْ یَّقْدِرُ عَلٰی حَوَآئِجِ السَّآئِلِیْنَ یَامَنْ یَّعْلَمُ مَافِی الضَّمِیْرِ یَامُنَفِّسُ عَنِ الْمَكْرُوْبِیْنَ یَامُفَرِّجُ عَنِ الْمَغْمُوْمِیْنَ یَارَاحِمَ الشَّیْخِ الْكَبِیْرِ یَارَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِیْرِ یَامَنْ لَّا یَحْتَاجُ اِلَی التَّفْسِیْرِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَافْعَلْ بِیْ كَذَا وَكَذَا (میری حاجت کو پورا فرما)

صابری دارالکتب الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور 37320770, 37320310
مکتبہ الرضا حسنت میاں مارکیٹ اردو بازار لاہور 37245166

www.humaliwalayazadar.com

دعائے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام

ترکیب اول و آخر 15 مرتبہ درود شریف پھر اس کے درمیان دعا پڑھے پھر حاجت طلب کرے امام علیہ السلام نے فرمایا 100 مرتبہ پڑھو شیخ کفعمی صاحب کتاب بلدالامین نے مقاتل بن سلیمان سے نقل کیا ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ اگر دعا قبول نہ ہو تو راوی پر لعنت کرے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِلٰهِيْ كَيْفَ اَدْعُوْكَ وَاَنَا اَنَا وَكَيْفَ اَقْطَعُ رَجَائِيْ مِنْكَ وَاَنْتَ اَنْتَ اِلٰهِيْ اِذَا لَمْ اَسْئَلْكَ فَتُعْطِيَنِيْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ اَسْئَلُهٗ فَيُعْطِيَنِيْ اِلٰهِيْ اِذَا لَمْ اَدْعُوْكَ فَتَسْتَجِيْبَ لِيْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ اَدْعُوْهُ فَيَسْتَجِيْبُ لِيْ اِلٰهِيْ اِذَا لَمْ اَتَضَرَّعْ اِلَيْكَ فَتَرْحَمْنِيْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ اَتَضَرَّعُ اِلَيْهِ فَيَرْحَمُنِيْ اِلٰهِيْ فَكَمَا فَلَقْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَنَجَّيْتَهٗ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُنَجِّيَنِيْ مِمَّا اَنَا فِيْهِ وَتُفَرِّجَ عَنِّيْ فَرَجًا عَاجِلًا غَيْرَ اٰجِلٍ بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

(مفاتیح الجنان)

دعائے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام

یہ دعا فوائد کثیرہ پر مشتمل ہے ہر امر کے لیے پڑھ سکتے ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ لِيْ عِنْدَكَ رِضْوَانٌ وَّ وُدٌّ فَاغْفِرْ لِيْ وَلِمَنْ تَبِعَنِيْ مِنْ اِخْوَانِيْ وَاَقَارِبِيْ وَطَيِّبْ مَا فِيْ صُلْبِيْ (مصباح الکفعمی)

دعائے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

منقول ہے کہ جو اس دعا کو پڑھے گا خدائے تعالیٰ اس کو بروئے نورانی محشور فرمائے گا اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے ہمراہ داخل بہشت ہوگا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مَنْ هُوَ دَانٍ غَيْرُ مُتَوَانٍ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اِجْعَلْ لِشِيْعَتِيْ وَلِاِخْوَانِيْ وَاَحِبَّائِيْ مِنَ النَّارِ وِقَاءً لَهُمْ عِنْدَكَ رِضًى وَاغْفِرْ ذُنُوْبَهُمْ وَيَسِّرْ اُمُوْرَهُمْ وَاقْضِ دُيُوْنَهُمْ وَاسْتُرْ عَوْرَاتِهِمْ وَهَبْ لَهُمُ الْكَبَائِرَ الَّتِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُمْ يَا مَنْ لَا يَخَافُ الضَّيْمَ وَلَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ اِجْعَلْ لِيْ مِنْ كُلِّ غَمٍّ فَرَجًا ۝

دعائے حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

منقول ہے کہ جو اس دعا کو پڑھے گا خدائے تعالیٰ اس کی حاجت کو برلائے گا اور روز قیامت اس کو جناب امام موسیٰ کاظمؑ کے ساتھ محشور فرمائے گا اور ان شاء اللہ داخل بہشت کرے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا خَالِقَ الْخَلْقِ وَيَا بَاسِطَ الرِّزْقِ وَفَالِقَ الْحَبِّ وَبَارِئَ النَّسَمِ وَمُحْيِيَ الْمَوْتٰى وَمُمِيْتَ الْاَحْيَاءِ وَدَائِمَ الثَّبَاتِ وَمُخْرِجَ النَّبَاتِ اِفْعَلْ بِيْ مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ (مصباح الکفعمی)

دعائے حضرت امام علی رضا علیہ السلام

اس دعا کو پڑھنے والا ہمیشہ حق پر رہے گا اور گمراہ نہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِي الْهُدٰى وَثَبِّتْنِيْ عَلَيْهِ وَاحْشُرْنِيْ عَلَيْهِ اٰمِنًا (مج الدعوات)

دعائے حضرت امام محمد تقی علیہ السلام

جو اس دعا کو پڑھے گا حضرت امام محمد تقی علیہ السلام بروز محشر اسکے شفیع ہونگے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مَنْ لَا شَبِيْهَ لَهٗ وَلَا مِثَالَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ تُفْنِي الْمَخْلُوْقِيْنَ وَتَبْقٰى اَنْتَ حَلُمْتَ عَنْ مَنْ عَصَاكَ وَفِي الْمَغْفِرَةِ رِضَاكَ (مصباح الکفعمی)

دعائے حضرت امام علی نقی علیہ السلام

منقول ہے کہ جو اس دعا کو پڑھے گا امام علی نقی علیہ السلام اسکے شفیع ہوں گے اور اسکو خود داخل بہشت فرمائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا نُوْرُ يَا بُرْهَانُ يَا مُنِيْرُ يَا مُبِيْنُ يَا رَبِّ اكْفِنِيْ شَرَّ الشُّرُوْرِ وَاٰفَاتِ الدُّهُوْرِ وَاَسْئَلُكَ النَّجَاةَ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ (مصباح الکفعمی)

دعائے حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام

منقول ہے کہ جو اس دعا کو پڑھے گا خدا تعالیٰ اس کو حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کے ساتھ محشور فرمائے گا اور آتش دوزخ سے نجات دے گا اگرچہ دوزخ اس پر واجب ہوگئی ہو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا عَزِيْزَ الْعِزِّ فِيْ عِزِّهٖ اَعِزَّنِيْ بِعِزِّكَ وَاَيِّدْنِيْ بِنَصْرِكَ وَ اَبْعِدْ عَنِّيْ هَمَزَاتِ

مہدی کتاب گھر اردو بازار لاہور فون: 37355754
عوامی کتاب گھر اردو بازار لاہور 37221724

www.humaliwalayazadar.com

الشَّيَاطِيْنِ وَادْفَعْ عَنِّيْ بِدَفْعِكَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ خِيَارِ خَلْقِكَ يَا وَاحِدُ يَا اَحَدُ يَا فَرْدُ يَا صَمَدُ (مصباح الکفعمی)

دعائے حضرت امام محمد مہدی علیہ السلام صاحب الزمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف

جو شخص اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت رکھتا ہو تو شب جمعہ آدھی رات کے وقت غسل کرکے 2 رکعت نماز پڑھے جس میں سورہ الحمد میں

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ 100 مرتبہ پڑھے اور سورہ الحمد تمام کرنے کے بعد رکوع میں 7 مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اور پھر سجدے میں 7 مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى وَبِحَمْدِهٖ پڑھے دوسری رکعت بھی اسی طرح بجالائے بعد از نماز سجدہ میں 100 مرتبہ درود پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِلٰهِيْ عَظُمَ الْبَلَاۤءُ وَبَرِحَ الْخَفَاۤءُ وَانْكَشَفَ الْغِطَاۤءُ وَانْقَطَعَ الرَّجَاۤءُ وَضَاقَتِ الْاَرْضُ وَمُنِعَتِ السَّمَاۤءُ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَاِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى وَعَلَيْكَ الْمُعَوَّلُ فِي الشِّدَّةِ وَالرَّخَاۤءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اُولِي الْاَمْرِ الَّذِيْنَ فَرَضْتَ عَلَيْنَا طَاعَتَهُمْ وَعَرَّفْتَنَا بِذٰلِكَ مَنْزِلَتَهُمْ فَفَرِّجْ عَنَّا بِحَقِّهِمْ فَرَجًا عَاجِلًا قَرِيْبًا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ يَا مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا مُحَمَّدُ اِكْفِيَانِيْ فَاِنَّكُمَا كَافِيَانِ وَانْصُرَانِيْ فَاِنَّكُمَا نَاصِرَانِ يَا مَوْلَانَا يَا صَاحِبَ الزَّمَانِ اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ اَدْرِكْنِيْ اَدْرِكْنِيْ اَدْرِكْنِيْ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ (مصباح الکفعمی)

حسب فرمائش سیّدہ صوفیہ نقوی (انٹیریڈ یکوریٹر)

اولاد نرینہ کے لیے دوائی بھی مل سکتی ہے۔ صرف خواتین رابطہ کریں

مرد حضرات رابطہ نہ کریں۔ شکریہ 0332-4634315

امامیہ جنتری رجسٹرڈ (اصلی) ہر شہر میں دستیاب ہے

رشتوں میں رکاوٹ اور اولاد نرینہ کے لیے صرف خواتین رابطہ کریں۔

مسز نقوی

0332 4662358

0322 4179311

فرح علی (نارتھ امریکہ) 001 306 715 5513

یہ ایک ایسا طریقہ ہے جس سے دماغ کو کسی ایک چیز یا سوچ پر دھیان رکھنا ہوتا ہے اس میں گہرے اور لمبے سانس بھی لیے جاتے ہیں اور آہستہ آہستہ دماغ اور خیالات سے پاک اور پرسکون ہو جاتا ہے۔ مراقبہ جسے انگریزی زبان میں Meditation کہتے ہیں آپ کے بہت سے جسمانی، روحانی، دماغی مسائل کا حل ہے۔ اس عمل میں آپ کو پرسکون اور خاموش جگہ کی ضرورت ہوتی ہے اور آپ کمر سیدھی اور ریلکس (Relax) بیٹھتے ہیں اس سارے عمل سے سانس کی نالی اور پھیپھڑے کھلتے ہیں اور خون پر بھی اچھا اثر پڑتا ہے بہت سے خلیے بنتے اور توانائی حاصل کرتے ہیں جسکا پورے جسمانی نظام پر اثر پڑتا ہے اور دماغ کا فوکس بھی بڑھتا ہے اور بہتر سوچ سمجھ سکتا ہے اور Confusions دور ہوتی ہیں اور آپکو اپنے جذبات اور دماغ پر اچھا کنٹرول ہو جاتا ہے۔ مراقبہ کرنے سے آپ روحانیت کے اعلیٰ درجات کو بھی چھو سکتے ہیں مادیت کی پھر زیادہ اہمیت نہیں رہتی یہ اس بات پر منحصر ہے آپ کو کتنی مہارت حاصل ہے آپ اپنی اصلاح اور تعمیری کاموں پر زیادہ توجہ دیتے ہیں اور مثبت اور پرسکون رہتے ہیں۔ شروع میں آپکو کسی ماہر استاد کی ضرورت ہوتی ہے لیکن آہستہ آہستہ آپ خود سیکھ لیتے ہیں اور کر سکتے ہیں۔ آجکل اسکی اشد ضرورت ہے جہاں انسان بہت جوشیلے اور جذباتی ہو گیا ہے اور سکون بالکل نہیں۔ والسلام فرح علی

دل کے مرض سے محفوظ رہنے کا عمل

ہر واجب نماز کے بعد دل پر ہاتھ رکھ کر پہلے درود پڑھے پھر 11 مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کہے اور بارہویں مرتبہ کہے

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْيِيَ قَلْبِيْ

اے زندہ، قائم رہنے والے اے نہیں کوئی معبود مگر تو۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ زندہ کردے میرے دل کو۔ پھر آخر میں درود پڑھے اور دل سے ہاتھ اٹھائے

کریم پبلیکیشنز سبیع سنٹر اردو بازار لاہور فون: 37122772

العصر بک سنٹر حیدر روڈ اسلام پورہ لاہور 37159188

www.humaliwalayazadar.com

قرآن کریم سے مسائل کا حل

سید
حیدر شاہ شیرازی
0344-2420784

محترم ناشر و انتظامیہ جنتری کو سید حیدر شیرازی کی طرف سے سلام کے بعد دعا ہے کہ مالک کائنات محمدؐ و اہل بیتؑ کے صدقے آپ کو عزت و سربلندی عطا کرے اور آپکی توفیقات میں اضافہ فرمائے تاکہ آپ اسی طرح خدمت خلق سرانجام دیتے رہیں

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو تمام انسانیت کی ہدایت کے واسطے نازل فرمایا اور یہ تا قیامت تمام انسانوں خواہ وہ مسلمان ہوں یا کسی اور مذہب سے تمام کے لیے باعث ہدایت ہے۔ آج کل بہت سے جعلی عاملوں نے لوگوں کو بلند و بالا دعوے کر کے دھوکہ دے رکھا ہے جس وجہ سے لوگ عدم اعتماد کا شکار ہیں مگر قرآن پاک پر ہر انسان کو مکمل اعتماد ہے۔ ہمارے بزرگان نے پشتوں سے ہمیں جو علم سکھایا ہے وہ قرآن سے استفادہ ہے۔ حالانکہ بہت سے لوگ قرآن سے عملیات بتاتے ہیں مگر پھر بھی کامیابی نہیں ہوتی ۔ ہم پورے سال میں قرآنی آیات کو علم الاعداد سے مخلوط کر کے مختلف کاموں کے واسطے آزماتے ہیں جس میں کامیابی ہو صرف اسکو فلاح انسانیت کے لیے شائع کرواتے ہیں۔

دشمن پر غلبہ یا بچاؤ کے واسطے

سپارہ 16 سورۂ طٰہٰ آیت نمبر 68 قُلْنَا لَا تَخَفْ سے الْأَعْلَىٰ تک

ق+ی 2=0+1+1>110=10+100

مفرد کے حساب سے اس آیت کو صبح صادق کے وقت سیندور اور عرق گلاب سے 2 کاغذ پر لکھیں جس دشمن سے غلبہ چاہیے اسکا نام مع والدہ لکھ کر پاس رکھے جہاں جائے گا رعب تقویت رہیگی یا اسکا نام کیل پہ لکھ کر درخت میں گاڑھ دے۔

ناجائز تعلق کے خاتمے کے لیے

سورۂ احزاب آیت نمبر 35 کا آخری حصہ وَالْحَافِظِينَ فُرُوجَهُمْ سے أَجْرًا عَظِيمًا تک

و+الف=6+1=7 اسکا مفرد عدد 7 نکلا ہے لہٰذا اگر کوئی شخص غلط تعلق میں مبتلا ہو یا اسکے آفس کا ماحول ایسا ہو جس وجہ سے خطرہ ہو یا وہ جان بوجھ کر ایسے تعلقات رکھے تو تعلق چھڑانے کے لیے دونوں کے نام مقناطیس پر لکھیں اور اسکو توڑ کر الگ الگ دفنا دیں جلدی تعلق کا خاتمہ ہوگا نام 7 مرتبہ لکھنا ہے۔

بحالی تعلق یا مابین صلح کے لیے

سپارہ نمبر 28 سورۂ ممتحنہ آیت نمبر 7 عَسَى اللَّهُ أَنْ يَجْعَلَ سے غَفُورٌ رَحِيمٌ تک ع + م 70+40=110=0+1+1=2 اسکا مفرد عدد 2 نکلا اگر کوئی رشتہ نہ ہو رہا ہو یا پہلے محبت اور تعلق رہا ہو مگر اب ختم ہو چکا ہو یا والدین کی باہمی رضامندی کے لیے یا حسب توفیق 2000 مرتبہ مٹھائی کے 2 دانوں پر آیت پڑھ کر کھلا دیں یا پھر کامیابی کے لیے آتشی زعفرانی عمل کریں جو کہ مجرب ہے۔

رکاوٹ یا بندش کے خاتمے کے واسطے

سورۂ نمل آیت نمبر 92 وَأَنْ أَتْلُوَ الْقُرْآنَ سے مِنَ الْمُنْذِرِينَ تک

و+ن 6+50=56=6+5=1+1=2 اسکا مفرد 2 نکلا ہے۔ یہ بندش کے لیے آزمودہ ہے بندش کئی قسم کی ہوتی ہے کاروباری، رشتوں کی، شادی میں رکاوٹ، اولاد کی بندش، اسکے لیے یا توڑ کا عمل کریں یا پھر اس آیت کو زحل کی ساعت میں زعفران سے لکھ کر وزن تلے دبا دیں۔ 21 یوم میں بندش کا خاتمہ ہوگا۔ ان شاء اللہ

ترقی و برکت کے لیے مجرب

سورۂ فاطر آیت نمبر 30 لِيُوَفِّيَهُمْ أُجُورَهُمْ سے غَفُورٌ شَكُورٌ تک

ل+ر 30+200=230=0+3+2=5 اسکا مفرد عدد 5 نکلا۔ اگر کسی کو کاروبار میں فائدہ نہ ہو رہا ہو یا اچانک نقصان کی طرف چلا گیا ہو یا ویسے تنگی رزق ہو تو اس آیت کو 5 الگ الگ کاغذ پر لکھ کر وزن تلے دبا دیں۔ ان شاء اللہ جلد ٹھیک ہوگا۔

استاد سید حیدر شاہ شیرازی (فرزند معظم سلسلہ نسب دربار عالیہ مرشد تخی راجن امام شیرازی جھنگ)

Whatsapp0344-2420784

امامیہ جنتری (رجسٹرڈ) پاکستان کاپی رائٹ ایکٹ 1962 گورنمنٹ آف پاکستان کے تحت رجسٹرڈ ہے۔ رجسٹریشن نمبر 9573 ہے۔ جنتری کا جعلی ایڈیشن شائع کرنے والوں کے خلاف ادارہ تحت قانونی کارروائی کا حق رکھتا ہے۔ جنتری میں تمام مضامین و اشتہارات خالص نیک نیتی کے جذبے سے شائع ہوتے ہیں۔ مضمون نویس سے لین دین کا ادارہ سے کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ادارہ ذمہ دار ہے۔ البتہ کسی بھی شکایت سے ادارہ کو مطلع ضرور کریں۔

رضوان پیپر پراڈکٹس اُردو بازار لاہور 37223223
مشتاق کتاب گھر الکریم مارکیٹ اُردو بازار لاہور فون: 37230350

www.humaliwalayazadar.com

عمل نادِ علی علیہ السلام صغیر با موکل

سید مرتضیٰ حسین (کراچی)
0301-2845261
0316-2245861
فون کے اوقات دوپہر 2 بجے تا رات 10 بجے

اللہ تعالیٰ خدائے پروردگار نے کائنات کے رحمت العالمین نبی آخرالزمان حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وحی فرمائی اور نادِ علی نازل ہوئی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا قبول ہونے اور ہر رنج و غم اور تکلیف میں نادِ علی کے بارے میں بتایا کہ یہ امیر المومنین امام المتقین مظہر العجائب مدینۃ العلم امام الاولیا، لسان اللہ، ید اللہ، حیدر کرار، اسد اللہ غالب، حضرت علی علیہ السلام سے نادِ علی کا ورد کر کے مدد طلب کریں ان شاء اللہ ہر جائز اور شرعی امور میں کامیابی ہوگی۔

دعا کی قبولیت اور ہر کام میں فتح یابی پانے کے لیے

110 مرتبہ نادِ علی، 110 مرتبہ

يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيثِينَ أَغِثْنِي يَا أَرْحَمَ الْمَسَاكِينِ ارْحَمْنِي يَا عَلِيُّ أَدْرِكْنِي يَا عَلِيُّ أَدْرِكْنِي بِرَحْمَتِكَ وَمَنِّكَ وَجُودِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ (نادِ علی کبیر)

لوگوں میں بلند مرتبہ کے لیے اور لوگ عزت محبت سے پیش آئیں

110 مرتبہ نادِ علی، 110 مرتبہ

مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْعِزَّةَ فَلِلَّهِ الْعِزَّةُ جَمِيعاً (سورۂ فاطر آیت 10)

دشمن کے شر سے بچنے اور حفاظت کے لیے

110 مرتبہ نادِ علی، 110 مرتبہ

إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ (سورۂ حجر آیت 95)

قرض کی ادائیگی اور دولت حاصل ہونے کے لیے

110 مرتبہ نادِ علی، 100 مرتبہ

يَا وَهَّابُ يَا قَوِيُّ يَا غَنِيُّ يَا عَلِيُّ يَا وَلِيُّ (اسمائے اعظم)

دماغ سے شیطانی خیالات وسوسے دور کرنے اور نیکی کی طرف راغب ہونے کے لیے

110 مرتبہ نادِ علی، 110 مرتبہ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ

حصول روزگار، ترقی کاروبار، اور رزق کی فراوانی کے لیے

110 مرتبہ نادِ علی، 110 سورۃ القدر (پارہ 30)

ہر بیماری سے صحت یابی کے لیے، خواتین کے اولاد با حفاظت ہونے کے لیے

110 مرتبہ نادِ علی، 41 مرتبہ سورۂ فاتحہ (الحمد)، 41 مرتبہ سورۂ اخلاص (پارہ 30)، 41 مرتبہ سورۂ کوثر (پارہ 30)

ہر عمل کے لیے ضروری ہے جمعرات سے شروع کریں اول و آخر 14-14 مرتبہ درود پاک پڑھیں بعد نماز عشاء پڑھیں۔ 2 رکعت نماز رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں ہدیہ کریں۔ ہر جمعرات نذر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام کریں۔ 3 دن ایک پاؤ گوشت کا اپنا صدقہ کریں۔ ہر عمل 41 دن کا ہے سمجھ میں نہ آئے تو فون پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ نوٹ: دس سال سے کم عمر بچوں کو حاضرات ہوتے ہیں جس میں خانہ کعبہ، روضہ حضرت علیؑ، روضہ امام حسینؑ اور دیگر مقدس روضوں اور مقامات کی زیارت ہوتی ہے اور موکلان نادِ علی سے ملاقات ہوتی ہے۔

نادِ علی صغیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْناً لَكَ فِي النَّوَائِبِ، كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِعَظَمَتِكَ يَا اللهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ أَدْرِكْنِي

ترجمہ: ابتدا اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

عجائب خدا کے جلوہ بردار حضرت علی ابن علی ابی طالب علیہ السلام کو ذرا پکارو تو سہی! تم ہر مصیبت اور ہر بلا میں ان کو اپنا مشکل پاؤ گے، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ، آپ کو اپنی عظمتوں کا واسطہ۔ اے محمدؐ، اے محمدؐ، اے محمدؐ، آپ کو اپنی نبوت کا واسطہ اے علیؑ، اے علیؑ، اے علیؑ، آپ کو اپنی ولایت کا واسطہ میرے تمام رنج و غم کو دور فرمایئے اور میری مدد کیجیے۔

نقش نادِ علی

١١٢٨	١١٣٢	١١٣٥	١١٢١
١١٣٤	١١٢٢	١١٢٧	١١٣٣
١١٢٣	١١٣٧	١١٣٠	١١٢٦
١١٣١	١١٢٥	١١٢٤	١١٣٦

ذوالفقار بک سنٹر جامعۃ المنتظر ماڈل ٹاؤن لاہور 0333-4037541
حسن بک ڈپو امامیہ مسجد کرشن آباد لاہور 0301-6894024

www.humaliwalayazadar.com

میری کوشش ہوتی ہے کہ قارئین امامیہ جنتری کیلئے ہر سال اچھے سے اچھے مضمون تحریر کروں اور ایسی لوح دی جائے جس سے مومنین ومومنات بھر پور فائدہ حاصل کریں۔ اس دفعہ جنتری کیلئے دُعائے گنج العرش اور لوح سے فوائد حاصل کرنے کیلئے لکھ رہا ہوں۔

یہ لوح مکمل دعائے گنج العرش کے اعداد ۳۶۳۱۵۳۹ سے تیار کی گئی ہے جس کی چال آتشی ہے جہاں کہیں مجھے ناکامی کا سامنا ہوتا ہے تو میں یہ لوح تیار کر کے دیتا ہوں اس کے صدقے رُکے ہوئے ایسے تمام کام سرانجام پاتے ہیں جن سے نا امیدی ظاہر ہوتی ہے۔ میں کوئی لمبی چوڑی تمہید اس بارے میں نہیں باندھوں گا بلکہ وہ فوائد لکھ رہا ہوں جو میرے تجربہ میں ہیں دعائے گنج العرش کافی طویل ہے جو جنتری کے صفحات کی کمی کی وجہ سے نہیں دی جاسکتی۔ روایت کے مطابق حضرت جبرائیل علیہ السلام فرماتے ہیں کہ یہ دعا عرش رب العالمین کے آس پاس لکھی ہے۔ دعا گنج العرش اور لوح گنج العرش کے فوائد کاغذ اور قلم یا زبان سے بیان کرنا میرے بس میں نہیں ہے۔ یہ لوح گنج العرش پاس رکھنے سے سحر وجادو باطل ہو جاتا ہے۔ اگر کسی کو ایسا مرض ہو جائے کہ کسی طبیب سے علاج نہ ہو تو ہر روز اس نقش کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پلایا جائے تو کیسی ہی بیماری ہو خدا تعالیٰ اسے عافیت بخشے گا اگر کسی کی اولاد نہ ہوتی ہو تو دونوں میاں بیوی الگ الگ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر گلے میں پہنیں اور اسکو چینی کے برتن پر لکھ کر اکیس روز پئیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ اولاد نیک عطا ہو۔ اس لوح کے حامل کو اللہ تعالیٰ چغل خوروں اور غیبت کرنے والوں سے اور تمام بلیات ارضی وسماوی سے محفوظ رکھے گا۔ اگر کوئی شخص اس لوح کو کشادگی رزق کے واسطے بنائے گا تو اللہ تعالیٰ روزی میں کشادگی عطا فرمائے گا۔ اگر اس پر قرض ہو تو خدا تعالیٰ قرض اُتارنے کے اسباب پیدا کرے گا۔ اس لوح کو حمائل کر کے اپنے پاس رکھے گا تو تمام آفتوں سے امن میں رہے گا۔ اگر کوئی حاجت روائی کے لئے لوح کو بنائے تو خدا تعالیٰ اس کی حاجت برلائے گا۔ اس لوح کو بنا کر اپنے پاس رکھے گا تو اس بندے کو جمیع نعمتوں سے سرفراز کریگا اور اس کے دشمنوں کو مقہور کریگا جو شخص کبھی راہ بھولے گا تو راہ پائے گا۔ اگر بدبخت ہوگا تو بخت اسکا بلند ہوگا اگر کوئی اس لوح کو اپنے پاس رکھے گا تو فاقہ سے محفوظ رہے گا اور کبھی بھوکا نہیں مرے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قول

شفقیائیل	جبرائیل		شمکائیل
۹۱۰۳۸۶ 8	۹۱۰۳۸۹ 11	۹۱۰۳۹۲ 14	۹۱۰۳۷۹ 1
۹۱۰۳۹۱ 13	۹۱۰۳۸۰ 2	۹۱۰۳۸۵ 7	۹۱۰۳۹۰ 12
۹۱۰۳۸۱ 3	۹۱۰۳۹۴ 16	۹۱۰۳۸۷ 9	۹۱۰۳۸۴ 6
۹۱۰۳۸۸ 10	۹۱۰۳۸۳ 5	۹۱۰۳۸۲ 4	۹۱۰۳۹۳ 15
لوبیائیل	میکائیل		نقطلشائیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علیاً ولی اللہ سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ العلی العظیم اللّٰھم صل علی محمد و علی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم انک حمید مجید اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا و مولانا محمد طبیب القلوب ودوائھا عافیۃ الابدان و شفائھا و نور الابصار فیانھا و علی آلہ الطیبین الطاھرین المعصومین و دائما ابد اللہ رب محمد صلی اللہ علیہ وسلم بحق عبادۃ محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم

اس لوح کو پاس رکھنے سے سفر میں امن وسلامتی رہے مال ودولت کی فراخی ہو اگر دکان کی چوکھٹ پر لگائے یا غلہ کی جگہ پر رکھے تو مال ودولت کی حفاظت ہو اور کاروبار فراخ ہو اس لوح کو ہر فرض نماز سے پہلے اپنے مصلے پر رکھا کرے اور نماز کے بعد اسے اپنی جیب میں رکھیں تو مکمل روحانی فیض حاصل ہوں اور ایک عرصہ کے بعد ایک روحانی مخلوق حاضر ہو اور روحانی درجہ میں کمال پیدا ہوگا۔ اس طرح ہر عادت بد کے خاتمے کیلئے اور اگر بات بات پر غصہ آتا ہو تو اس نقش کو کسی میٹھی شے پر پڑھ کر کھائے یہ تمام فوائد اس لوح کے ادنیٰ کرشمات میں سے ہیں۔ لوح گنج العرش ہر ماہ شرف قمر میں چاندی کے پترے پر تیار کی جاسکتی ہے۔ ہر ستارے کے شرف واوج، تثلیث شمس ومشتری، تثلیث زہرہ ومشتری، تثلیث مریخ وزہرہ اور قران السعدین میں تیار کی جاسکتی ہے۔ اگر کوئی عامل یہ لوح کسی سائل کو تیار کر کے دے تو اس پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر دم کرے اور سائل کو بھی درود پڑھنے کی تاکید کرے۔ جو مومن اور مومنہ اس لوح سے فوائد حاصل کرے۔ بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد، زوجہ آغا افتخار حسین والدہ علی فرزاد کیلئے دُعائے مغفرت کرے۔ مجھ ناچیز اور آغا افتخار حسین اور علی فرزاد کیلئے دُعائے صحت وسلامتی کریں۔ اگر مضمون کی کوئی جز سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافے سے وضاحت مفت حاصل کریں۔

راجا افتخار حسین مکان نمبر A-12، سروے نمبر 553، عقب مرکزی امام بارگاہ جعفر طیار سوسائٹی ملیر کراچی۔ E-mail:rihussain133@gmail.com

خزینہ عملیات

غلام کبریا عامل روحانی 0092-300-5537074
محمدیہ کالونی شیر شاہ سوری روڈ کندیاں ضلع میانوالی پاکستان

عزیزان گرامی! اس مرتبہ امامیہ جنتری 2019 کے لیے چند مجرب ترین اعمال تحریر کر رہا ہوں۔ جو بیشتر مرتبہ میرے خود آزمودہ ہیں یا جن سے متعدد مرتبہ کئی مومنین و مومنات مستفید ہو چکے ہیں۔

◉ سورۃ فاتحہ کا یہ عمل امام غزالی سے منقول ہے۔ بندہ نے اسے کئی بار انتہائی ناگہانی حالات اور مشکل ترین امور کیلئے پڑھا اور الحمدللہ مولا کا فضل ہمیشہ شامل حال رہا۔ یہ عمل صرف سات یوم کا ہے چونکہ اس سورۃ مبارکہ کی آیات سات ہیں۔ اس لئے اسے ہفتہ کے سات ایام میں تقسیم کیا گیا ہے۔ عروج ماہ اتوار کا دن گزار کر جائے نماز پر لباس خاص کے ساتھ پڑھا جائے عمل کے دوران خوشبو روشن کی جائے روزانہ عمل کے اول آخر گیارہ بار درود ابراہیمی اور عمل کے شروع میں ایک بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا ضروری ہے۔ مضمون کی طوالت سے بچنے کیلئے نیچے پورا عمل درج کیے دیتا ہوں۔

دن	آیت	تعداد
اتوار	الحمدللہ رب العالمین	۵۸۲
پیر	الرحمن الرحیم	۶۱۸
منگل	مالک یوم الدین	۲۴۱
بدھ	ایاک نعبد وایاک نستعین	۸۳۲
جمعرات	اھدنا الصراط المستقیم	۱۰۷۳
جمعہ	صراط الذین انعمت علیھم	۱۸۰۷
ہفتہ	غیر المغضوب علیھم ولا الضالین	۴۲۰۳

عمل کے اختتام پر دو رکعت نماز قضائے حاجت پڑھیں بعد سلام اپنے مقصد کیلئے دعا کریں پورے عمل کے دوران دعا کے الفاظ میں رد و بدل نہ ہوں ان شاء اللہ کبھی ناکامی نہیں ہوگی۔

مختلف آیات کریمہ "اسم اعظم" وسعت رزق اور حصول انعامات کیلئے

قرآن مجید ویسے تو مسلمانوں کیلئے باعث شفا اور حصول رحمت ہے مگر کاملین نے کئی ایک سورۃ ہائے اور آیات مقدسہ خصوص مقاصد کیلئے ترکیب دیں انہی میں سے ایک عمل سورۃ طلاق کی اس ایت کریمہ کا درج کر رہا ہوں جو 100% (مجرب) اور درست عمل ہے۔ آیت

ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا..... قد جعل اللہ لکل شیء قدرا"

عروج ماہ بدھ کا دن گزار کر بعد نماز عشاء علیحدہ جگہ جا کر عمل شروع کریں۔ ممکن ہو تو غسل کر کے باوضو لباس مخصوصہ کے ساتھ قبلہ رخ بیٹھ جائیں۔ آنکھیں بند کر لیں جسم کو ڈھیلا چھوڑ دیں، چند ثانیہ کیلئے خود کو روضہ امام علی مقام کے سامنے کھڑا کریں اپنا محاسبہ کریں پھر خود کو لاچار بے یار و مددگار سمجھ کر مدد کیلئے پکاریں۔ یہ عمل پانچ منٹ جاری رہے بعدازاں مندرجہ بالا ایت کریمہ اول آخر گیارہ بار درود شریف درمیان میں ایک ہزار بار پڑھ کر اپنے مقصد خصوصاً وسعت رزق کیلئے دعا کریں۔ یہ عمل 9 یوم کا ہے۔ انشاء اللہ ان ایام میں وسعت رزق

◉ عزیزان گرامی! پارہ نمبر ۳ رکوع گیارہ کی آیت "قل اللھم ملک الملک..... بغیر حساب" اگر کوئی شخص فجر کی نماز کے بعد اکتالیس بار پڑھ کر اپنے لئے دعا کرتا ہے تو غیر میں اللہ کریم کے خزانوں میں اس کا حصہ بڑھ کر دیا جاتا ہے۔ پڑھنے والے کو اندازہ بھی نہیں ہوتا کہ اسباب غیب سے پیدا ہوا ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

☆ سورۃ توبہ کی آخری دو آیات کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ تیغ بند کا کام کرتی ہیں۔ اللہ پاک کے ایک برگزیدہ بندے ان آیات مبارکہ کا ورد تواتر سے فرماتے پڑھتے پڑھتے ان کی عمر 94 سال کے قریب ہو گئی تو ایک بار خواب میں انہیں حضور پاک ﷺ کا دیدار انور نصیب ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا اے بندہ خدا کیا تیرا دل ہمارے پاس آنے کو نہیں کرتا عرض کیا یا رسول اللہ ہر وقت دل میں یہی تمنا رہتی ہے تب آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تجھے معلوم ہے تیرے اور موت کے قریب کیا چیز حائل ہے عرض کیا نہیں معلوم یا رسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا جب تک تو ان آیات مبارکہ کا ورد کرتا رہے گا۔ موت تیرے قریب نہیں آئے گی اس کے بعد اس شخص نے ان آیات کا ورد ترک کر دیا اور چند ایام میں اس کی وفات ہو گی۔

اللہ عزوجل مولا پنجتن پاک کے صدقے ہماری مشکلات آسان فرمائے ہمیں سچا اور پرہیزگار مسلمان بنائے۔ (آمین)

منگنی، نکاح، شادی کے لیے امام ضامن سرخ و سبز رنگ میں کڑھائی شدہ دستیاب ہیں
042-37223686
ملنے کا پتہ افتخار بک ڈپو مین بازار اسلام پورہ لاہور۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللہ ثواب و اعمال

علی احمد کاشف
مکان نمبر L-925 سیکٹر 2
نارتھ کراچی پاکستان
0346-2489941, 0335-3287307, 0307-4871132

معزز قارئین کرام السلام علیکم ورحمۃ اللہ! الحمد للہ کہ ہمیں خدا نے مومنین میں پیدا فرمایا۔ ویسے تو ہر بچہ مومن پیدا ہوتا ہے جو بچے بچپن میں مرجاتے ہیں وہ حضرت ابراہیمؑ کی محفل اطفال میں پہنچ جاتے ہیں۔

humaliwalayazadar.com

مومنین کرام! ہم غور نہیں کرتے کہ ہر بیماری اور ہر مسئلے کا حل ہمارے گھر میں ہی موجود ہے لیکن ہم خاک چھانتے چھانتے بہت دور تک نکل جاتے ہیں 6666 آیات، 114 سورہ، 30 جز (سپارے) یعنی قرآن پاک۔ اللہ تعالیٰ کا ایک اسم ذاتی بے شمار اسماء الحسنیٰ (1000 اسماء تو مولا علیؑ نے دعائے جوشن کبیر، دعائے مشلول میں تعلیم فرمائے ہیں) 173 اسم اعظم ہیں لیکن ہم اپنے کردار کا محاسبہ نہیں کرتے اور بلائیں اپنے ساتھ لگا لیتے ہیں۔

تسبیحات اربعہ سے آگے کا پانچواں لاحول ولا قوۃ الا باللہ کے بارے آج آپ سے ہم کلام ہوں۔ شکریہ اور دعا جزائے خیر برائے مومنین کیساتھ عرض کرتا ہوں کہ یہ کلمہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے اسکے معنی ہیں کہ اللہ کے علاوہ کوئی طاقت و قوت نہیں۔ تفصیل یہ ہے کہ اللہ نے ہمیں جن چیزوں پر اختیار دیا ہے وہ عارضی ہے۔ ہمیں اپنے اختیار کو اللہ تعالیٰ کے قانون کے مطابق استعمال کرنا ہے۔ اصل مالک اللہ ہی ہے وہ جب چاہے یہ اختیار واپس لے سکتا ہے۔ اللہ کے 4 طاقتور ترین فرشتے ہر وقت یہ ورد رکھتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علی محمد وآلہ طاہرین

❂ گھر سے نکلتے وقت بسم اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھنے والا اللہ کی حفظ و امان میں آجاتا ہے۔ کوئی پریشانی، خطرہ یا مہم درپیش ہو تو روزانہ 200 مرتبہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھیں۔

❂ روزانہ نماز فجر کے بعد سبحان اللہ العظیم و بحمدہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھنے سے وہم دیوانگی، جذام، غربت اور بڑھاپے کی کمزوری سے محفوظ رہ سکتے ہیں ❂ سانس یعنی دمہ سے حفاظت کے لیے روزانہ 70 مرتبہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھیں ❂ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھنے سے شیاطین دور بھاگ جاتے ہیں ❂ جس طرح دنیا میں تعمیر مکان کے لیے سیمنٹ، بجری وغیرہ استعمال ہوتا ہے اسی طرح جنت میں تعمیر رہائش کا سامان یہ 5 کلمات ہیں۔

سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ پڑھتے رہیں جنت میں گھر تعمیر ہوتا رہے گا پڑھنا روک دیں گے تو فرشتے بھی تعمیر روک کر سامان تعمیر کا انتظار کرنے لگیں گے۔ جنت میں یہ سامان تعمیر استعمال نہیں ہوتا وہاں سونا، چاندی، زمرد اور جواہر کام میں لائے جاتے ہیں ❂ اساتذہ، مقررین، ذاکرین اور مصلح حضرات اپنی بات شروع کرنے سے پہلے لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھیں تو انکی بات پُر اثر ہوگی اور سمجھ میں جلدی آئے گی۔ ❂ وسعت رزق کے لیے ہر نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد بغیر پہلو بدلے بغیر کسی سے کلام کیے 100 مرتبہ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھیں۔ اللہ جزائے خیر عطا فرمائے گا۔ آغا افتخار حسین صاحب انکے اہل خانہ اور انکی ٹیم جو تعلیمات آل محمدؐ پھیلانے میں میرے معاون ہیں جناب سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا ہماری اس نوکری کو قبول فرمالیں۔ 2014 سے مسلسل شائع ہونے والے ہمارے مضامین اور اعمال بہت آسان، عظیم مفید اور دسترس میں ہیں۔ لازمی ہے کہ درود بر محمدؐ و آل محمدؐ اچھی خاصی تعداد میں پڑھیں۔ روحانی اور شرعی مسائل اور مشورے کے لیے رجوع فرمائیں۔

حوالہ جات: منہاج البراعہ، ثواب الاعمال، معانی الاخبار، چشمہ رستگارے، عیون اخبار الرضا، بصائر الدرجات، زاد الصالحین۔

بلا ھدیہ فی سبیل اللہ
قارئین امامیہ جنتری کے لیے: روغن شفاء ہزاروں مرتبہ سورۂ فاتحہ، چہار قل، و دیگر قرآنی آیات دم کیا ہوا۔ برائے شفا بیماری، نظر بد و سحری اثرات فون پر فی سبیل اللہ منگوائیں۔
علی احمد کاشف (روحانیت جنت)

www.humaliwalayazadar.com

انور علی
لکھ درودی
0310-7078787

ایک دن کی نمازوں کے حروف اور انکی نیکیاں

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! قارئین امامیہ جنتری کو سال نو مبارک ہو۔ خصوصاً آغا نثار احمد مرحوم والدہ مرحومہ کو پہلے کی طرح اس مرتبہ پھر ایک لاکھ درود پاک اور سورہ فاتحہ 5 مرتبہ آیت الکرسی 5 مرتبہ سورہ انا انزلنا 5 مرتبہ چاروں قل 5-5 مرتبہ۔ پہلے 10 سپاروں کا ثواب اور پہلے 10 روزوں کا ثواب ہدیہ ہو۔ جنہوں نے ضالین کو صراط مستقیم پر لگایا ہے۔ اس مرتبہ شائقین امامیہ جنتری کے لیے ایک دن کی نمازوں کا ثواب پیش کر رہا ہوں۔ ہر مومن روزانہ نماز پڑھتا ہے اور قیامت تک پڑھتا رہیگا اور پڑھنی چاہیے کیونکہ نماز مومن اور کافر کے درمیان فرق ہے۔ نماز مومن کی معراج ہے۔ نماز جنت کی کنجی ہے۔ نماز گناہوں سے بچاتی ہے۔ فرمان باری تعالیٰ پارہ نمبر 8 سورہ انعام رکوع 7 آیت نمبر 160 "**ترجمہ** انکی رحمت تو دیکھو" جو شخص ایک نیکی کریگا تو اسکو 10 گنا ثواب عطا ہوگا اور جو شخص بدی کریگا تو اسکی سزا اس کو بس اتنی ہی دی جائیگی اور وہ لوگ کسی طرح ستائے نہ جائینگے" ایک حرف کے بدلے 10 نیکیاں بلکہ اس سے کہیں زیادہ دے سکتا ہے (وہ جو چاہے سو کرے) الٓمٓ یہ ایک حرف نہیں بلکہ 3 حرف ہیں اور اسکے پڑھنے سے 30 نیکیاں ہونگی۔ نماز میں سورہ چھوٹی پڑھنے سے نیکیاں کم اور بڑی پڑھنے سے زیادہ ہونگی اسی طرح ذکر رکوع و ذکر سجود ایک مرتبہ پڑھنے سے نیکیاں کم اور 3 مرتبہ پڑھنے سے زیادہ ہونگی۔ دعا قنوت چھوٹی پڑھنے سے نیکیاں کم اور بڑی پڑھنے سے زیادہ ہونگیں۔

نوٹ کچھ مومنین نماز مختصر پڑھتے ہیں سورہ چھوٹی پڑھتے ہیں ذکر رکوع و ذکر سجود ایک مرتبہ پڑھتے ہیں دعا قنوت چھوٹی پڑھتے ہیں۔ کچھ مومنین تسبیح نہیں پڑھتے دعا شارٹ مانگتے ہیں سجدہ شکر نہیں کرتے اور نہ ہی زیارت پڑھتے ہیں اور ایسے ہی چلے آتے ہیں نماز تو ہو جاتی ہے لیکن نیکیاں کم ہو جاتی ہیں تو آیئے اس طرح نماز پڑھنے سے آپکو ایک دن کی اتنی نیکیاں ملتی ہیں یہ صرف 17 رکعت نماز فریضہ کی نیکیاں ہیں اگر آپ سنتیں اور نفل پڑھتے ہیں تو ثواب اور بڑھ جائیگا تو نفل بھی ضرور پڑھنے چاہیے تفصیل صرف نماز کی دی جا رہی ہے آذان و اقامت تسبیح و دعا سجدہ شکر و زیارت کی نہیں اگر یہ ساری تفصیل دیتا تو کئی صفحات بھر جائیں گے لہذا اس پر اکتفاء کرتے ہیں یہ سرسری آذان سے لیکر زیارت تک دی جا رہی ہے۔ (واللہ اعلم) ایک ایک حرف کا ذمہ دار ہوں

ایک دن کی نمازوں کے حروف اور انکی نیکیاں	حروف	مرتبہ	ٹوٹل حروف	ایک حرف کے بدلے 10 نیکیاں	ٹوٹل نیکیاں
ایک دن میں اذان 3 مرتبہ پڑھی جاتی ہے	X 346	3 =	1038	X 10	= 10380
ایک دن میں اقامت 5 مرتبہ پڑھی جاتی ہے	X 258	5 =	1290	X 10	= 12900
ایک دن میں نمازیں 5 پڑھی جاتی ہیں	X8856	ایک دن =	8856	X 10	= 88560
ایک دن میں تسبیح 5 مرتبہ پڑھی جاتی ہے	X 833	5 =	4165	X 10	= 41650
ایک دن میں دعا 5 مرتبہ مانگی جاتی ہے	X 895	5 =	4475	X 10	= 44750
ایک دن میں سجدہ شکر 5 مرتبہ کیا جاتا ہے	X 150	5 =	750	X 10	= 7500
ایک دن میں زیارت 3 مرتبہ پڑھی جاتی ہے	X 602	3 =	1806	X 10	= 18060
ٹوٹل میزان	11940	*	22380	X 10	= 223800

یہ ایک دم درود ہے انسان کے علاوہ حیوان، گائے، بھینس، بکری، دنبہ، اونٹ، وغیرہ۔ پرندوں میں مرغی، کبوتر، بٹیر، تیتر، چڑیا، مور، وغیرہ کے پیٹ وسینہ میں درد ہو تو ایک روٹی کا ٹکڑا لیں اور اس پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم و درود پڑھ کر دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے یہ پاک نام لکھیں

چشتی بکڈپو اسلام پورہ لاہور
شاہد بک ڈپو مین بازار اسلام پورہ لاہور

www.humaliwalayazadar.com

۱ یَااللہ ۲ اَلْقَابِضُ ۳ اَلْوَاجِدُ ۴ اَلشَّافِیْ ۵ اَلْکَافِیْ ۶ اَلْمُقِیْتُ ۷ یَاعَظِیْمُ

پھر ایک مرتبہ درود پڑھ کر کھالیں اور کھلادیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ 10 منٹ کے اندر آرام آیگا اور پھر اسکو زندگی کا معمول بنالیں (عام اجازت ہے) یہ دم درود کافی عرصہ سے میرا آزمودہ ہے۔ آخر میں آغا افتخار حسین صاحب کی اہلیہ مرحومہ کے لیے سورۂ فاتحہ کی اپیل کرتا ہوں اور ادارے کی ترقی کے لیے دعا گو ہوں۔ فقط والسلام اللہ آپ سب کا حامی وناصر آپکا عزیز انور علی لکھو دروی بمقام وڈاک خانہ خاص قائم بھروت تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ۔

ایک دن کی 5 نمازوں کے حروف اور ان کا ثواب

فجر 2 رکعت ظہر 4 رکعت عصر 4 رکعت مغرب 3 رکعت عشاء 4 رکعت

سورۃ ذکر نماز	تفصیلات	حروف	مرتبہ	ٹوٹل حروف	ایک حرف کے بدلے 10 نیکیاں	ٹوٹل نیکیاں
تکبیرۃ الاحرام	اَللّٰہُ اَکْبَرُ	X 08	=110	X 880	= 10	8800
تسمیہ	بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ	X 19	=27	X 513	= 10	5130
سورۃ الفاتحہ	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ	X122	=17	X2074	= 10	20740
سورۃ القدر	اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ فِیْ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ	X110	=05	X 550	= 10	5500
اخلاص	قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ	X 47	=05	X 235	= 10	2350
دعا قنوت	اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا	X 61	=05	X 305	= 10	3050
درود	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ	X 21	=70	X1470	= 10	14700
ذکر رکوع	سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ	X 20	=17	X 340	= 10	3400
ذکر قرار	سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ	X 14	=17	X 238	= 10	2380
ذکر سجود	سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِہٖ	X 20	=34	X 680	= 10	6800
ذکر استراحت	اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ	X 22	=17	X 374	= 10	3740
سجدہ سے اٹھتے وقت	بِحَوْلِ اللّٰہِ وَ قُوَّتِہٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ	X 22	=12	X 264	= 10	2640
تشہد	اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ	X 52	=09	X 468	= 10	4680
سلام	اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ	X 93	=05	X 465	= 10	4650
	ٹوٹل میزان	*	=*	8856	= 10	88560

www.humaliwalayazadar.com

انسانی جسم پر نماز کے اثرات

ڈاکٹر اسد عباس رضوی (لکھنو)
Mob:9415075312

عالمی ادارہ صحت یا ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (WHO) نے صحت کو سمجھانے کے لیے جس عبارت کا استعمال کیا ہے اس میں انسان کی مکمل جسمانی و روحانی صحت کیساتھ اجتماعی و سماجی صحت کو بھی شامل کیا گیا ہے یعنی صحت صرف بیماری کا جسم میں نہ ہونا نہیں ہے بلکہ مکمل صحت جسمانی، روحانی اور سماجی صحت ہوتی ہے

نماز اور جسمانی صحت نماز سے بہتر ہلکی اور مسلسل ورزش کا تصور نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اسکی ترتیب ایک مختصر وقت میں اعلیٰ معیار کی عضلاتی، ذہنی اور اعصابی کسرتوں پر مشتمل تحفہ ہے۔ نماز کے لیے جب ہم ارادہ کرتے ہیں تو اسی وقت سے ہمارا ذہن دنیاوی کاموں سے الگ ہو کر اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے جب یہ کام ہم دن میں 5 مرتبہ کریں تو آج کی سائنس کے لحاظ سے یہ صحت پر Meditation کے اثر کا بہترین نمونہ عمل ہے Meditation کا مطلب کسی ایک ٹارگیٹ پر فوکس کرنا جس سے ذہن باقی سبھی سوچ اور فکر سے دور رہے نماز میں نیت کرنے کیساتھ ہی ہمارا پورا دھیان اللہ کی طرف ہوتا ہے جو ہمیں سکون دیتا ہے۔ یہ اختلاج (Anxiety) اور ڈپریشن (Depression) مایوسی جیسی بیماری کو دور کرتا ہے۔
نماز ان حضرات کو جو زیادہ تر بیٹھ کر کام کرتے ہیں 5 مرتبہ نماز پڑھنا انکو امراض قلب، ذیابیطس (Diabetes) دماغی پریشانی اور جوڑوں کے درد جیسے امراض سے نجات دلاتی ہے۔ نماز ہمارے خون کے دوران کو بہتر کرتی ہے۔ خون میں چربی (Cholesterol) کو کم رکھتی ہے جو دل کی بیماریوں میں بے حد مفید ہے۔ میڈیکل سائنس کے حساب سے کھانا کھانے کے بعد ہمارے جسم میں کولیسٹرول کا لیول بڑھ جاتا ہے اگر کھانے کے ساتھ ساتھ ہلکی کسرت کی جائے تو یہ کولیسٹرول Liver کے ذریعہ ہمارے جسم سے باہر ہو جاتا ہے۔

وضو وضو کرنے کے لیے ہم اپنے ہاتھ اور چہرے کو دھوتے اور پیر کا مسح کرتے ہیں جس سے الگ الگ بیماریوں کے جراثیم ہمارے جسم سے الگ ہو جاتے ہیں اور ہم Infectious بیماریوں سے بچتے ہیں۔ ایک فلسفہ کے حساب سے ہمارے جسم میں Accupressure کے مقام ہوتے ہیں جو وضو کرنے سے Stimulate ہوتے ہیں اور ہمیں صحت مند بناتے ہیں۔ وضو کرتے وقت کلی کرنے کے دوران ہمارے منہ کے جراثیم دور ہوتے ہیں جس سے نزلہ زکام جیسی بیماریوں میں فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ ناک میں پانی ڈالنے سے ناک میں ہونے والے جراثیم اور الرجی پیدا کرنے والے جراثیم دور ہوتے ہیں۔ چہرہ دھونے سے چہرے پر نکھار یا نور آتا ہے مہاسے جھریاں اور داغ دھبے چہرے سے دور ہوتے ہیں۔

تکبیر نماز میں دونوں ہاتھوں کا کانوں تک اٹھانا اس لئے اہم ہے کہ اس عمل سے دونوں ہاتھوں، گردن اور شانوں کے پٹھوں (Muscles) کی ورزش ہوتی ہے۔ تحقیق کے مطابق دل کے مریضوں کے لیے یہ ورزش بے حد مفید ثابت ہوتی ہے جو نماز پڑھنے سے خود بخود ہو جاتی ہے۔ اس طرح کی ورزش عام حالات میں فالج کے خطرے سے بھی محفوظ رکھتی ہے۔

قیام نماز میں قیام انسانی جسم پر وہ اثر ڈالتا ہے جو کسی بھی ورزش کے بیچ میں Muscles کو آرام دینے کے لیے ضروری ہوتا ہے نماز کے درمیان میں قیام ہمارے جسم کو آرام دیتا ہے اور حرکت قلب کو Maintain کرتا ہے۔ نماز میں قیام کرنے سے دل کا بوجھ ہلکا ہو جاتا ہے کیونکہ انسان کے جسم کا وزن دونوں پاؤں پر یکساں پڑتا ہے۔

رکوع جب ہم رکوع کرتے ہیں تو ہماری Nerves کھنچتی ہیں جو بدن میں طاقت پیدا کرتی ہیں۔ اس سے کمر درد، گردن کا ورم اور ہاتھ پیر کے درد میں فائدہ ملتا ہے۔ رکوع کے دوران ہمارے پیٹ پر دباؤ بنتا ہے جو کھانا ہضم کرنے میں مدد کرتا اور قبض نہیں ہونے دیتا۔ رکوع کے عمل سے معدے اور آنتوں کی خرابیاں دور ہو جاتی ہیں رکوع کے دوران ہمارے گردے کی رگوں میں بھی خون کا دوران بڑھ جاتا ہے۔ جو گردے کی بیماریوں سے بچاتا ہے۔ رکوع سے گردوں میں پتھری بننے کا عمل بھی سست پڑ جاتا ہے اور رکوع کی وجہ سے پتھری جلدی نکل جاتی ہے۔ برابر نماز پڑھنے سے رکوع کے دوران ہماری Spinal Muscle کی ورزش ہوتی ہے اگر ہم برابر یہ ورزش نہ کریں تو کمر درد (Slipped) کی پریشانی ہو جاتی ہے تب مریض کو جھکنے سے منع کرنا پڑتا ہے اسکا مطلب اگر ہم برابر نماز پڑھتے رہیں تو یہ نوبت ہی نہیں آنے پائے گی۔

سجدے کے فوائد جب ہم سجدہ کرتے ہیں تو ہمارے خون کا

عابد بک سٹال امامیہ مسجد امامیہ کالونی لاہور 0331-4641575
عابد علی سکیل والے دربار بی بی پاکدامن لاہور

دوران ہمارے دماغ کی طرف بڑھ جاتا ہے جو ہماری یادداشت کو بہتر کرنے میں مدد کرتا ہے۔ سجدے میں کولہوں، کہنیوں، ٹخنوں اور گھٹنوں پر جھکاؤ ہوتا ہے جبکہ ٹانگوں اور رانوں کے پیچھے کے پٹھے اور کمر و پیٹ کے پٹھے کھنچے ہوئے ہوتے ہیں اور کندھے کے جوڑ کے پٹھے اس کو باہر کی طرف کھینچتے ہیں اسکے ساتھ ساتھ کلائی کے پیچھے کے عضلات بھی کھنچے ہوئے ہوتے ہیں۔ سجدہ کرنے سے Brain Hemorrhage دماغ میں نس کا پھٹنا اور سر درد (Migrain) جیسی بیماریاں دور ہوتی ہیں (دماغ کی صحت کے لیے EEG میں دماغ میں اٹھنے والی Activity کو دیکھا جاتا ہے سجدے کے دوران دماغ میں Alpha waves نمایاں ہو جاتی ہیں جو صحت مند دماغ کی نشانی ہے یہ سب کچھ دماغی سکون، خوشی اور اطمینان دکھاتا ہے) سجدہ کرنے سے ہماری ریڑھ کی ہڈی میں کھنچاؤ بنتا ہے جو اسکی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ سجدے میں ٹانگوں اور رانوں کے پیچھے عضلات، کمر اور پیٹ کے عضلات کھنچے ہوئے ہوتے ہیں یہ ایک اسکی بہترین ورزش ہے جو ریڑھ کی ہڈی کو مضبوط اور لچکدار بناتی ہے۔ سجدے کے دوران خون اور زمین کی کشش کا اضافی دباؤ ہاتھوں، پیشانی، چہرے، سینے اور دل کی طرف بڑھ جاتا ہے اور پھر چند سیکنڈ بعد سجدے سے سر اٹھاتے ہی نارمل ہو جاتا ہے۔ اسی طرح خون کی نالیوں کی مقررہ حرکات اور طاقتور پمپنگ سے رکوع کی قوت لچک بڑھ جاتی ہے۔

تشہد تشہد کی حالت میں گھٹنے اور کولہے پر جھکاؤ ہوتا ہے، ٹخنے اور پیر کے عضلات پیچھے کھنچے ہوئے ہوتے ہیں کمر اور گردن کے پٹھے کھنچے ہوئے ہوتے ہیں۔ یہ ایک اچھی کسرت ہے۔ آج میڈیکل سائنس نے کسرت کو تمام بیماریوں میں مددگار مانا ہے۔ جب ہم پانچ وقت کی نماز پڑھتے ہیں تو ہمارے جسم کی مکمل کسرت ہوتی ہے۔ نماز پڑھنے سے ہمارے جسم میں خوشی پیدا کرنے والے ہارمونس جیسے Serotonins بنتے ہیں جو ہماری جسمانی اور روحانی صحت کے لیے بہتر ہوتے ہیں۔

نماز اور روحانی صحت جیسا کہ جدید سائنس نے نماز کا انسانی دماغ Relaxation Effect ثابت کیا ہے دن میں پانچ مرتبہ نماز پڑھنا انسان کو روحانی طور پر صحت مند رکھتا ہے۔

نماز اور سماجی صحت اسلام میں جماعت کی نماز کا تصور سماجی صحت کا بہترین نمونہ عمل ہے یہ ہمیں معاشرے میں ہونے والے حالات اور دوسرے مومنین کی پریشانیوں کو سمجھنے اور دور کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔

جدید تحقیق اور نماز کے جسمانی فوائد

ملیشیا میں ہوئی ایک میڈیکل سائنٹسٹ ریسرچ نے نماز کا انسانی ذہن پر اثر EEG ریکارڈنگ کے ذریعے ثابت کیا ہے۔ EEG ذہن میں ہونے والی الگ الگ کیفیت کو Waves کی شکل میں ریکارڈ کرتا ہے۔ Alpha Waves کا Type انسان کے ذہنی سکون کو دکھاتا ہے۔ Alpha Waves جتنی زیادہ تعداد میں Brain میں ریکارڈ ہوتی ہیں ذہن اتنا سکون میں رہتا ہے۔ ملیشیا کے سائنٹسٹ نے اپنے تجربہ میں نماز کے دوران انسانی ذہن میں Alpha Waves کی زیادہ مقدار دکھائی ہے۔ International Medical Scientist نے بھی اس بات کو قبول کیا ہے۔

WHO کی ایک تازہ Study میں یہ ثابت کیا ہے کہ صبح جلدی سو کر اٹھنے والے لوگوں کی زندگی دیر تک سونے والوں سے لمبی اور بہتر ہوتی ہے اسلام نے صبح کی نماز کو واجب قرار دے کر ان کی بہتر صحت کا انتظام چودہ سو سال پہلے ہی کر دیا تھا۔

Chinees reflexology نے تلوے میں کچھ پریشر پوائنٹ ایسے ثابت کئے ہیں کہ اگر ان پر دن میں کئی مرتبہ تھوڑا تھوڑا پریشر ڈالا جائے تو انسان کئی بیماریوں سے دور رہ سکتا ہے۔ جب ہم تشہد میں بیٹھتے ہیں تو ہمارے انگی Spots پر پریشر آتا ہے جو صحت کے لیے مفید ثابت ہوتے ہیں۔ اس طرح ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ نماز ایک مکمل روحانی، جسمانی اور سماجی صحت کے لئے اللہ کا بندوں کے لیے بہترین تحفہ ہے (بشکریہ اصلاح لکھنو)

طریقہ نذر، نیاز معصومین علیہم السلام

جس چیز پر نذر دینی ہو اسکو قبلہ رخ رکھیں اور خود بھی قبلہ رو رہیں پہلے تین مرتبہ درود پڑھیں پھر ہاتھ اٹھا کر بہ خلوص نیت تین مرتبہ اول و آخر درود پاک پڑھیں اور پھر ایک مرتبہ سورۂ الحمد اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں اور جتنی بھی سورتیں پڑھنا چاہیں اور یہ کہیں جو کچھ تلاوت کیا ہے وہ آئمہ معصومین کی خدمت بابرکت میں ہدیۂ نذر ہوئے خصوصاً جن امام کی نذر دینی ہے انکا اسم گرامی لے۔

طریقہ فاتحہ عام مومنین اول و آخر تین مرتبہ درود، درمیان میں ایک مرتبہ سورۂ الحمد اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ پھر یوں کہیں کہ ان سورتوں کا ثواب آئمہ معصومین علیہم السلام کی خدمت میں ہدیہ ہو اور جو ثواب ملے وہ فلاں بن فلاں کی روح کو پہنچیں۔ آمین

اسامہ بک سٹال پی پی پارک داسن لاہور 0303-2277694
بابا اسحاق بک سٹال لاہور 0306-4452052

www.humaliwalayazadar.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا مجرب عمل

اکرام عباس کاظمی
کاظمی ہاؤس ٹی ٹاؤن شاہ اللہ دتہ اسلام آباد
0300-9491015

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اسم اعظم ہے اور اتنی نزدیک ہے جتنی آنکھ کی سفیدی آنکھ کی سیاہی کے نزدیک ہے حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں قرآن کا دل سورۂ یسین ہے اور سورہ یسین کا دل سلام قولا من رب رحیم ہے اور سلام قولا من رب رحیم کا دل سورۂ فاتحہ میں ہے اور سورۂ فاتحہ کا دل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا دل ب کے نقطے میں ہے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ب کا نقطہ میں علی ہوں اور میری حیثیت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے نقطہ ب میں موجود ہے۔ جو کچھ قرآن میں ہے وہ سورۂ فاتحہ میں ہے جو کچھ سورۂ فاتحہ میں ہے وہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں اور جو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے وہ بائے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے اور جو بائے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے وہ اسکے نیچے باء کے نقطے میں ہے حضرت امام علی علیہ السلام نے فرمایا وہ نقطہ میں ہوں۔ اگر میں اسکی تشریح کروں تو پتا نہیں کتنے ہزار صفحے کی کتاب تیار ہو امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں اگر کسی کام کے آغاز میں ہمارے شیعہ نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہنا ترک کیا تو اللہ تعالیٰ اسے کسی ناگوار عمل سے آزمائے گا۔ تفسیر انوار النجف میں ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اللہ تعالیٰ اسکے لیے جنت میں ستر ہزار محل یاقوت کے بناتا ہے اس لیے ہر کام کرنے سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنے کی تاکید کی ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم جہاں پڑھنے کا ثواب ہے وہاں بے شمار مسائل میں بھی فائدہ دیتی ہے۔ بے شمار عمل موجود ہیں جو کہ مجرب عمل ہیں آج کا عمل بھی مجرب ہے پیش کر رہا ہوں یہ ایسا عمل ہے جسکے بااثر ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں بس سچے دل اور کامل اعتقاد سے اس عمل کو جو بھی کرے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اللہ پاک کے کلام سے فیض یاب ہوگا واضح رہے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کلید اجواب مقاصد ہے اور اللہ تعالیٰ حق سبحانہ اس عمل کے اثر کو زائل نہیں فرماتا یہ عمل 19 دن کا ہے کیونکہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے حروف کی تعداد (19) ہے ہر جائز مقصد اور حل نہ ہونے والی کسی بھی مشکل کے لیے عمل کیا جاسکتا ہے عروج ماہ میں کسی بھی دن عمل شروع کیا جاسکتا ہے کوئی بھی فرصت کا وقت مقرر کرلیں مگر جو وقت پہلے دن مقرر کریں اس میں تبدیلی نہیں ہونی چاہیے اور نہ ہی عمل کی جگہ تبدیل ہو یعنی وقت اور جگہ دونوں کی پابندی کے ساتھ عمل شروع کرنے سے پہلے غسل کرلیں پاک صاف جگہ اور لباس ضروری ہے دوران عمل 19 دن تک کچا پیاز اور لہسن کچا کھانا منع ہوگا۔ جس مقصد حاجت اور مشکل کے لیے عمل کریں گے ان شاء اللہ کامیابی ہوگی اگر دوران عمل کامیابی ہو بھی جائے تو عمل مکمل کرنا ہوگا۔ عمل سے پہلے 3 مرتبہ درود پاک اور پہلے دن 786 مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنا ہے اور روزانہ 786 میں ایک کا اضافہ کرتے جانا ہے کیونکہ عمل 19 دن کا ہے تو آخری دن تعداد 805 تک ہو جائے گی روزانہ عمل پڑھنے کے بعد اپنے مقصد کی دعا مانگیں جب دعا مانگیں تو انتہائی عاجزی سے اگر آپ کے دل میں سوز آنکھوں میں حقیقی طلب کے آنسو ہوں گے تو قدرت کاملہ کی طرف سے آپ کا مقصد حل ہونے میں ذرا دیر نہ ہوگی عمل شروع کرنے سے پہلے 2 رکعت نماز حاجت پڑھنی ہے یہ نماز صرف پہلے دن پڑھنی ہے روزانہ نہیں پڑھنی۔ نماز صبح کی نماز کی طرح ہی پڑھنی ہے۔ جب عمل ختم ہو تو خدا سے دعا مانگیں۔ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام فرماتے ہیں جب کوئی حاجت درپیش ہو تو خدا سے اس طرح دعا مانگیں۔ اے اللہ! تجھ کو محمدؐ و علیؑ کا واسطہ تیرے نزدیک ان حضرات کی جو قدر و منزلت ہے اسی قدر و منزلت اور شان و عظمت کے ذریعہ میری حاجت کو پورا فرما ایسا کہنے سے اللہ تعالیٰ بندے کی دعا قبول فرماتا ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا دائرہ بنا کر پاس رکھ سکتے ہیں کسی بھی حاجت کے لیے دائرہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا نقش بنا کر اس نقش کو بازو پر باندھ لیں ہر کام میں فتح یابی ہوگی ہر قسم کی پریشانی کا خاتمہ ہوگا روزگار کے ذرائع ملیں گے۔ ان شاء اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یہاں پر اپنا مقصد تحریر کریں

ظفر عباس بک سٹال راہوالی کینٹ گوجرانوالہ 0300-6413278
محسن بک سنٹر PAF مارکیٹ لاہور کینٹ

www.humaliwalayazadar.com

قرآن پاک اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (یٰسین)

نازش رضا ایڈووکیٹ
0345-2995094

مومنین کرام السلام علیکم ! بانیان و کارکنان امامیہ جنتری میرے اور اپنے متعلقین کی صحت و سلامتی و مغفرت کے لیے اس مضمون کو پڑھنے کے لیے درود بر محمدؐ و آل محمدؐ پڑھ لیں۔ ہم سب جانتے ہیں کہ قرآن پاک اسلام کے تمام احکامات اصول و قواعد کا حامل ہے کوئی قاعدہ، کوئی اصول، اللہ کا حکم، کوئی علم، کوئی بھی فلاح کی بات غرض کچھ بھی قرآن سے باہر نہیں ہے یہ 30 سپارے، 114 سورتیں، 6666 آیات، کائنات کا اہم ترین کلام ہے کائنات کے تمام انسان و جنات مل کر اس جیسی ایک آیت نہیں بنا سکتے یہ قرآن پاک وہ کلام ہے جس میں ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کو بھیجنے کا مقصد اور اُن کی کاوشیں اور اُن کی زندگی شامل ہے اس مقصد تخلیق میں کل مخلوقات پوشیدہ ہے اس قرآن میں اسمائے اعظم بھی ہیں قیامت تک سامنے آنے والے علوم، واقعات، حادثات، حالات، واقعات ہر سوال کا جواب ہر مشکل کا حل ہر مرض کا علاج غرض پورا دین اسلام اس میں پوشیدہ ہے اور اللہ تعالیٰ بقدر گنجائش انسان کو اس کا علم عطا فرماتا ہے۔ قرآن پاک ایسی مقدس کتاب ہے جس کی آیات محکم بھی ہیں متشابہات بھی، اُن کے ظاہری معنی بھی ہیں اور باطنی معنی بھی ہیں۔ باطنی معنی کی تشریح صرف وہی کر سکتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے کلام کے لیے اللہ کی طرف سے متعین ہوتے ہیں یعنی جو معصوم ہیں یعنی جنہوں نے مہد سے لحد تک کبھی بھی کوئی گناہ یا معمولی سی غلطی بھی نہ کی ہو۔ اگر تشریح کرنے والا معصوم نہیں ہوگا تو اپنی من پسند تشریح کرے گا اور فرقے بنتے چلے جائیں گے جیسا کہ تاریخ گواہ ہے جتنے بھی فرقے بن چکے یا بنیں گے سب کا قرآن یہی ایک ہے۔ الغرض یہ قرآن ہی مکمل اسلام ہے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجسم اسلام ہیں قرآن مکمل تحریری اسلام ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکمل عملی اسلام ہیں۔ مومنین کرام آپ سب جانتے کہ سورۂ یٰسین قرآن کا دل ہے قرآن پاک مکمل اسلام اور مکمل اسلام کا دل یٰسین ! (یہ سب جانتے ہیں کہ جسم کے لیے دل کی اہمیت کیا ہے) یٰسین تمام مخلوقات میں افضل ترین ہے یہ نام گرامی اللہ تعالیٰ کا کو اتنا پسند ہے کہ اپنے محبوب کو یٰسین یعنی اے سین کہہ کر مخاطب کیا سین بھی کیا نام ہے سبحان اللہ۔ اللہ کے نام کے قمری اعداد 66=6+6=12=1+2=3 = اللہ کے نام کا عدد بھی 3 اور سین نام بھی ایسا رکھا ہے = س + ی + ن = 60+10+50=120=1+2=3 سین کا عدد بھی 3 ہے سین میں حروف بھی 3 ہیں اللہ کے عدد بھی 3 ہیں۔ اگر یٰسین پر غور کریں تو ی ا س ی ن۔ حروف بھی 5 ہیں۔ یٰسین کے عدد ملاحظہ فرمائیں 10+1+60+10+50=131=1+3+1=5 یٰسین کے عدد بھی 5 ہیں۔

❁ سورۂ یٰسین جس جائز مقصد کے لیے 3 مرتبہ روزانہ پڑھی جائے مقصد حاصل ہوگا ❁ مریض کو دم کر کے پلائیں شفا ہوگی ❁ حصول ثواب کے لیے پڑھی جائے تو 12 قرآن پاک اور بعض روایات میں 22 قرآن کا ثواب حاصل ہوگا ❁ قبرستان میں پڑھی جائے تو قبروں میں عذاب کم ہوگا
❁ مرحومین کو ایصال کیا جائے تو ان کے اعمال میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا ❁ کسی کو بدکرداری، بدزبانی سے روکنے کے لیے دم کر کے پلائیں۔
❁ مریض کے پاس بیٹھ کر پڑھی جائے تو صحت ہوگی یا موت کی سختیاں نہ ہونگیں۔

گمشدہ چیزوں کی تلاش

اکثر چیزوں کے گم ہو جانے سے لوگوں کو بہت پریشانی ہوتی ہے۔ پس جس کو اس قسم کی پریشانی دوپہر سے پہلے پیش آئے وہ تین مرتبہ درج ذیل دعا پڑھ کر دستک دے یعنی تین مرتبہ ایک ہتھیلی دوسری ہتھیلی پر مارے پھر تلاش کرے ان شاء اللہ وہ شے مل جائے گی۔ اگر دوپہر کے بعد پریشانی پیش آئے تو اسی ترکیب سے دوسری دعا تین مرتبہ پڑھے اور دستک دے کر تلاش کرے۔

قبل دوپہر کی دعا	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ
بعد دوپہر کی دعا	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ

اسلامک بک سنٹر C-362 گلی 12، G-6/2 اسلام آباد فون: 051-2870105 محمد علی بک ایجنسی جامع امام صادقؑ G-9/2 اسلام آباد 0333-5234311

www.humaliwalayazadar.com

عمل حاجت روائی نادِ علیؑ

تحریر
راجا اعجاز حسین (کراچی)
0345-2887962
0321-2542434

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم، قارئین کی خدمت میں اس بار نادِ علیؑ کا مجرب عمل پیش کر رہا ہوں جس میں مشکلات کا حل موجود ہے۔ خصوصاً یہ عمل حصول رزق کے لئے لاجواب ہے اور برسہا برس سے میرے مجربات سے ہے۔ نادِ علیؑ کے فضائل سے ہر مومن آگاہ ہے۔ اگر نادِ علیؑ کے فضائل لکھیں تو جنتری کے صفحات کم پڑ جائیں گے۔ اگر نیت جائز شرعی حاجت کی ہو تو انسان اس عمل کے کرنے سے کبھی اپنے مقصد میں ناکام نہیں ہوا ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس مبارک عمل کے صدقے ہر مومن، مومنہ کی مشکلات حل کرے۔ آمین

نادِ علی صغیر

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ. كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِي

نمبر1 نادِ علیؑ کو بسط حروف کریں۔

ن۔ا۔د۔ع۔ل۔ی۔ا۔م۔ظ۔ہ۔ر۔ا۔ل۔ع۔ج۔ا۔ب۔ت
ج۔د۔ہ۔ع۔و۔ن۔ا۔ل۔ک۔ف۔ی۔ا۔ل۔ن۔و۔ا۔ب۔
ک۔ل۔ہ۔م۔و۔غ۔م۔س۔ی۔ن۔ج۔ل۔ی۔ب۔ع۔
ظ۔م۔ت۔ک۔ی۔ا۔ا۔ل۔ل۔ہ۔ب۔ن۔ب۔و۔ت۔ک
ی۔ا۔م۔ح۔م۔د۔ب۔و۔ل۔ا۔ی۔ت۔ک۔ی۔ا۔ع۔ل۔
ی۔ی۔ا۔ع۔ل۔ی۔ی۔ا۔ع۔ل۔ی۔

نمبر۲: اب ان حروف کو تخلیص کریں یعنی جو حروف دو بار یا سہ مرتبہ آئے ان کو کاٹ دیں جو حروف تخلیص کے بعد برآمد ہوئے وہ یہ ہیں۔

ن۔ا۔د۔ع۔ل۔ی۔م۔ظ۔ہ۔ر۔ج۔ب۔ت۔و۔ک۔ف۔
غ۔س۔ح۔

جو حروف برآمد ہوئے 19 ہیں، اسی طرح بسم اللہ الرحمن الرحیم کے بھی 19 حروف ہیں۔

نمبر۳: اب ان حروف سے عمل تیار ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ سے ہر حروف کے اسم اعظم لیں۔

ن سے نافعُ، ا سے اللہُ، د سے دیانُ، ع سے علیُ، ل سے لطیفُ، ی سے یسیرُ، م سے مبینُ، ظ سے ظاہرُ، ہ سے ہادیُ، ر سے رحیمُ، ج سے جلیلُ، ب سے باسطُ، ت سے توابُ، و سے واسعُ، ک سے کریمُ، ف سے فتاحُ، غ سے غفورُ، س سے سلامُ، ح سے حبیبُ۔

عروج ماہ میں اتوار کے روز ساعت مشتری میں زعفران کی روشنائی سے نقش لکھیں یا پھر چاندی کے پترے پر کندہ کرلیں جو شخص خود تیار نہ کر سکے وہ کسی صاحب علم و مومن یا مومنہ سے تیار کروالے۔ نقش یا لوح کو اپنے سامنے رکھ کر بتائے ہوئے طریقے کے مطابق مسلسل 19 یوم ورد کر کے لوح پر دم کریں۔ نقش کے نیچے اپنا نام بمعہ والدہ اور مقصد ضرور لکھیں۔ آپ جس مقصد کے لئے بھی عمل کریں گے۔ ان شاء اللہ 19 یوم میں آپ کا مقصد پورا ہو جائے گا۔

اعداد نادِ علیؑ 6427 - 30 = 6397 / 4 = 1599 باقی 1 بچا کسر خانہ 13 میں 1 کا اضافہ ہوگا۔

نمبر	ورد	تعداد ورد
1	بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا نافعُ بحق نادِ علی صغیر (پوری ورد کرنی ہے)	84 بار
2	بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا اللہُ بحق نادِ علی صغیر (پوری ورد کرنی ہے)	66 بار
3	بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا دیانُ بحق نادِ علی صغیر (پوری ورد کرنی ہے)	65 بار
4	بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا علیُ بحق نادِ علی صغیر (پوری ورد کرنی ہے)	110 بار
5	بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا لطیفُ بحق نادِ علی صغیر (پوری ورد کرنی ہے)	129 بار
6	بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا یسیرُ بحق نادِ علی صغیر (پوری ورد کرنی ہے)	100 بار
7	بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا مبینُ بحق نادِ علی صغیر (پوری ورد کرنی ہے)	102 بار
8	بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا ظاہرُ بحق نادِ علی صغیر (پوری ورد کرنی ہے)	98 بار
9	بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا ہادیُ بحق نادِ علی صغیر (پوری ورد کرنی ہے)	56 بار
10	بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا رحیمُ حق نادِ علی صغیر (پوری ورد کرنی ہے)	96 بار
11	بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا جلیلُ بحق نادِ علی صغیر (پوری ورد کرنی ہے)	73 بار

شمع بک ایجنسی کشمیری بازار راولپنڈی 0333-5156329
اشرف بک ایجنسی کمیٹی چوک اقبال روڈ راولپنڈی فون: 051-5531610

www.humaliwalayazadar.com

حفاظت کے لیے عمل

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

زیب النساء خواجہ۔ مغل حویلی موچی گیٹ لاہور

محترم قارئین کرام السلام علیکم۔ تحفہ یا علی مدد۔

سب سے پہلے آغا افتخار حسین صاحب کی بے حد ممنون ہوں جنکی حوصلہ افزائی میرے لیے یہ مضمون آپکی خدمت میں پیش کرنے کا سبب بنی۔ اللہ تعالیٰ انکی توفیقات خیر میں اضافہ فرمائے اور وہ اسی طرح تعلیمات محمدؐ و آل محمدؐ کو عام کرنے میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں۔ آمین!

آج میں آپکی خدمت میں حفاظت کا ایک مختصر سا عمل پیش کر رہی ہوں امید ہے کہ تمام مومنین و مومنات اس سے مستفید ہوں گے۔ ان شاء اللہ سید ابن طاؤس نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو شخص ایسی حالت میں صبح کرے کہ اس کی دائیں ہاتھ میں عقیق کی انگوٹھی ہو تو وہ کسی اور چیز کی طرف نظر کرنے سے پہلے انگوٹھی کے نگینے کو ہتھیلی کی طرف پھیرے اور اس پر نگاہ رکھ کر سورۂ قدر کو پڑھے اور اسکے بعد کہے

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ كَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَاٰمَنْتُ بِسِرِّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ عَلَانِيَتِهِمْ وَظَاهِرِهِمْ وَبَاطِنِهِمْ وَاَوَّلِهِمْ وَاٰخِرِهِمْ

ترجمہ میں ایمان رکھتا ہوں اللہ پر جو یکتا ہے اسکا کوئی شریک نہیں اور انکار کرتا ہوں بت اور طاغوت کا۔ اور ایمان رکھتا ہوں محمدؐ و آل محمدؐ کے نہاں و عیاں پر اور انکے ظاہر و باطن پر اور انکے اول و آخر پر۔

تیرے لیے ان سے اللہ کافی ہے اور وہی سننے جاننے والا ہے میرے رب میں مغلوب ہوں تو مدد فرما

وَاَنْتَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ — تو سب مدد گاروں سے بہتر ہے

www.humaliwalayazadar.com

www.humaliwalayazadar.com

مستحصلہ امتزاج الحروف

تحریر و تحقیق
ایم غلام عباس اعوان
0333-6801653
0300-6011925

ہر انسان کی زندگی حالات کے نشیب و فراز سے جڑی ہوئی ہے۔ وقت کے سعد و نحس ادوار زیست انسانی کا حصہ ہیں کبھی ہم تھوڑی سی کاوش اور محنت سے کامیاب و کامران ہوتے ہیں تو کبھی انتھک محنت اور سعی کے باوجود ناکامیوں اور محرومیوں کا شکار ہوتے ہیں پھر طبع متجسس ہوتی ہے کہ آخر ان پریشانیوں کا سبب کیا ہے؟ اور حل کیا ہے؟ جب حواس ظاہرہ سے ان امورات کا احاطہ نہیں کر پاتے تو شدت سے ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ کسی روحانی علم کی کہ جس سے ہم اپنے مصائب و آلام کی باطنی وجوہات تلاش کر کے ان کا سد باب کر سکیں جملہ روحانی علوم میں علم جفر ایک ایسا جامع اور مکمل علم ہے۔ جس کا شعبہ اخبار تخیص میں معاون ہوتا ہے جبکہ شعبہ آثار سے ہم ان باطنی رکاوٹوں کی وجوہات کو دور کرنے میں مدد لے سکتے ہیں۔

آپ احباب کی اس ضرورت کے پیش نظر ہر سال امامیہ جنتری کی وساطت سے علم جفر کا انتہائی سلیس اور زود فہم قاعدہ بیان کیا جاتا ہے میں پورے وثوق سے لکھ رہا ہوں کہ آج جو قاعدہ مستحصلہ بیان کیا جا رہا ہے اس سے آپ از خود اپنی پریشانی کا نہ صرف سبب تلاش کر سکیں گے بلکہ اس سبب کو دور کرنے کا عمل حل بھی نکال سکیں گے۔ انشاء اللہ قاعدہ کی افادیت اور اہمیت کو واضح کرنے کے لیے ایک ہی سائل کے دو سوالات کی امثلہ پیش کر رہا ہوں کیونکہ ہمارا مقصود آپ کو قاعدہ سمجھانا ہے۔

تشریح قاعدہ

- سوال عمدہ پیرائے میں بندش کر لیں۔
- سوال کے ہر لفظ کو الگ الگ لکھ لیں۔ اور ہر لفظ کا پہلا اور آخری حرف الگ لکھتے جائیں جیسے غلام عباس کے دو لفظ ہوئے غلام کا پہلا حرف غ اور آخری حرف م ہوا عباس کا پہلا حرف ع اور آخری حرف س ہوا۔
- یہ جوئی حروف کی سطر بنی ہے۔ اسکو دو برابر حصوں میں کر لیں آخری حصہ پہلے حصہ کے نیچے لکھ کر امتزاج دیں یعنی اوپر والا حرف پھر نیچے والا حرف اسی طرح اگلا اوپر والا حرف اور نیچے والا حرف ......
- یہ سطر امتزاج جوابیہ سطر ہے۔ اس میں تقریباً 80 فیصد حروف خود ناطق ہوں گے۔ بقیہ ۴ یا ۵ حروف کو نظیرہ و ہم رتبہ سے تبادلہ دینے پر نہایت مفصل اور مربوط جواب بن جاتا ہے۔

(نظیرہ ابجد قمری میں ہر حرف سے اگلا پندرھواں حرف نظیرہ کہلاتا ہے)

جدول ہم رتبہ یہ ہے

اعداد مفردہ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
ہم رتبہ حروف	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط
	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص
	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ
	غ								

مثال نمبر 1: یا علیم ☆: محمد عظیم بن فریحہ کی پریشانیوں کا اصل سبب کیا ہے؟۔

الگ الگ الفاظ: محمد عظیم بن فریحہ کی
پریشانیوں کا اصل سبب کیا ہے

شروع اور آخر کا حرف م د ع م ب ن ف ہ ک ی
پ ں ک ا ا ل س ب ک ا ہ ی

آخری نصف حصہ م د ع م ب ن ف ہ ک ی پ
شروع میں لکھا ں ک ا ا ل س ب ک ا ہ ی

سطر امتزاج م ں د ک ع ا م ا ب ل ن س ف
ب ہ ک ک ا ی ہ پ ی

نظیرہ ہم رتبہ م ن ت د ع ا م ا ب ل ن
س ف ب ق ک ک ا ی ہ

منتر عامل بنا سب قق کیا کہہ
یعنی کسی منتر کے عامل نے سب معاملات کو (قق) باندھ رکھا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

(پوری سطر جواب میں صرف تین حروف کو امدادی حروف سے بدلا گیا)

مثال نمبر 2: یا علیم ☆ منتر کے عامل کی بندش محمد عظیم بن فریحہ کی کیسے ختم ہو؟

الگ الگ الفاظ منتر کے عامل کی بندش محمد عظیم
بن فریحہ کی کیسے ختم ہو

ذاکر حسین جہانگیر نیوز پیپر ایجنٹ منورجہ ضلع خیر پور
مرتضیٰ ابرو نیوز پیپر ایجنٹ لکھی گیٹ شکار پور سندھ

www.humaliwalayazadar.com

شروع اور آخر کا م ر ک ی ع ل ک ی ب ش م د

ع م ب ن ف ھ ک ی ک ی خ م ھ و

حرف م ب ن ف ھ ک ی ک ی خ م ھ و

سطر امتزاج م م ر ب ک ن ی ف ع ھ ل ک

ک ی ی ک ب ی ش خ م م د ھ ع و

نظیرہ ہم رتبہ م م ر ب ک ن ی ف ع

ھ ل ک ر ی ی ک ب ی ش ی م م ت ھ ب ر

رب ممکن یہ فعل کرے بیشک عمیت پڑھ

یعنی با شب اگر اسم الٰہی یا عمیت کا ورد کرے تو اللہ کریم سب کچھ ممکن فرما دیں گے۔ (انشاء اللہ)

ادارے کی فرمائش پر چند جفری پیش گوئیاں پیش خدمت ہیں۔

یا علیم ☆ کیا ہندوستان پاکستان پر کبھی ایٹمی حملہ کرے گا؟

ک ا ھ ن ب ن ب ر ک ی ا ی ح ھ ک ی ک ا

ی ا ی خ ھ ک ی ک ا

ک ی ا ل ھ ی ن خ ا ی ن ک ب ی ر ک ک ا

ک ی س ا ق ی ھ ی پ ی ن گ

یک قیاس ہے بے کن بیکار

یعنی یہ خیال (قیاس) بے بنیاد اور بیکار ہے۔ وہ ایسا نہیں کرے گا۔ (واللہ اعلم)

یا علیم ☆ کیا ملک پاکستان آبی ذخائر میں خود کفیل ہو گا؟

ک ا م ک پ ن ا ی ذ ر م ن

خ د ک ل ھ و ھ و ک ا

م ن خ و ک ل ھ و ک ا

ک م ا ن م خ ک د ب ک ن ل ا ھ ی و ذ ک را

ک م آ ن م ی ا ر د ب گ ن ل ا ھ ی و ذ ک را

ھ خ ر ذ ک ر ی

ممکن آ بدیر گن لا ذخیرہ کر

یعنی ایسا ممکن ہے تھوڑی دیر سے ذخیرہ کی خوبی (گن) لا سکے گا۔ (واللہ اعلم)

یا علیم ☆ کیا کبھی مقبوضہ کشمیر ہندوستان کے چنگل سے آزاد ہو گا؟

کیا کبھی مقبوضہ کشمیر ہندوستان کے چنگل سے آزاد ہو گا؟

شروع و آخر کا حرف ک ا ک ی م ھ ک ر ھ ن ک

ی ج ل س ی ا ھ و ک ا ی ج ل س

ی ا د ھ و ک ا

سطر امتزاج ک ی ا ج ک ل ی س م ی ھ ا ک د ر ھ

ھ و ن ک ک ا

ک ی ا ف ل ا س م ی ا ن آ ک د و ھ ھ و ن

گ ک ا

کافی سال میں دکھ آؤ ہوگا گن

یعنی کافی سال تک اہل کشمیر کو دکھ اٹھانا پڑیں گے بالآخر (گن) خوبی یا آزادی حاصل ہوگی۔ (ان شاء اللہ)

یا علیم ☆ دو ہزار اٹھارہ عیسوی کے الیکشن میں کونسی سیاسی پارٹی اقتدار میں آئے گی؟

دو ھ را ھ ع ی ک ی ا ن م ن ک ی س ی پ ی

ا ر م ن ا ی ک ی

سطر اول حصہ: د و ھ را ھ ع ی ک ی ا ن م ن

سطر کا حصہ دوئم ک ی س ی پ ی ا ر م ن ا ی ک ی

سطر امتزاج د ک و ی ھ س ر ی ا ب ھ ی ع ا ی ر ک م ی ن ا ا ن ی م ک ن ی

کبھ دو سیراب ہے عمران کی امکان یہ (واللہ اعلم بالصواب)

سوال حل کرنے کی تاریخ 30-06-2018 ہے۔

ضروری گزارش کسی بھی قسم کا ذاتی نوعیت کا سوال بذریعہ علم جفر ہم سے معلوم کرانا چاہیں تو -/100 روپے فی سوال فیس ادا کر کے جواب لے سکتے ہیں۔ دفتر کا ایڈریس یہ ہے۔ سب آفس ہفت روزہ ایکشن عبداللہ خالد پلازہ غلہ منڈی جوہر آباد ضلع خوشاب (دفتری اوقات 10 تا 4 بجے علاوہ جمعہ و اتوار) 0333-6801653,0300-6011925

آفتاب جعفر مع فیوض جفر (شعبہ آثار) مصنف ایم غلام عباس اعوان۔ ناشر افتخار بک ڈپو اسلام پورہ لاہور

مہران نیوز ایجنسی یوسف چیمبر حیدر آباد 022-2780128

اسد بک ڈپو قدم گاہ مولا علی حیدر آباد 0312-4909110

امیر حیدر
0301-6762979
0333-6821579

اسراری فتح نامہ باموکل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ (القرآن)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ہم نے انسان کو بہترین تقویم (اندازہ) میں پیدا فرمایا۔ مگر اس جہان میں انسان کو دکھ (زیادہ) اور سکھ کم ہیں۔ یہ دکھ، تکلیف اور پریشانیاں انسان کی اپنی کوتاہیوں کی وجہ سے ہیں۔ دکھوں کے مداوا کے لیے بھی خالق کائنات رب رحمٰن و رحیم نے راہ دکھادی کہ فِیْہِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ یعنی قرآن مقدس میں ہر دکھ درد کی شفاء ہے مگر انسانوں نے کتاب حق سے غفلت کی تو دکھوں کا اسیر ہو گیا۔

ہر کام میں کامیابی اور فتح یابی کے لیے قرآن مجید میں متعدد آیات فتح مرقوم ہیں جن میں 3 آیات بہت مشہور ہیں۔

☆ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ سورہ صف نمبر 61 پارہ 28 آیت 12

☆ اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا پارہ 26 سورہ فتح آیت 1

☆ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پارہ 27 سورہ القمر آیت 9

☆ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ (مشہور عام دعا)

2002ء سے 2017ء (16 سال) تک ناچیز کو اپنے بزرگوار استاد نانا قبلہ آغا حسنین احمد صاحب استاد العالمین بہاولپور سے علم الاعداد، نجوم، استخارہ، شرف سیارگان کی تربیت حاصل کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ میں اپنے استاد محترم آغا حسنین احمد صاحب قبلہ کی اجازت سے ایسا عمل قارئین کی نذر کرنے کی سعادت کا متمنی ہوں جو تیر بہدف ہے جس سے جملہ مقاصد 40 یوم میں حاصل ہونے کی گارنٹی ہے۔

ترکیب تیاری اسراری لوح فتح نامہ باموکل برائے ہر کام میں کامیابی، تکمیل ہر خواہش، ناموری، فتحیابی، تسخیر خلق، روزگار ترقی،

☆ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ کے حروف 17 اعداد 1302

☆ اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا کے حروف 19 اعداد 1233

☆ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ کے حروف 14 اعداد 1960

☆ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ کے حروف 21 اعداد 1315 تینوں آیات اور دعا کے نقطے = 36

حروف اور نقطوں کا میزان = 17+19+14+21+36=107

آیات اور دعا کے اعداد = 1302+1233+1960+1315 = میزان 5810 + حروف + نقطے 107، میزان 5917 سے آئیل کے 41 عدد تفریق کریں باقی 5876

ان اعداد کو حروف پر منطبق کیا تو = وعض غ غ غ غ غ غ ائیل یہ اس لوح کا موکل ہے اس کو لوح کے اوپر لکھیں۔

کل میزان 5917 تفریق 30 = 5876 ÷ 4 = حاصل تقسیم 1471 باقی 3 بچا نقش چال مربع بادی کے خانہ نمبر 5 میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا مربع (4×4) ساعات قمر میں لکھیں سونا پالش کرائیں۔ ڈوری ڈال کر کمرہ میں لٹکائیں کہ ہوا سے ہلتی رہے۔ کمرہ میں نہ لگا سکیں تو الماری کے اندر لگائیں یا اپنے پرس میں رکھیں۔ پرس کا کلر باہر سے سیاہ نہ ہو۔ مضمون کی کوئی جزو سمجھ نہ آئے تو فون پر معلوم کریں۔

جو کرم فرما تیار نہ کر سکیں وہ مکمل اسراری لوح فتحنامہ باموکل ورد شدہ، صدقہ ادا شدہ، سونا پالش کا ہدیہ 1000 روپے منی آڈر یا ایزی پیسہ بھجوا کر حاصل کریں۔ والدہ کا نام ضرور لکھیں۔

چال مربع بادی

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

۱۳۸۲	۱۳۷۹	۱۳۷۱	۱۳۸۵
۱۳۷۲	۱۳۷۴	۱۳۸۳	۱۳۷۸
۱۳۸۷	۱۳۷۳	۱۳۷۷	۱۳۸۰
۱۳۷۶	۱۳۸۱	۱۳۸۶	۱۳۷۴

امیر حیدر عقب امام بارگاہ جاگیر علی اکبر جاوید کالونی بہاولپور اوقات صبح 9 بجے تا عشاء 9 بجے اتوار کو دفتر کھلا ہوتا ہے۔

www.humaliwalayazadar.com

مسز سیدہ نگینہ زہرا انجم زیدی ایرانی
0336-9272110
0345-2350714

مجرب نقش برائے دفعِ بندشِ شادی

رب کریم کی بارگاہ میں التماس ہے کہ وہ ذات رحمن ورحیم بانیٔ امامیہ جنتری محترم آغا نثار احمد صاحب مرحوم ومغفور کے درجات بلند فرمائے۔ محترم آغا افتخار حسین صاحب ان کے افراد خانہ اور امامیہ جنتری کے دیگر تمام معاونین کو صحت اور شفا عطا فرمائے۔ ان کی توفیقات خیر میں اضافہ فرمائے اور بصدقۂ محمد وآل محمد ان کو اپنی حفظ وامان میں رکھے، آمین ثمہ آمین۔

محترم قارئین امامیہ جنتری تسلیمات! امامیہ جنتری میں میرے شائع شدہ مختلف مضامین کے حوالے سے امامیہ جنتری کی خواتین (مستورات) قارئین جس کثیر تعداد میں اپنے مسائل کے روحانی حل کے سلسلے میں مجھ حقیر سے رابطہ کر کے میری عزت افزائی کر رہی ہیں، اس سے مجھے حوصلہ ملا کہ میں امامیہ جنتری کی خواتین قارئین کی خدمت کے اس روحانی سلسلے کو جاری رکھوں۔ میری یہ کاوش صرف اور صرف امامیہ جنتری کی خواتین قارئین کے لئے ہے۔ اس لئے گزارش ہے کہ مرد حضرات رابطہ کرنے کی زحمت نہ کریں۔

بندش شادی اکثر لڑکیوں کا خوب سیرت وخوبصورت ہونے کے باوجود رشتہ نہیں آتا۔ بعض لڑکیاں سلیقہ مند اور پڑھی لکھی، نوکری بھی کر رہی ہوتی ہیں۔ اپنے والدین کا پورا گھر سنبھالی ہوئی ہوتی ہیں۔ کبھی کوئی رشتے کا پیغام آتا ہے تو کسی نہ کسی وجہ سے بات آگے نہیں بڑھ پاتی ہے۔ لڑکے والے کوئی خاص وجہ بتائے بغیر بات ختم کر دیتے ہیں۔ کچھ لڑکیوں کی اچھی جگہ منگنی طے ہوئی ہو، کچھ غلط فہمی یا بغیر وجہ کے ٹوٹ جاتی ہے۔ جب بھی ایسی صورت پیدا ہوتی ہے تو والدین کے لئے بڑی پریشانی کا سبب بنتی ہے۔ یہ علامت سحر/جادو کی شدید ترین علامت ہوتی ہے۔

سحر کی وجہ سے بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ کچھ کنواری لڑکیوں کے لئے رشتے کے پیغام آتے ہیں مگر بات آگے نہیں بڑھ پاتی۔ بعض لڑکیوں کی بندش کر دی جاتی ہے جس کی وجہ سے کہیں سے کوئی رشتہ نہیں آتا۔ کچھ ایسے رشتہ دار حسد اور دشمنی کی وجہ سے کنواری لڑکیوں کی شادی کی بندش کر دیتے ہیں۔ بہت سی لڑکیوں کی اسی فکر میں شادی کی عمر نکلتی جاتی ہے۔ والدین بھی بیٹی کی فکر میں بیمار رہتے ہیں۔

لڑکیوں میں جادو کی چند علامات (1) رشتے نہ آنا۔ (2) ہمیشہ سر درد رہنا، کسی علاج سے فائدہ نہ ہونا۔ (3) سوتے وقت گھبراہٹ۔ (4) سینے میں گھٹن اور سانس میں مسئلہ رہتا ہے۔ (5) خاص کر معدے میں درد بھی رہے گا۔ (6) کمر کی نچلی طرف شدید درد رہنا۔ (7) شادی سے اکتاہٹ رہتی ہے۔ (8) پریشان، چپ چپ اور تنہائی میں رہنا، سب سے الگ تھلگ رہنا۔ (9) منگنی کا اٹکے رہنا، بات آگے نہ بڑھنا۔ (10) نکاح ہو جانا مگر رخصتی کا اٹکے رہنا۔ (11) ڈراؤنے خواب آنا۔ (12) رشتہ طلب کرنے والی فیملی میں بہت سے نقائص کا نظر آنا۔ (13) نیند کے دوران بہت زیادہ گھبراہٹ محسوس ہوگی۔ (14) بغیر وجہ کے پریشان خیالی، ذہن میں منتشر خیالات کا آنا۔ (15) دل میں کثرت سے وسوسے پیدا ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ (16) چڑچڑا پن طبیعت میں زیادہ ہو جاتا ہے وغیرہ۔ الحمد اللہ ان تمام مسائل کا حل قرآن وسنت میں موجود ہے۔ مناسب رہنمائی سے ان سے چھٹکارا حاصل کیا جا سکتا ہے۔

درج ذیل سورۂ حج کی آیات اور دعا مشک وزعفران سے لکھ کر لڑکی کے گلے میں ڈالی جائے۔ ان شاء اللہ اس آیت کی برکت سے ہر قسم کی رکاوٹیں دور ہو جائیں گی

وَأَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَىٰ كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ۝ لِيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ ۝ لیتعلّق بعلاً صالحًا یا نفس اپنا، اپنی والدہ کا نام یحق ملذھن الاسما، وصل اللہ علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ آلہ وسلم

نقش سورۃ القصص ۳۹۹۲۸۹

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شفقیائیل — جبرائیل — شمکائیل

۱۳۳۷	۵۹۳۵	۹۹	۳۹۰۲۲۳	۱۵۵۹
۳۹۰۲۷۱	۱۵۷۱	۱۳۳۵	۵۹۳۳	۹۹
۵۹۳۱	۹۷	۳۹۰۲۶۷	۱۵۵۹	۱۳۳۸
۱۵۶۳	۱۳۳۱	۵۹۴۲	۹۵	۳۹۰۲۵۳
۸۸	۳۹۰۲۶۰	۱۵۶۰	۱۳۳۹	۵۹۳۳

لوسیائیل — میکائیل — عطططائیل

Email: naginazahraanjum110@gmail.com, 0312-0010704

www.humaliwalayazadar.com

زائچہ میں دوسرے گھر کے احکامات

تحریر
جاوید جمالی علاوی
0301-5503367

السلام علیکم! یا اللہ مدد، یا پاک محمدؐ و آل محمدؑ مدد

غیب کا علم اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور وہ معصومینؑ جانتے ہیں جنہیں اللہ نے عطا کیا ہے۔ شکر ہے پاک رب العالمین اور پاک رحمت العالمینؐ و آل محمدؑ کا جن کی عظیم نعمتوں، برکتوں، رحمتوں اور عنایات کے طفیل میرا روحانی، وجدانی اور علمی سفر جاری ہے۔

قارئین کرام! اس مرتبہ میں آپ کی خدمت میں زائچہ کے دوسرے گھر سے متعلق احکامات پیش کر رہا ہوں امید ہے کہ ماضی کی طرح آپ میری اس کاوش کو پسند کریں گے نہایت اختصار کیساتھ عرض ہے کہ زائچہ میں دوسرا گھر مالی و معاشی حالات کی نشاندہی کرتا ہے، روپیہ سے منسوب سیارگان زہرہ و مشتری ہیں ذریعہ کامیابی شمس و قمر اسباب آمدنی زائچہ کے دوسرے گھر پر قابض سیارہ/ سیارگان اور ذریعہ آمدن زائچہ کے دوسرے گھر کے مالک سے لی جاتی ہے۔

اگر کسی زائچہ میں دوسرے گھر میں سعد سیارہ/ سیارگان ہوں اور ان پر کوئی نحس نظر نہ ہو تو مالی پوزیشن اچھی ہوگی۔ اور اگر اس گھر میں سعد سیارہ/ سیارگان کی نظر دوسرے سیارہ/ سیارگان سے سعد ہو تو مالی وسعت ہوگی۔ اور اسی طرح زائچہ کے دوسرے گھر میں موجود سیارہ/ سیارگان کی دوسرے سیارہ / سیارگان سے نحس ہو تو حصول مال میں رکاوٹیں ہوں گی۔ اگر دوسرے گھر میں کوئی بھی سیارہ ہو اور اسکی دوسرے گھر کے حاکم سیارہ سے تسدیس یا تثلیث ہو ہو یا سعد گھروں کے حاکموں میں سے کسی کیساتھ قران میں ہو تب مالی حالت میں بہتری کی نشاندہی ہے اور اسی طرح دوسرے گھروں میں نحس سیارہ/ سیارگان ہوں اور نحس ہی نظرات رکھتے ہوں تو یہ مالی مشکلات کا اظہار ہے۔ دوسرے گھر کا حاکم طالع کے حاکم کیساتھ سعد نظر رکھتا ہو یا دوسرے گھر کا حاکم سعد یا شرف یافتہ یا اوج کی حالت میں ہو تو مالی پوزیشن میں بہتری کی علامت ہے، طالع کا حاکم دوسرے گھر میں ہو اور دوسرے گھر کا حاکم گیارھویں میں ہو اور گیارھویں کا حاکم طالع میں ہو تو دولت کی فراوانی کی نشاندہی ہے اور اگر کوئی سیارہ دوسرے یا گیارھویں گھر میں نحس نظر سے متاثر ہو رہا ہو اور دوسرے گھر کا حاکم تیسرے یا چھٹے یا گیارھویں گھر کے حاکم سیارہ کیساتھ قران میں ہو یا نحس نظر ہو تو یہ روپیہ کے حصول میں رکاوٹوں کی نشاندہی کرتا ہے اور تنگدستی لاتا ہے۔

اگر زائچہ میں گیارھواں گھر سیارہ زہرہ کا اپنا گھر ہو اور زہرہ اپنے گھر میں ہو یا دوسرے گھر میں قمر و مشتری کا قران ہو یا زہرہ دسویں گھر شرف کے گھر میں ہو تو یہ بہت مال و دولت کے حصول کی طرف اشارہ ہے اگر دوسرے گھر نحس سیارہ/ سیارگان قابض ہوں اور ان کے نحس نظرات شمس یا قمر کیساتھ ہوں یا دوسرے گھر کے سیارہ/ سیارگان کے کسی سیارہ/ سیارگان سے نحس نظر ہو تو یہ مالی پوزیشن میں سخت قسم کی متواتر رکاوٹوں اور بحران کی نشاندہی ہے۔

قارئین کرام! زائچہ کے دوسرے گھر میں جو سیارہ ہوتا ہے وہ اپنی فطرت کے مطابق اسباب مہیا کرتا ہے اگر شمس دوسرے گھر میں ہو تو قابلیت سے آمدن میں اضافہ کیساتھ فضول خرچی کی طرف مائل کرتا ہے۔ اگر زائچہ کے دوسرے گھر میں مریخ ہو تو اچھی آمدنی کے ذرائع کی نشاندہی ہے زیادہ امکانات مشینری، صنعت ذرائع سے فائدہ دے گا لیکن زائد اخراجات بھی لائے گا اگر زحل زائچہ کے دوسرے گھر میں ہو تو اسے ساڑھ ستی کا آخری ڈھائی سالہ دور کہتے ہیں یہ خوش بختی کے برعکس حالات لاتا ہے لیکن میری تحقیق اور تجربہ میں آیا ہے کہ اگر زائچہ کا دوسرا گھر زحل کے شرف یا اوج یا ذاتی گھر ہو تو پراپرٹی (زمین۔ مکان، گھر) میں فائدہ دیتا ہے بالخصوص جب زحل کی دیگر سیارہ/ سیارگان سے سعد نظرات ہوں اور زحل کیساتھ ان کے نحس نظرات نہ ہوں۔

یورینس اگر زائچہ کے دوسرے گھر میں ہو تو یہ غیر متوقع مالی حالات کی نشاندہی ہے اگر نیپچون زائچہ کے دوسرے گھر میں ہو تو مالی امور میں دھوکہ بالخصوص جب اسکے دیگر سیارہ/ سیارگان سے نحس نظر ہو۔ مالی امور میں دھوکہ اور مشکلات کیساتھ ساتھ قانونی گرفت میں آنے کی طرف نشاندہی ہے اور اگر دوسرے سیارہ/ سیارگان سے سعد نظرات ہوں تو رشوت وغیرہ کے ذریعے مال و دولت لاتا ہے تجربہ میں آیا ہے کہ اگر نیپچون دوسرے گھر میں سعد ہو اور اسکے دیگر سیارہ/ سیارگان سے سعد نظرات ہوں تو سمندری سفر (شپ) اور تعلیمی اداروں میں کامیابی لاتا ہے۔ سیارہ زہرہ اگر دوسرے گھر میں ہو تو دوسروں بالخصوص جنس مخالف سے مالی فائدہ ملنے کی نشاندہی ہے۔ راہو یا کیتو دوسرے گھر میں مالی مشکلات کی نشاندہی

کرتے ہیں قسمت میں غیر متوقع تبدیلیاں لاتے ہیں۔
مردانہ زائچہ میں سیارہ قمر کے نظرات اور عورت کے زائچہ میں شمس کے نظرات کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔ میری ذاتی تحقیق اور تجربہ ہے کہ ہر دو زائچہ میں شمس اور قمر دونوں کے دیگر سیارگان کیساتھ نظرات کو مدنظر رکھنا چاہیے اگر شمس یا قمر کی سیارہ مشتری کیساتھ سعد نظر ہو تو مال و دولت کی فروانی کی نشاندہی ہے اور اگر نحس ہوں تو یہ بدقسمتی، مالی نقصانات، دوسروں سے دھوکہ، مالی نقصانات بالخصوص اگر کسی عورت کے زائچہ میں شمس کی مشتری سے نحس نظر ہو تو اس عورت کے مالی امور میں بدقسمت خاوند کی نشاندہی ہے اور اگر زائچہ میں قمر و مشتری کی آپس میں نحس نظر ہو تو زائچہ کے حامل کا رجحان جوا اور لاٹری کی طرف ہوگا اور وہ اپنا بہت نقصان کرے گا اگر زائچہ میں شمس و قمر کی آپس میں سعد نظر ہو تو یہ بہت اچھی علامت ہے اور اگر ان سیارگان کی آپس میں نحس نظر ہو تو یہ بدقسمتی کی علامت ہے ایسا انسان بھنور میں پھنسا رہتا ہے۔
آخر میں ہر سال کی طرح گزارش ہے کہ ہر جمعرات کو عصر کے بعد سے لیکر جمعہ کے غروب آفتاب تک کسی بھی وقت قربۃً الی اللہ کی نیت سے اول و آخر 18-18 مرتبہ درود پاک کیساتھ ایک مرتبہ حدیث مبارکہ کساء کی تلاوت ضرور کریں اور قربۃً الی اللہ کی نیت سے غریب سادات کو ہدیہ کریں اور غریب غیر سادات کو صدقہ دیتے رہیں۔ اپنی دعاؤں میں امامیہ جنتری کے سرپرست، منتظمین تمام مومنین و مومنات مجھے اور میری فیملی سمیت سب کو یاد رکھیں۔ والسلام دعا گو طالب جاوید جمالی علاوی

حصول رشتہ کے لیے: چاندی کی گیارہ سے بیس کے درمیانی جمعہ کو بعد نماز عصر درج ذیل آیات زعفران سے لکھ کر پاس رکھے اور دھو کر پیئے تو اسکی شادی ہوجائے گی نیز کم تادمِ فروانی رزق کے لیے مجرب ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ۞ وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلَاةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۖ لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا ۖ نَّحْنُ نَرْزُقُكَ ۗ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوَىٰ ۞ (سورہ طہٰ ۱۳۱-۱۳۲)

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی شادی کے لیے سورہ قصص کی یہ آیت تلاوت کی تھی کہ ان کی شادی ہوگئی لہذا مرد اپنے اور عورت اپنے لیے پڑھ سکتی ہے

رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ۞

اگر کسی کا بخت باندھ دیا گیا ہو تو اس طلسم کو لکھے اور ہر روز اس پر نگاہ ڈالے

۹۹۰۹۹۹۹۱۱۱۱۹ ح ۵۲۸۱۱ واح طح

دنیا و آخرت کی بعض پریشانیوں کا حل

حضرت امام حسینؑ حضرت رسول خداؐ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حاجات کی قبولیت کے لیے 7 روز یہ اذکار 1000 مرتبہ پڑھے تو حاجات پوری ہوجائے گی۔

بروز ہفتہ	يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ
بروز اتوار	إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ
بروز پیر	سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلهِ
بروز منگل	يَا اَللهُ يَا رَحْمٰنُ
بروز بدھ	حَسْبِيَ اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ
بروز جمعرات	يَا غَفُورُ يَا رَحِيمُ
بروز جمعہ	يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

◉ علماء فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن غسل کرنے کے بعد ظہر کی نماز سے پہلے دو رکعت نماز حاجات پڑھے (نماز فجر کی طرح) اور پھر 1047 مرتبہ

مَا شَاءَ اللهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ

پڑھ کر اسکا ثواب حضرت امام محمد تقیؑ کی مقدس روح کو ہدیہ کرے تو امام محمد تقیؑ اس دعا کے لیے اللہ تعالیٰ سے سفارش کرینگے اور وہ دعا ان شاء اللہ قبول ہوگی

◉ 41 دن تک روزانہ نماز مغرب کے بعد 2 رکعت نماز حاجت ادا کرکے کہے أَمَّنْ يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ
پھر 3 مرتبہ کہے یَا رَبِّ پھر ایک مرتبہ یَا عَبَّاسَ ابْنَ عَلِيِّ ابْنِ أَبِي طَالِبٍ پھر کہے اَلْأَمَانُ اور 3 مرتبہ کہے أَدْرِكْنِي پھر اس جملے کو اتنی مرتبہ تکرار کرے کہ سانس قطع ہوجائے اور پھر اپنی حاجت طلب کرے 41 روز تک یہ عمل کرنے کے دوران ہی ان شاء اللہ اسکی یہ حاجت پوری ہوگی اور حاجت پوری ہونے کے بعد بھی اس عمل کو دہرائے۔

◉ تمام حاجات کی قبولیت کے لیے 15 روز تک روزانہ 1780 مرتبہ پڑھے وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللهِ إِنَّ اللهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ
اگر 15 روز میں حاجت پوری نہ ہو تو اس عمل کو 40 روز تک کرے۔
ان شاء اللہ حاجت ضرور پوری ہوگی۔

www.humaliwalayazadar.com

شادی کب ہوگی؟ کیسی رہے گی؟ کیوں ٹوٹی؟

تحریر و تحقیق
غلام رضا عسکری اعوان
نوابشاہ کراچی
0300-3210024
0333-7014915

قارئین امامیہ جنتری اسلام وعلیکم و یا علی مدد۔ شادی۔ اس دور میں معمہ بنتی جارہی ہے جن کی نہیں ہوتی انکا سوال کب ہوگی، دوسرا سوال کیسی رہے گی، اور جن کی شادی ناکام ہوجاتی ہے انکا سوال ہوتا ہے کیوں ناکام ہوئی۔ مہذب معاشرے میں شادی دو زندگیوں کا نہیں دو خاندانوں کا ملاپ ہوتا ہے۔ اور شادی شدہ جوڑے کی زندگی کے حالات کا دارومدار دونوں خاندانوں پر مثبت یا منفی دونوں صورتوں سے پڑتا ہے۔ گذشتہ سولہ سال سے علوم مخفیہ سے منسلک ہوتے میری ذاتی رائے یہ ہے کہ ہمارے یہاں شادی بس ایک فرض سمجھ کر کی جاتی ہے اچھی ازدواجی زندگی کی کوشش رشتوں کی چھان پھٹک اور دیگر معاشرتی ضروری کاروائیاں بھی بعض افراد بیٹی یا بیٹے کے رشتے کے لئے ضروری نہیں سمجھتے، ایسے افراد نجوم یا علوم مخفیہ کا سہارا لیں یہ سوچنا بیکار ہوگا۔ قارئین استخارہ اور علم دونوں کو سامنے رکھتے ہوئے ذاتی طور پر تحقیق کریں آپکی اولاد کے بہترین مستقبل کے لئے احسن قدم ہوگا۔

شادی کب ہوگی ؟ آپ سب قارئین جنتری کے لئے ہندی نجوم کا ایک کلیہ پیش کررہا ہوں جس سے آپ جان سکیں گے کہ آپ کی شادی کب ہوگی۔ یہاں یہ واضع کرتا چلوں کہ ایک حسابی عمل ہے جس کا درست ہونے کا دارومدار آپکی درست تاریخ پیدائش اور درست وقت پیدائش پر منحصر ہوتا ہے۔ کلیہ کچھ اسطرح سے ہے۔ اپنا زائچہ بنوائیں اور ستاروں کی پوزیشن کو مدنظر رکھیں۔ زائچہ میں بارہ گھر ہوتے ہیں۔ شادی کے معاملات میں چار گھروں کی بہت اہمیت ہوتی ہے اور اسکے ساتھ ہی تو سہا زائچہ کی بہت اہمیت ہوتی ہے۔ شادی اور شادی کے بعد کے حالات آپکے نکاح کے وقت اور درست تاریخ پر منحصر ہوتے ہیں۔ میرے ذاتی مشاہدے میں ایسے کئی کیسز ہیں جنکی شادی محض اس وجہ سے ناکام ہوتی ہے کہ انکے نکاح کا وقت درست نہیں ہوتا۔ اگر کسی صاحب سے کہہ دیا جائے کہ نکاح کی تاریخ غلط تھی تو جواب ملتا ہے سعد دن تھا اور اس دن معصومینؑ میں سے کسی امام کی ولادت یا خوشی تھی تو ہم نے شادی کرلی۔ دن سعد ضرور ہوتا ہے ستارے سعد ہیں یا نہیں اس کا اندازہ کسی صاحب کو نہیں ہوتا۔ اگر آپ کے زائچے کے مطابق آپکی شادی ان ادوار میں نہیں ہوتی تو یہ یقین کرلیں کہ کچھ خرابی ستاروں کی ہے جسکی وجہ سے معاملات خراب ہیں۔

شادی اور **روایتی مولوی ملاں** اور علم الاعداد والوں سے اکثر والدین بچے بچیوں کی شادی میں تاخیر کی وجہ سے روایتی مولوی ملاں حضرات کا شکار بنتے ہیں جنکا جواب بندش اور شادی کو باندھ دیا گیا یا عملیات کی وجہ سے شادی کا نا ہونا ہے۔ یاد رکھیں شادی میں تاخیر کے 95% کیسز میں ستاروں کا عمل دخل ہوتا ہے کوئی جادو یا بندش نہیں ہوتی

شادی کا فطری وقت زائچے سے پتہ چلتا ہے۔ ہر ستارے کا بالغ ہونے یا MATURITY کا وقت الگ ہوتا ہے اگر آپکا برج اسد ستارہ شمس ہے تو 22 سال کی عمر، اگر برج ثور اور میزان ستارہ زہرہ ہے تو 24 سے 25 سال کی عمر، اگر برج جوزا یا سنبلہ ستارہ عطارد ہے تو 31 سے 32 سال کی عمر، اگر برج سرطان ستارہ قمر ہے تو 23 سے 24 سال کی عمر، اگر برج حمل یا عقرب ستارہ مریخ ہے تو 27 سے 28 سال کی عمر، اگر برج جدی یا دلو ستارہ زحل ہے تو 32 سے 35 سال کی عمر، اگر برج قوس یا حوت ستارہ مشتری ہے تو 23 سے 25 سال کی عمر میں فطری طور پر آپکے ستارے کی شادی کا دور

کسی بھی مرد یا عورت کے زائچے ہوتا ہے۔ ان ستاروں میں سے دو ستارے میں شادی کے لحاظ سے اپنے اثرات دیتے ہیں پہلے گھر اور زائچے کے ساتویں شادی کے گھر کا ستارہ دونوں ستارے اگر سعد ہیں اور زائچہ ولادت میں کسی بھی نحس ستارے کی نظر سے پاک ہیں تو لڑکے یا لڑکی کی شادی میں کسی قسم کی نہ تو رکاوٹ آتی ہے نہ ہی تاخیر ہوتی ہے۔ اور ستارے کی فطری بلوغت کے اوقات میں شادی ہوجاتی ہے۔

مریخ اور زحل شادی میں تاخیر رکاوٹ اور طلاق کا سبب بنتے ہیں

زہرہ اور عطارد نحس ہوں تو کردار میں خرابی فحاشی یا غلط تعلقات کی وجہ سے شادی میں ناکامی یا تاخیر واقع ہوتی ہے۔

شمس نحس ہو تو ازدواجی زندگی میں عزت و وقار میں کمی اور بد قسمتی لاتا ہے

قمر کی نحوست ازدواجی زندگی میں عدم تحفظات اور حساسیت کے ساتھ وہم وسوسے اور شکوک و شبہات کی وجہ سے شادی میں ناکامیاں سامنے آتی ہیں۔

راہو اور کیتو اگر زائچہ میں پہلے ساتویں یا دوسرے آٹھویں یا چھٹے گیارہویں گھروں میں نحس ستاروں کے ساتھ موجود ہوں تو شریک

ساجد بک ڈپو اردو بازار سرگودھا
www.humaliwalayazadar.com

حیات کو مزمن امراض لاحق ہو سکتے ہیں اولاد کا نا ہونا اور صحت کی مسلسل خرابی ازدواجی زندگی کو تلخ کر دیتی ہے۔ درج بالا نجومی اشارے شادی کی تاخیر یا نا ہونے کے اسباب میں سے 10% سے بھی کم اسباب ہیں۔ انتہائی مختصر ورنہ صرف شادی کی رکاوٹوں پر باقاعدہ 150 سے زائد صفحات پر مشتمل کتاب لکھی جاسکتی ہے۔

حل بذریعہ صدقات محترم آغا افتخار صاحب سے کئی افراد میرے بارے میں مہنگا صدقہ کروانے کی شکایات کرتے ہیں۔ قارئین شادی بیاہ میں غیر ضروری اخراجات بہت ہوتے ہیں ایک عام سی دلہن کے عروسی لباس اور پارلر کا خرچہ 25 سے 50 ہزار تک ہو جاتا ہے یہ ایک مڈل کلاس میں انتہائی نچلے درجہ کا خرچ بتا رہا ہوں۔ اب اگر والدین کو ضروری صدقات بتا دیں تو جواب آتا ہے اتنے صدقات ہم تو نہیں کر سکتے۔ اگر آپکی بیٹی یا بیٹے کی شادی نہیں ہو رہی تو بہتر ہے کہ آپ مکمل زائچہ بنا کر ستاروں کی رکاوٹوں کا سدباب کریں۔ اگر نہیں زائچہ بنانا تو دو صدقات بتاتا ہوں

کالا نمک اور لاہوری یا سرخ نمک

(یہ صدقہ آپ بنا تشخیص کے بھی دے سکتے ہیں) اپنے وزن کے مطابق لیں لاہوری نمک 7 سے 10 روپے کلو ملتا ہے اگر آپکا وزن ساٹھ کلو ہے تو چار سو بیس روپے کا خرچ اور کالا نمک 30 سے 40 روپے کلو ملتا ہے جو کہ 2500 کے قریب کا صدقہ بنتا ہے۔ ایک کالا مرغا صدقہ کے لئے آپکو آٹھ سو ہزار سے کم نہیں ملتا تو یہ صدقات آپکو مہنگے نہیں پڑیں گے۔ انتہائی مہنگا اور مجرب صدقہ منگل کا یا زحل کی نحوست کی صورت میں گائے کا صدقہ ہوتا ہے جو کہ آپکو 25 سے 30 ہزار کا پڑ سکتا ہے۔ صرف شادی کے اخراجات میں تھوڑی سی کمی اور مناسب صدقات آپکی بیٹی اولاد کا مستقبل محفوظ بنا سکتے ہیں فیصلہ آپ نے کرنا ہے۔ ازدواجی زندگی میں بندھنے والے جوڑے کے **زائچے بنا کر ستارے ملانا** احسن ترین طریقہ ہے۔ اکثر شادیوں کی ناکامی ذہنی و دل کی ہم آہنگی کا نہ ہونا ہے۔

شادی کا متبرک وقت یا مہورت نکال کر نکاح سر انجام دینا معقول ہے اور یقینی خوشیاں ازدواجی زندگی میں ملنے کے امکانات ہوتے ہیں۔ یہ کوئی مہنگا طریقہ نہیں ہے 3000 سے پانچ ہزار میں دونوں افراد کے زائچے بنا کر آپکو نکاح کا معقول اور ستاروں کی نحوست سے پاک وقت آپکی اولاد کی تاحیات ازدواجی خوشیوں کا ضامن ہوتا ہے۔ عمومی طور پر اگر لڑکیوں کے رشتے نہ آ رہے ہوں یا لڑکوں کی یا لڑکوں کی بات نہ بن رہی ہو تو درج ذیل نقوش آپ استعمال کروا سکتے ہیں

Spica برج سنبلہ کے 28.50 درجہ پر موجود یہ جامد ستارہ اپنے اندر تسخیر کی بے پناہ قوت رکھتا ہے ایسے افراد بچے یا بچیاں جنکے رشتے نہیں آتے یا رشتہ دیکھ کر جواب نہیں آتا یا خاندان یا ملنے جلنے والوں کی جانب سے بچے بچیوں کے رشتہ کی نوید نا ملے تو انہیں استعمال کروایا جائے Spica کا یہ نقش کاروباری اور عوام عامہ سے منسلک فیلڈ ورک کے کاموں یا عام دکاندار حضرات کے لئے بھی تسخیر کا بہترین کام کرتا ہے۔

Regulas برج اسد کے 04.50 درجات پر موجود یہ جامد ستارہ اثرات نظر بد یا آسیبی کیفیات کی وجہ سے شادی بیاہ میں تاخیر ہو یا کسی پر عملیات کے بداثرات ہوں تو ریگولس کا نقش مریخ کے شرف کے ساتھ استعمال کریں

Algol جو کہ 01.10 درجہ برج ثور میں موجود ہے اثرات نظر بد حسد کی وجوہات پر شادی کی رکاوٹ ہو تو الغول کا نقش بھی استعمال کیا جا سکتا ہے خصوصاً اگر برج ثور سے منسلک لڑکے اور لڑکیوں کی شادی میں رکاوٹ ہو تو یہ نقش طلسم استعمال کیا جاسکتا ہے

Sirius برج جوزا کے 19.05 درجات پر موجود یہ جامد ستارہ شہرت اور عزت کے حوالے سے دیرپا اثرات رکھتا ہے۔ جوزا قوس والوں کے لئے شادی کی رکاوٹ ہو تو یہ نقش استعمال کریں۔ سارس کے عجیب و غریب اثرات ہیں جدید نجوم میں جامد ستاروں کے حوالہ سے لکھی جانے والی کتب میں ان ستاروں کے خواص پر اگر مضمون لکھا جائے تو کم و بیش دو سے تین صفحات پر مشتمل ہونگے۔

فم السماک برج دلو کے 23.50 درجات پر موجود یہ ستارہ روحانیت تسخیر اور شہرت کے ساتھ ساتھ بندش اور رکاوٹوں کو دور کرنے کی بے پناہ صلاحیت کا حامل یہ ستارہ آج کل راہو کیتو کے زیر اثر آ رہا ہے۔ اس سال قوس جدی دلو اسد سرطان سنبلہ لڑکے لڑکیاں زحل کی نحوستوں کا براہ راست شکار ہونگے جبکہ راہو کیتو بھی براہ راست اسد اور دلو والوں کی صحت اور دیگر معاملات میں خرابیاں پیدا کریں گے۔ تاہم مشتری کی سعادت عقرب اور قوس والوں کی شادی بیاہ میں معاون ثابت ہوگی۔ جامد ستاروں پر دیگر جنتریوں میں کچھ خاص کام نہیں کیا گیا یہ اعزاز امامیہ جنتری کو حاصل ہے جسکے طفیل آپ تک مختصر لیکن مفید معلومات پہنچائی جا رہی ہیں۔

قارئین امامیہ جنتری کے ان صفحات پر علم نجوم سیکھنے کے حوالہ سے آپ کی جانب سے پذیرائی اور در اہلبیتؑ سے ملا ہوا یہ علم ہر سیکھنے والے کے لئے آسان کرتے ہوئے YOUTUBE پر ہر ہفتہ بذریعہ ویڈیو علم نجوم اور روحانیت پر اسباق جاری کئے جائیں گے۔ نجوم سیکھنے کے خواہش مند افراد

www.humaliwalayazadar.com

یوٹیوب چینل کو دیکھیں اور نجوم کے ساتھ نقوش روحانی علوم اور فلسفہ تشخیص درجہ بدرجہ ویڈیو کے ذریعے آپ تک پہنچائے جائیں گے۔ اسکے علاوہ ہر ماہ کی نظرات سیارگان اور سعد اوقات بھی بذریعہ یوٹیوب آپ تک پہنچائے جائیں گے۔ YOUTUBE پر جائیں ACCUASTROLOGY سرچ کریں اور SUBSCRIBED کریں ہر آنے والی ویڈیو کا پیغام آپکے ای میل پر آجائیگا۔ علم سے منسلک رہیں اور اپنے معاملات زندگی کو آسان بنائیں۔ قبلہ آغا افتخار حسین اور بانیان جنتری کے لئے دعا گو ہوں میرے ایک جملے سے کسی کی بھلائی ہو تو مجھے دعا ضرور دیجئے گا۔

آسان اردو میں مکمل ویب سائٹ وزٹ کریں

WWW.ACCUASTRO.COM

ماہانہ وسالانہ زائچے، ستاروں کی نحوست وسعادت اور ان کے ساتھ جائیں مسائل کا حل۔ نوروز و عالمی حالات، نجوم سیکھنے والوں کے لیے اسباق، اعداد و دست شناسی پر مکمل مضامین اور رمل پر سیر حاصل مضامین، نجوم و جفر پر سافٹ ویئرز ڈاؤن لوڈنگ اور تحقیقی مواد کیساتھ سیکھئے نقوش اور عملیات کا فن، نجوم و جفر و اعداد کے شائقین آن لائن علوم مخفیہ سیکھیں

ماہانہ میگزین جفر نجف کا آن لائن مطالعہ کریں

Www.accuastro.com

Accuastro@skype.com Accuastro@facebook.com

غلام رضا عسکری اعوان، نواب شاہ - کراچی پاکستان

0092-300-3210024, 0092-333-7014915

www.accuastrology.com

Astrology Solutions
Gems Therapy
Talismans Soutions
Pendulum Healing
Astrology Articles
Horary Astrology
Talisman Events

Natal Horoscope Match Making Mahurat Election Astrology Yearly Predictions and much moor . Clicik for our services

www.accuastrology.com
Email info@accuastrology.com
Raza Askri . Ph0092-3003210024- 0333-7014915

جدول ایام هفته

بروز جمعه تمام دنوں کا سردار ہے مبارک ہے واسطے ترویج اور نکاح کے۔ نماز جمعہ سے قبل سفر کرنا مکروہ ہے۔ ساعت اول میں بعد نماز صبح 256 مرتبہ یَانُورُ پڑھے تو چشم خلائق میں عزیز ہوگا اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو بوقت شب 2 رکعت نماز پڑھ کر یَانُورُ 256 مرتبہ پڑھے تو ممکن ہے خواب میں معلوم ہوجائے کہ چور کون ہے۔

شنبه (ہفتہ) سب کاموں کے واسطے خوب ہے خصوصاً سفر کے لیے بعد نماز صبح 1060 مرتبہ یَاغَنِیُّ پڑھے گا تو بارگاہ خداوندی سے بے حد مال مرحمت ہوگا۔

یکشنبه (اتوار) عمارت بنانے اور شادی کرنے کے لیے خوب ہے اکثر کاموں کے لیے میانہ ہے بعد نماز صبح ساعت اول میں یَافَتَّاحُ 489 مرتبہ پڑھے تو فتح و نصرت حاصل ہو۔

دوشنبه (پیر) نحس ترین یوم ہے کسی کام کے لیے مبارک نہیں ہے اگر ساعت اول میں نماز صبح کے بعد 129 مرتبہ یَالَطِیفُ پڑھے تو باری تعالیٰ اپنی رحمت سے مال عطا فرمائے گا۔

سه شنبه (منگل) میانہ ہے اکثر کاموں کے واسطے سفر کے لیے خوب ہے اس روز نیا لباس پہننا خوب ہے حاجت طلب کرنے کے لیے خوب ہے اگر ساعت اول میں بعد نماز صبح 903 مرتبہ یَاقَابِضُ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز عطا فرمائے گا جس کی خواہش ہوگی۔

چهار شنبه (بدھ) اکثر کاموں کے واسطے شائستہ نہیں ہے تعمیر مکان کے لیے نیک ہے بعد نماز صبح ساعت اول میں اگر یَامُتَعَالُ 541 مرتبہ پڑھے تو عزت دنیا و آخرت حاصل ہو۔

پنجشنبه (جمعرات) مبارک ہے سب کاموں کے لیے خوب ہے خصوصاً طلب حاجت اور سفر کے واسطے اگر ساعت اول میں بعد نماز فجر یَارَزَّاقُ 308 مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ بے حد مال عطا فرمائے گا۔

www.humaliwalayazadar.com

جائز محبت کا انتہائی مؤثر عمل

سیدہ ارم زہرا (اٹک)
0321-5702541, 0301-7899755

روز مرہ زندگی میں مختلف مسائل درپیش ہوتے ہیں۔ مثلاً قرض، افلاس / غربت، بیکاری، روزگاری، ازدواجی مسائل، شادی بیاہ، میاں بیوی کی ناچاقی، باہمی لڑائی جھگڑا، زبان درازی، مار کٹائی، فریقین کی بے راہ روی، اولاد کا نہ ہونا، اولاد کی نافرمانی، تعلیم سے فرار، جوان لڑکے لڑکیوں کی شادی وغیرہ۔ بسیار مسائل انسان ایسے پریشان کن حالات سے لاچار و بے قرار ہے۔ فرمان رب العزت ہے۔

لا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین

تمام مشکلات، امراض وحاجات کا حل قرآن مجید ہے۔ اس دور میں میاں بیوی کی ناچاقی محبت کی جگہ نفرت اکثر اوقات نوبت پہ طلاق پہنچ جاتی ہے۔ خاندان کے خاندان برباد ہو جاتے ہیں لہذا میاں بیوی کی باہمی محبت کا ایک نایاب عمل قارئین امامیہ تقویم 2019 استفادہ پیش کر رہی ہوں۔ ذوالکتابت نقش آیت 39 سورۃ طہٰ پارہ نمبر 16۔ نیز مطلوب مع والدہ کے اعداد مطابق

شرائط وھدایات:

☆ صرف اپنی ذات کیلئے تیار کر سکتے ہیں۔ ☆ حروف ابجد کی زکاۃ ادا کی ہوئی ہو۔ ☆ زعفران وعرق گلاب اور کاہی یا سرکنڈا کے قلم سے لکھیں ☆ جسم ولباس پاک ہو۔ ☆ متعلقہ ستارہ کا جس کی ساعت ہو بخور جلائیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شنقیائیل — جبرائیل — شمکائیل

علیٰ عینی	ولتصنع	محبۃ منی	والقیت علیک
۱۳۰	۶۳۶	۱۵۵	۵۳۷
۱۵۳	۵۳۸	۱۳۹	۶۳۷
۵۳۹	۱۵۷	۳۳۳	۱۳۸
۶۳۵	۱۳۷	۵۵۰	۱۵۶

لوبیائیل — میکائیل — نتطاطائیل

الحب فلاں بن/بنت فلاں علیٰ حب فلاں بن/بنت فلاں

لوح شفائے امراض

محمد اسد اللہ سلیمانی ادارہ روحانی علاج
محلہ الٰہی بخش کالونی مین بازار نزد برف والا کارخانہ جھنگ
0300-6501194

اگر کوئی مرد یا عورت کسی مرض میں مبتلا ہو یعنی شوگر، کینسر، اختلاج قلب، خونی و بادی بواسیر، بخار، فالج ولقوہ، اولاد کا نہ ہونا، بانجھ پن، مرگی، موٹاپا، یرقان، بلڈ پریشر، ہیپاٹائٹس بی وسی کے علاوہ مہلک سے مہلک بیماریوں سے نجات حاصل کرنے کیلئے اس لوح شفائے امراض کو سفید کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھ کر یا چاندی پر کندہ کر کے پاس رکھیں اور روزانہ 110 مرتبہ پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا سَلَامُ يَا سَلَامُ يَا سَلَامُ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ يَا بَدِيْعُ يَا بَدِيْعُ يَا بَدِيْعُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا مُغِيْثُ يَا مُغِيْثُ يَا مُغِيْثُ يَا مُحَمَّدُ يَا فَاطِمَةُ يَا عَلِيُّ يَا حَسَنُ يَا حُسَيْنُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَ بِحَقِّ يَا جِبْرَائِيْلُ يَا مِيْكَائِيْلُ يَا اِسْرَافِيْلُ يَا عِزْرَائِيْلُ يَا دَرْدَائِيْلُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور (اول و آخر 11-11 مرتبہ درود ابراہیمی) پڑھ کر شہد پر دم کر کے پانی میں گھول کر پی لیں۔ انشاء اللہ جو بھی مرض ہوگا جلد از جلد شفاء ملے گی۔ آزمائش شرط ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ	سلام کریم رحمٰن	شافی رحیم حفیظ
شافی رحیم حفیظ	سلام کریم رحمٰن	لا الہ الا اللہ	محمد رسول اللہ
لا الہ الا اللہ	محمد رسول اللہ	شافی رحیم حفیظ	سلام کریم رحمٰن
سلام کریم رحمٰن	شافی رحیم حفیظ	محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ

جبرائیلؑ میکائیلؑ اسرافیلؑ عزرائیلؑ

اس کو عربی میں حجر القمر اور انگریزی میں مون سٹون کہتے ہیں اسے مختلف زبانوں میں مختلف ناموں سے پکارا جاتا ہے۔ مثلاً چندر کانت، اللہ نور وغیرہ اس پتھر کا چاند سے گہرا تعلق ہے اس لیے اس پر چاند کا ایک حلقہ سا بنتا ہے جواہرات پر تحقیق کرنے والے سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ حجر القمر کی عمر ڈھائی سے 3 ارب سال تک ہے عقاب اپنے بچوں کی آنکھوں کو کھولنے میں مدد دینے کے لیے گھونسلوں میں رکھتے ہیں۔

مقام پیدائش حجر القمر دنیا کے کئی ممالک مثلاً بھارت، عرب کے پہاڑی علاقے تنزانیہ، مقدونیہ میں پایا جاتا ہے مگر سب سے اچھا سری لنکا میں دستیاب ہے۔ **اجزائے ترکیبی** پوٹاس، ایلومینیم، سلیکا کا مرکب ہے **سحری خواص** روزگار کے ذرائع اور ترقی میں معاون ہے دماغ کی پرتوں کو کھولتا ہے۔ پڑھنے والے بچوں اور بڑوں کی ذہانت میں اضافہ کرتا ہے اس کا استعمال مثبت سوچ کو جنم دیتا ہے۔ اس کو درخت پر باندھنے سے پھل زیادہ آتا ہے اس کا پہننا خوش بختی کی علامت ہے۔ اسکو پہننے سے زندگی پر مسرت اور خوش گوار گزرتی ہے۔ اسکا پہننا ذہن میں وجدانی کیفیت کو جنم دیتا ہے۔ **طبی خواص** حجر القمر کا مزاج سرد خشک ہے اس کو صرع میں لینا فائدہ مند ہے۔ جنون کی کیفیت میں اسکا طبی طریق پر استعمال بے حد فائدہ مند ہے۔ خفقان کے مرض میں اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے اس کا استعمال حافظے کو مظبوط اور روحانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ نسیان میں فائدہ مند ہے۔ مالیخولیا کی شکایت بھی اس سے رفع ہو جاتی ہے۔

humaliwalayazadar.com

آپ کا معاون و مبارک نگینہ (نگینوں کا تعلق راس کے ساتھ)

بحوالہ اثر قدرت مولفہ ہمایوں مرزا لکھنوی

برج	ستارہ	رنگ	متعلق نگینہ	برج	ستارہ	رنگ	متعلق نگینہ
حمل - میکھ	مریخ	سرخ	ہیرا، مونگا، یاقوت، عقیق یمنی، اوپل	میزان - تلا	زہرہ	سفید سیاہی مائل	مرجان، ہیرا، پکھراج، دُرِ نجف، لسینیہ
ثور - برکھ	زہرہ	سفید	مرجان سرخ، ہیرا، دُرِ نجف، موتی	عقرب - برچھک	مریخ	سرخ	ہیرا، یاقوت، مونگا، عقیق
جوزا - متھن	عطارد	سرخی مائل	پکھراج، فیروزہ، زبرجد	قوس - دھن	مشتری	زرد	فیروزہ، پکھراج زرد، لسینیہ، زمرد
سرطان - کرک	قمر	سفید	نیلم، حجر القمر، عقیق زرد، پکھراج زرد، لسینیہ	جدی - مکر	زحل	سیاہ نیلا	موتی، نیلم، عقیق یمنی، دُرِ نجف
اسد - سنگھ	شمس	نارنجی	نیلم، مرجان، عقیق، یاقوت	دلو - کمبھ	زحل	نیلا سیاہ	عقیق سرخ، نیلم
سنبلہ - کنیا	عطارد	سفید	عقیق زرد، زبرجد، اوپل	حوت - مین	مشتری	زرد پیازی	پکھراج سفید، دُرِ نجف

احکام قربانی: قربانی کرنا سنت مؤکدہ ہے قربانی دسویں گیارہویں اور بارہویں کو بھی ہو سکتی ہے ☆ قربانی کیلئے اونٹ، گائے، بھیڑ، بکرا ہونا چاہیے۔ ☆ اونٹ اور گائے کی قربانی مادہ ہونی چاہیے بھیڑ بکرا اونر ہو تو زیادہ بہتر ہے۔ ☆ قربانی کی کھال بطورِ اجرت دینا جائز نہیں (فتویٰ)
☆ گھر میں پلے جانور کی قربانی مکروہ ہے۔ ☆ ذبح کے بعد جانور کا حرکت کرنا ضروری ☆ ذبح کرنے والا مسلمان ہو

دعائے ذبح

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اِنِّیْ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ مِنْکَ وَلَکَ بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

☆ اس کے بعد جانور کو ذبح کرنا شروع کرے اگر خود اکیلا قربانی دے رہا ہو تو یہ الفاظ کہے **اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ** اور اگر چند آدمیوں سے مل کر قربانی کی ہو تو **اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا** کہے۔ ☆ اگر کسی دوسرے شخص کی طرف سے ہو تو **اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنْہُ** کہے اگر کئی دوسرے افراد کی طرف سے ہو تو **اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنْھُمْ** کہے۔ بہتر ہے کہ **مِنِّیْ - مِنَّا - مِنْہُ - مِنْھُمْ** کی جگہ ان لوگوں کا نام لیا جائے۔ بشکریہ پندِ صالحین (مؤلف شیخ سلطان محمود)

www.humaliwalayazadar.com

سید بابر حسین رضوی
کلفٹن کراچی
0336-1105500
0313-2009666

نوٹ: ہر نماز کے بعد ایک تسبیح اور دیگر اوقات میں بکثرت ورد کریں۔

برج حمل

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

مقصد	اسم
سلامتی کیلئے اسم الٰہی	یَاسَلَامُ
روحانیات بڑھانے کیلئے	یَامُهَیْمِنُ
دُعا کی قبولیت کے لئے	یَاسَمِیْعُ
حصول عزت و توقیر کیلئے	یَامُعِزُّ
کسی کو بلانے کے لئے	یَامُعِیْدُ

کا ورد مفید ہوگا۔

برج ثور

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

مقصد	اسم
ہر مقصد کے لئے	یَامُعْطِیْ یَااَللّٰهُ
دولت مند ہونے کیلئے	یَاغَنِیُّ یَااَللّٰهُ
علم حاصل کرنے کیلئے	یَاعَلِیْمُ یَااَللّٰهُ
شادی کے لئے	یَالَطِیْفُ یَااَللّٰهُ
محبت کے لئے	یَاعَزِیْزُ یَااَللّٰهُ

کا ورد مفید ہوگا۔

برج جوزا

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

مقصد	اسم
حفاظت ارضی وسماوی آفت وبلا کیلئے	یَاحَفِیْظُ یَااَللّٰهُ
روحانیات بڑھانے کیلئے	یَابَاسِطُ یَااَللّٰهُ
استخارہ کے لئے	یَاخَبِیْرُ
آئندہ اچھا وقت لانے والے	یَامُقْتَدِرُ یَااَللّٰهُ
ہر مقصد کے لئے	یَامَالِكَ الْمُلْكِ

کا ورد مفید ہوگا۔

برج سرطان

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

مقصد	اسم
قرب الٰہی کیلئے	یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامُ
امیر وکبیر ہونے کیلئے	یَامُغْنِیْ
ہر مقصد کے لئے	یَاصَمَدُ
بلندی ومرتبہ کے لئے	یَارَافِعُ
طاقت کے لئے	یَاقَوِیُّ

کا ورد مفید ہوگا۔

برج اسد

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

مقصد	اسم
اللہ کی نظر کرم حاصل کرنے کیلئے	یَارَحْمٰنُ
دشمن کی زبان بندی کیلئے	یَاخَافِضُ
آنکھ وقلب کی روشنی کیلئے	یَانُوْرُ
طاقت کے لئے	یَاقَوِیُّ
ترقی وعزت ومرتبہ کیلئے	یَاوَاسِعُ

کا ورد مفید ہوگا۔

برج سنبلہ

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

مقصد	اسم
ہر مقصد کے لئے	یَامَالِكَ الْمُلْكِ
ترقی کے لئے	یَامُقَدِّمُ یَااَللّٰهُ
روحانیات بڑھانے کیلئے	یَاقَیُّوْمُ یَااَللّٰهُ
حصول رزق کے لئے	یَابَاسِطُ یَااَللّٰهُ
حفاظت ارضی وسماوی آفت وبلا کیلئے	یَاحَفِیْظُ یَااَللّٰهُ

کا ورد مفید ہوگا۔

برج میزان

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

مقصد	اسم
محبت کے لئے	یَاعَزِیْزُ یَااَللّٰهُ
شادی کے لئے	یَالَطِیْفُ یَااَللّٰهُ
علم حاصل کرنے کیلئے	یَاعَلِیْمُ یَااَللّٰهُ
دولت مند ہونے کیلئے	یَاغَنِیُّ یَااَللّٰهُ
ہر مقصد کے لئے	یَامُعْطِیْ یَااَللّٰهُ

کا ورد مفید ہوگا۔

برج عقرب

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

مقصد	اسم
دعا کی قبولیت کے لئے	یَاسَمِیْعُ
روحانیات بڑھانے کیلئے	یَامُهَیْمِنُ
سلامتی کیلئے اسم الٰہی	یَاسَلَامُ
حصول عزت و توقیر کیلئے	یَامُعِزُّ
کسی کو بلانے کیلئے	یَامُعِیْدُ

کا ورد مفید ہوگا۔

برج قوس

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

مقصد	اسم
بند کام کھولنے کیلئے	یَافَتَّاحُ یَااَللّٰهُ
محبت کے لئے	یَاوَدُوْدُ یَااَللّٰهُ
ہدایت حاصل کرنے کیلئے	یَاهَادِیُ یَااَللّٰهُ
اسباب پیدا کرنے کے لئے	یَابَاعِثُ یَااَللّٰهُ
قرب الٰہی کے لئے	یَارَحِیْمُ یَااَللّٰهُ

کا ورد مفید ہوگا۔

برج جدی

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

مقصد	اسم
رزق کے لئے	یَارَزَّاقُ
روکنے اور بندش کے لئے	یَاقَابِضُ
استخارہ کے لئے	یَاخَبِیْرُ
حاجت روائی کے لئے	یَاوَهَّابُ
اولاد نرینہ کے لئے	یَاوَارِثُ
توبہ کے لئے	یَاغَفَّارُ

برج دلو

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

مقصد	اسم
ہر مقصد کے لئے	یَاوَهَّابُ
رزق کے لئے	یَارَزَّاقُ
زبان بندی کیلئے	یَاقَابِضُ
استخارہ کے لئے	یَاخَبِیْرُ
اولاد نرینہ کے لئے	یَاوَارِثُ
توبہ کے لئے	یَاغَفَّارُ

برج حوت

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

مقصد	اسم
قرب الٰہی کیلئے	یَارَحِیْمُ یَااَللّٰهُ
اسباب پیدا کرنے کے لئے	یَابَاعِثُ یَااَللّٰهُ
ہدایت حاصل کرنے کیلئے	یَاهَادِیُ یَااَللّٰهُ
محبت کے لئے	یَاوَدُوْدُ یَااَللّٰهُ
بند کام کھولنے کے لئے	یَافَتَّاحُ یَااَللّٰهُ

کا ورد مفید ہوگا۔

Email:syedbabarhussainrizvi110@gmail.com

www.humaliwalayazadar.com

فالنامہ انبیاء علیہم السلام

جب کسی کو کوئی مشکل پیش آوے اور مترددہو کہ اس امر میں کیا کرنا چاہیے تو نظر بخدا کر کے اس طریقہ پر فال دیکھے کہ باوضو ہو کر سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص اور آیۃ الکرسی مع اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر آنکھیں بند کر کے کلمہ کی انگلی اوپر اسمائے شریف انبیاء علیہم السلام کے رکھ کر دیکھے۔

نقشہ اسماء

حضرت آدمؑ	حضرت شیثؑ	حضرت ادریسؑ	حضرت صالحؑ	حضرت ابراہیمؑ	حضرت اسمٰعیلؑ	حضرت یعقوبؑ	حضرت یوسفؑ
حضرت شعیبؑ	حضرت ایوبؑ	حضرت خضرؑ	حضرت داؤدؑ	حضرت سلیمانؑ	حضرت عیسیٰؑ	حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	

فال حضرت آدم علیہ السلام: اے خداوند فال تجھ کو ایسے کام پیش آویں کہ خوش ہو جائے اور سب تیرے مطیع ہوں۔ فتوح غیب سے ہو۔

فال حضرت شیث علیہ السلام: اے خداوند افال جو کوئی تیرا دشمن ہو اس پر فتحیاب ہو مگر چند روز صبر کر کہ اگر سفر کا ارادہ ہو چند روز کے بعد جانے پر آمادہ ہو۔ ابھی طالع میں نحوست ہے۔

فال حضرت ادریس علیہ السلام: اے صاحب فال اگر تجھ کو کچھ رنج ہو تو شاد ہو۔ اگر نکاح کی خواہش ہے عورت اچھی ملے، فرزند نرینہ پیدا ہو، اگر سفر کا ارادہ ہے تو سفر مبارک ہوگا اور جو کچھ مراد ہوگی خدا بر لائے گا۔

فال حضرت صالح علیہ السلام: اے خداوند فال اگر تجھ کو کچھ رنج ہو تو راحت نصیب ہوگی، اگر تیرا کوئی بیمار ہے تو شفا پائے گا۔ اگر تیرا کوئی غائب ہے تو حاضر ہوگا۔

فال حضرت ابراہیم علیہ السلام: اے خداوند فال جو نیت تیری ہو وہ مطلب بر آئے (پورا ہو) اور کچھ خوشی دیکھے۔ صدقہ دیا کر۔

فال حضرت اسمٰعیل علیہ السلام: اے خداوند فال جو مشکل ہے حل ہو اور کلفت دور ہو، حاصل سرور ہو۔ ایک مینڈھا ذبح کر کے گوشت اس کا محتاجوں کو دے دے۔

فال حضرت یعقوب علیہ السلام: اے خداوند فال تیرے اوپر کچھ رنج اور محنت پہنچی ہے۔ لیکن چند روز صبر کر، اپنے اوپر جبر کر بعد چند روز کے خوشی ہوگی۔ اگر تیرا کوئی عزیز غائب ہے حاضر ہوگا اور تجھ سے ملے گا۔

فال حضرت یوسف علیہ السلام: اے خداوند فال کچھ تجھے رنج پہنچے گا اور بعد چند روز خوشی ہوگی۔ دشمنان مقہور ہوں گے اور دوستاں مسرور۔

فال حضرت شعیب علیہ السلام: اے خداوند فال اگر خواہش نکاح ہے تو زن جمیلہ اور فرزند نیک پیدا ہو اور جس چیز کو تیرا دل چاہے وہ مل جائے اور جو کام کرے اس کا انجام اچھا ہو۔

فال حضرت ایوب علیہ السلام: اے خداوند فال بعد تھوڑے دنوں کے تجھے رنج پہنچے گا۔ اگر صبر کرے گا تو غم جلد دور ہو جائے گا اگر غائب ہے۔ حاضر ہوگا

فال حضرت خضر علیہ السلام: اے خداوند فال خدائے تعالیٰ تجھ کو مال اور دولت عطا فرمائے اور تیری کھیتی اور باغ میں پیداوار اچھی ہو روزانہ محتاجوں کو دیا کر۔

فال حضرت داؤد علیہ السلام: اے خداوند فال تجھ کو غیب سے روزی ملے۔ حلال کے مال سے مالا مال ہو اور جب کبھی کوئی کام سخت پیش آوے تو حل ہو جائے۔ کچھ غم نہ کر خدا کو یاد کر۔

فال حضرت سلیمان علیہ السلام: اے خداوند فال یہ فال تیری مبارک ہے۔ سب کام تیرے پورے ہوں اور دشمن پامال ہو جائیں

فال حضرت عیسیٰ علیہ السلام: اے خداوند فال تجھ کو بشارت ہے کہ مراد تیری بر آوے۔ دین اور دنیا کی نعمت ملے۔ مگر تجھ کو کچھ رنج نہ پہنچے گا۔ صدقہ دیا کر رنج دور ہوگا۔

فال حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اے خداوند فال یہ فال بہت ہی نیک ہے۔ محبوب خلائق ہوگا۔ خوشی سے گزرے لوگ تیری عیب پوشی کریں۔ تیرے ساتھ نیکی سے پیش آئیں اور سب کے ساتھ تو نیکی کر تیرا انجام اچھا ہوگا۔ دین اور دنیا میں نیک نام ہوگا۔

ہر ماہ کی پیدائش سے نگینوں کا تعلق

بشکریہ: کرشمہ قدرت
مؤلف: ہمایوں مرزا لکھنوی

مہینہ	نگینے
جنوری	گومیدک، یاقوت، لعل، عقیق سرخ
فروری	نیلم، لاجورد، حجر القمر
مارچ	فیروزہ، دُرِ نجف، زبرجد
اپریل	ہیرا، نیلم، یاقوت، عقیق
مئی	زمرد، عقیق یمنی
جون	موتی، زمرد
جولائی	یاقوت، عقیق یمنی گہرا سرخ
اگست	مرجان، یاقوت، عقیق یمنی
ستمبر	نیلم، یاقوت، عقیق زرد
اکتوبر	اوپل، دُرِ نجف، زبرجد
نومبر	پکھراج، زبرجد
دسمبر	لاجورد، یاقوت، فیروزہ

علمدار جعفری بک ڈپو انچولی کراچی 0300-2422369 حسنین بک ڈپو افضل مارکیٹ مین بازار علی پور چٹھہ ضلع گوجرانوالہ

تحریر: شیخ زوار رضا جاوا (ماہر فلکیات)

B-238 سبزہ زار ملتان روڈ، لاہور

Cell : 0300-9477284

Ph: 042-37496809

0321-9477284

Www.enlighteningspirits.com

E-Mail: jawa1215@gmail.com

یک سالہ زائچے 2019 کے فلکی اثرات

نوٹ مندرجہ ذیل دعا 9 مرتبہ روزانہ مقررہ وقت پر مع اول و آخر 9 مرتبہ درود پڑھ کر دم کریں۔ مشکلات آسان ہو جائیں۔

Plaase Subscribe Our Youtube Channale www.youtube.com/ Sheikh Zawar Raza Jawa

دعا رد نحوست سیارگان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا كَافِيْ يَا غَنِيُّ يَا مَالِكُ يَا قُدُّوْسُ يَا كَبِيْرُ يَا مُتَعَالُ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِحْفَظْنِيْ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَمِنْ نُحُوْسَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْعُطَارِدِ وَالزُّهْرَةِ وَالْمِرِّيْخِ وَالْمُشْتَرِیْ وَالزُّحَلِ وَالرَّاْسِ وَالذَّنَبِ بِحَقِّ يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّعَلِيٍّ وَّفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ وَجَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَمُوْسَى ابْنِ جَعْفَرٍ وَعَلِيِّ ابْنِ مُوْسٰى وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ وَعَلِيِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَحَسَنِ ابْنِ عَلِيٍّ وَالْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوٰاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

برج: حمل ARIES سیارہ: مریخ

رنگ:	گلابی، بادامی
عنصر:	آتشی
جواہر:	مرجان، یاقوت، اوپل، عقیق یمنی
بہترین شریک حیات:	اسد، قوس
ناموافق ساتھی:	سرطان، میزان، جدی

بیماریاں: تیز بخار، اعصابی تناؤ، سر درد، شدید سر درد، درد شقیقہ

دن: منگل عدد: 9 21 Mar to 20 Apr حروف: ا، ل، ع، ی

اہم نکات برج حمل والوں کے لیے گزشتہ سال کی نسبت یہ سال انشاء اللہ کافی بہتر ہوگا امسال طالع کا حاکم مریخ فرح اوج اور وبال طرح جیسی اچھی بری دونوں طرح کی کیفیات سے گزرے گا کیریئر روزگار کا حاکم زحل تمام سال کیریئر کے گھر قیام کرتے ہوئے روزگار میں بہتری کا باعث ہوگا۔ نویں کا حاکم سعد اکبر مشتری نادیں دسمبر تک قیام کرتے ہوئے بیرون ملک سفر، روحانی علوم اور حج اور زیارات کے مواقع پیدا کر رہا ہے۔ دیگر سیارگان میں شمس عطارد اور زہرہ سیر افلاک کرتے ہوئے آپ کے معاملات پر مندرجہ ذیل اثرات مرتب کر رہے ہیں

آپکی شخصیت شخصی وقار گذشتہ سال مئی تا وسط نومبر آپکا ذاتی ستارہ عطارد منفی پوزیشن میں رہنے سے آپکا شخصی وقار خاصہ متاثر ہوا ہے امسال بھی آپکو کچھ ملی جلی صورتحال کا سامنا رہے گا یکم جنوری تا 14 فروری مریخ طالع میں رہتے ہوئے آپکی خود اعتمادی اور عزت و توقیر میں اضافہ کر رہا ہے 15 فروری تا 31 مارچ مریخ وبال میں ہونے سے آپکی خود اعتمادی متزلزل ہو رہی ہے مالی معاملات میں وعدہ وعید سے گریز کریں 16 مئی تا 2 جولائی کا عرصہ آپکے لیے خاصہ مشکل ثابت ہوگا مریخ کی چوتھے ہوتی کیفیت آپکے مزاج میں غصہ اور جھنجھلاہٹ کا عنصر بڑھ جائے گا آپکی پریشانی کی بڑی وجہ خانگی اور پراپرٹی سے متعلقہ معاملات ہو سکتے ہیں 2 جولائی تا 4 اکتوبر کا دورانیہ انشاءاللہ بہتر رہے گا آپ خاصے مطمئن نظر آ رہے ہیں 5 اکتوبر تا 23 ستمبر کا دورانیہ آپکے لیے خاصہ صبر آزما ثابت ہو سکتا ہے آپکا وقار داؤ پر ہوگا بعد از 23 اکتوبر تا آخر سال حالات ایکبار پھر آپکے موافق ہو نگے (ان شاء اللہ)

صحت گزشتہ سال کی نسبت صحت کے حوالے سے یہ سال ان شاء اللہ کافی بہتر ثابت ہوگا امسال آپکو 10 فروری تا 17 اپریل، 6 تا 21 مئی، 21 اگست تا 3 اکتوبر صحت سے منسوب مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے سال کا باقی دورانیہ ان شاء اللہ بہتر گزرے گا اوپر بتائے گئے عرصہ میں صحت کے حوالے سے لاپرواہی نہ کریں تو بہتر ہوگا امسال آپکو ٹانگوں، پیروں اور خون سے متعلقہ مسائل کے علاوہ انتڑیوں اور نظام ہضم کی جانب سے مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے پروردگار عالم آپ سب کو اپنے حفظ و امان میں رکھے آمین۔

منگنی ہر سال کی طرح امسال بھی آپکی منگنی نسبت طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہونگے مگر اس نازک اور اہم ترین کام کو انجام دینے کے لیے درست وقت کا انتخاب از حد ضروری ہوگا تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جا سکے امسال منگنی نسبت طے کرنے کے لیے بہترین اوقات 21 مارچ تا 20 اپریل، 21 جولائی تا 23 اگست اور 22 نومبر تا 22 دسمبر ہونگے (ایام عزا کو ملحوظ خاطر رکھیں) جبکہ 1 جنوری تا 20 مارچ، 20 اپریل تا 21 جون، 23 ستمبر تا 23 اکتوبر کا عرصہ موافق نہ ہوگا

P.C.O تھانہ صدر چوک ملتی — ارشاد بک ڈپو — ملک نیوز ایجنسی فریدی بازار ڈیرہ غازی خان — مسعود نیوز ایجنسی ملکوال ضلع منڈی بہاؤالدین

ان ایام میں ایسی کسی بھی تقریب کے انعقاد سے گریز کریں اس دورانیہ میں پہلے سے طے شدہ منگنیاں بھی خطرے میں ہوں گی احتیاط از حد ضروری ہوگی۔

شادی 2019 میں نکاح شادی کیلئے بہترین اوقات 28 مارچ تا 20 اپریل، 15 مئی تا 21 اگست، 14 ستمبر تا 8 اکتوبر موافق نظر آرہا ہے جبکہ 7 جنوری تا 27 مارچ، 21 اپریل تا 15 مئی، 22 اگست تا 13 ستمبر، 18 اکتوبر تا 2 نومبر کا عرصہ قطعی موافق نہ ہوگا اس دورانیہ میں نکاح شادی سے گریز کریں اس دوران طے پانے والے نکاح وشادیاں اختلافات کی نذر ہوکر بعدازاں ختم ہوسکتی ہیں وہ حمل افراد جنکی شادیاں تاحال طے نہیں پاسکیں ان شاءاللہ امسال طے پاجائیں گی

گھر، خاندان، پراپرٹی حمل افراد کے لیے خاندان خاص اہمیت کا حامل ہوتا ہے امسال آغاز سال تا 20 جنوری خانگی معاملات پر توجہ کی ضرورت زیادہ ہوگی اس دوران گھر کی تبدیلی یا پراپرٹی کے لین دین سے گریز کریں اسی طرح ہر ماہ ہبوط قمر کا دورانیہ بھی آپکے لیے مشکلات پیدا کرسکتا ہے 16 مئی تا 2 جولائی مریخ کی چوتھے ہبوط زدہ موجودگی آپکے گھریلو معاملات کو بہت بری طرح متاثر کررہی ہے غیر متوقع طور پر گھر کی تبدیلی کا امکان ہوگا ان ایام میں پراپرٹی کے لین دین سے گریز کریں وگرنہ نقصان کا اندیشہ ہے عین ممکن ہے کہ جگہ متنازعہ ہو گو کہ 21 جون کو شمس کے عین اسی مقام بحالت اوج آجانے سے مریخ کے اثرات میں کمی واقع ہوگی مگر پھر بھی احتیاط لازم ہے اسی طرح 21 جنوری اور 17 جولائی کے قمری گرہن بھی آپکے گھریلو زندگی اور پراپرٹی سے متعلقہ معاملات کو متاثر کرنے کا باعث بنیں گے۔

humaliwalayazadar.com

ابتدائی تعلیم، نزدیکی سفر، تحریری معاہدے آپکے زائچے کے تیسرے گھر کا حاکم ستارہ عطارد ہے جو کہ ایک تیز رفتار ستارہ ہے اور ایک سال میں آٹھ کیفیات سے گزر جاتا ہے جن میں کچھ مثبت ہیں اور کچھ منفی اس طرح یہ ستارہ آپکے معاملات پر اچھے برے دونوں طرح کے اثرات مرتب کرتا ہے امسال یکم جنوری تا 10 فروری، 17 اپریل تا 5 مئی، 21 مئی تا 5 جون، 29 اگست تا 14 ستمبر، 4 اکتوبر تا 9 دسمبر ستارہ عطارد بہتر پوزیشن میں رہتے ہوئے حمل بچوں کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کررہا ہے اس دوران آپکے لیے نزدیکی سفروں میں فوائد کا حصول ممکن ہوگا اس دورانیہ میں آپکو نئے معاہدات کا موقع ملے گا اور تحریری معاملات حل کرنا بہتر ہوگا جبکہ 10 فروری تا 17 اپریل 6 مئی تا 20 مئی، 15 ستمبر تا 3 اکتوبر اور 9 تا 29 دسمبر کا عرصہ موافق نہ ہوگا حمل بچوں کو تعلیمی مدارج طے کرتے ہوئے مشکلات پیش آسکتی ہیں بتائے گئے ہوئے دورانیہ میں سفر سے پرہیز کرنا بہتر ہوگا چونکہ آپکے سفر اول تو ملتوی ہوسکتے ہیں دوئم مطلوبہ نتائج کا حصول ممکن نہ ہوگا اس دورانیہ میں کسی بھی قسم کے تحریری معاہدوں سے بھی پرہیز کرنا بہتر ہوگا اس دوران طے پانے والے معاہدے پایہ تکمیل تک پہنچنا مشکل ہونگے۔

اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری آپکے بیت اولاد کا حاکم ستارہ شمس آغاز سال میں یکم تا 20 جنوری حالت حضیض میں اور 20 جنوری تا 19 فروری حالت وبال میں رہتے ہوئے آپکو بچوں کی جانب سے پریشانی میں مبتلا کرسکتا ہے بچوں کی صحت، حجاب، شراکتی اور ازدواجی معاملات آپکی پریشانی میں اضافہ کا باعث بن سکتے ہیں 21 مارچ کو شمس کے برج حمل میں آجانے سے آپکی پریشانیوں کا خاتمہ ممکن ہوگا یہ شمس کے شرف کا گھر ہے اولاد کے خواہشمند افراد کو گذشتہ سال پانچویں راہو کی موجودگی کیوجہ سے خاصی مایوس کن صورت حال کا سامنا کرنا پڑا مگر امسال پروردگار کے کرم سے انشاءاللہ آپ صاحب مراد ہونگے 21 مارچ تا 20 اپریل کا عرصہ اس حوالے سے سال کا بہترین وقت ہے 21 مئی تا 21 جون کا عرصہ قدرے مشکل صورت حال کا غماز ہے بچوں کی وجہ سے آپکی سماجی حیثیت متاثر ہوسکتی ہے 22 جون کو شمس کے زائچے کے چوتھے اوج میں آجانے سے آپکی جاری مشکلات انشاءاللہ ختم ہوجائیں گی 23 جولائی کو پانچویں کا حاکم شمس پانچویں میں آجانے سے مزید بہتری آجائے گی اولاد کے خواہشمند افراد کو ان شاءاللہ خوشخبری مل جائے گی 23 ستمبر تا 23 اکتوبر تک کا عرصہ آپکو بہت محتاط روی سے گزارنا ہوگا بچے آپکی اضافی توجہ کے طالب ہونگے انکو وقت دیں اور انکے مسائل حل کرنے میں انکی مدد کریں 22 نومبر تا 22 دسمبر تک کا عرصہ بھی بہتر نظر آرہا ہے آپ بچوں کے ازدواجی مستقبل کے بارے میں سوچ رہے ہیں آپکے بچے اور آپ تفریح کا پروگرام بناسکتے ہیں۔

وراثت، مشترکہ مالی معاملات، قرضہ آپکے زائچے کا آٹھواں حصہ آپکے شراکتی معاملات کے ساتھ ساتھ آپکے قرضہ جات سے بھی متعلق ہے اور اس حصے کا حاکم مریخ اس سال تیزی سے سفر کرتا ہوا سات قسم کی کیفیات سے گزرے گا یکم جون تا 14 فروری، 2 جولائی تا 14 اکتوبر اور 19 نومبر تا آخر سال مریخ حالت ترفیع اوج اور فرح میں رہتے ہوئے آپکے متعلقہ معاملات میں بہتری کا باعث ہوگا آپ کے رکے ہوئے کام بھی انشاءاللہ حل ہوجائیں گے جبکہ 14 فروری تا 31 مئی بالعموم اور 16 مئی تا 2 جولائی کا عرصہ بالخصوص موافق نہ ہوگا آپکے بنے بنائے کام بھی بگڑ سکتے ہیں قرض خواہ آپکی پریشانیوں میں اضافہ کا باعث ہونگے مشترکہ مالی معاملات میں بھی نقصان کا اندیشہ موجود ہوگا اسکے علاوہ 14 اکتوبر تا 19 نومبر کا عرصہ بھی موافق نظر نہیں آرہا اس دورانیہ میں آپکو احتیاط سے اقدام کرنے ہونگے۔

روحانیت، بیرون ملک سفر، حج وزیارات، اعلیٰ تعلیم آپکے زائچے کے نویں گھر کا حاکم ستارہ مشتری گذشتہ سال سے ہی

علی جنرل سٹور اینڈ ایزی پیسہ شاپ کمیٹی چوک جنڈ (اٹک)
قیوم ودی ہٹی مین بازار اٹیہ

www.humaliwalayazadar.com

نویں گھر حالت فرح میں رہتے ہوئے آپکی توجہ روحانی معاملات پر مرکوز کر رہا ہے آپکی طبیعت درود وظائف کیجانب مائل ہو رہی ہے اس سال خصوصی طور پر آپکا حج وزیارات کا پروگرام بن سکتا ہے یہ آپ پر پروردگار کا خاص کرم ہوگا تعلیم کے خواہشمند افراد کے لیے بہتر تعلیمی مواقع پیدا ہو رہے ہیں اسی طرح بیرون ملک تعلیمی اور کاروباری اغراض سے سفر کے خواہشمند افراد کے لیے بھی ماحول سازگار نظر آرہا ہے البتہ 10 اپریل تا 11 اگست ستارہ مشتری کی رجعت آپکے معاملات میں تعطل یا رکاوٹ کا باعث بن سکتی ہے اس صورت حال سے بچاؤ کے لیے مشتری سے منسوبہ روحانی تدارک آپکی مشکلات میں کمی کا باعث ہوگا۔

معیشت، کیریئر روزگار، ترقی، تنزلی آپکے کیریئر روزگار سے متعلقہ ستارہ زحل گذشتہ سال سے آپکے کیریئر کے گھر میں موجود ہے اور حالت فرح میں رہتے ہوئے آپکی ترقی اور کیریئر روزگار میں معاون ہے اس سال آپ کے لیے ضروری ہوگا کہ طویل دورانیے کے منصوبوں پر عمل پیرا ہوں زحل ستارہ جلدی اور مختصر عرصے کے منصوبوں کے لیے معاون نہیں ہوتا یکم تا 20 جنوری شمس کیریئر کے گھر حالت حضیض میں رہتے ہوئے آپکے کیریئر روزگار میں منفی اثرات مرتب کرے گا بالخصوص گورنمنٹ ملازمین کے لیے یہ وقت خاصہ مشکل ثابت ہو سکتا ہے خدانخواستہ آپکو تنزلی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے 20 جنوری کے بعد حالات میں بہتری آئے گی 30 اپریل کو کیریئر کا حاکم ستارہ زحل رجعت میں چلے جانے کی وجہ سے آپکے کاموں میں رکاوٹیں آنا شروع ہو جائیں گی ذاتی کاروبار کرنے والے افراد کو بھی اب مشکل صورت حال کا سامنا رہے گا یہ سلسلہ 18 ستمبر تک چلے گا اس کے علاوہ ملازم پیشہ افراد کو بھی اپنے سینیئر یا مالکان کی جانب سے کھچاؤ تناؤ اور مخالف رویوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے بتائے گئے عرصے کے علاوہ 17 جولائی کا قمری گرہن اور 26 دسمبر کے شمسی گرہن کو بھی ملحوظ خاطر رکھیں گرہن کے قریبی ایام بھی آپکو مشکل صورت حال سے دوچار کر سکتے ہیں۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری معاملات گذشتہ سال آپکے زائچے کے گیارہویں گھر مریخ کی منفی پوزیشن اور زحل کی رجعت دونوں آپکی خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ رہے ہیں اسی طرح کاروبار روزگار کے حوالے سے کی گئی آپکی کوششوں کو کامیابی سے ہمکنار نہیں ہونے دیا اس سال گو کہ صورتحال 100% آپکے حق میں نہ ہوگی مگر پھر بھی گذشتہ کی نسبت 2019 کافی بہتر ہوگا۔ آغاز سال تا 20 جنوری صورتحال بہتر ہوگی جبکہ 20 جنوری تا 19 فروری شمس کی گیارہویں وبال زدہ کیفیت آپکی خواہش کی تکمیل میں رکاوٹ ہوگی اس دوران اپنے کیریئر روزگار کے معاملات کو محدود رکھنا بہتر ہوگا دوستوں سے اختلافات سے پرہیز کریں 19 فروری تا 30 اپریل حالات آپکے موافق نظر آرہے ہیں اب آپکی خواہشات کی تکمیل ممکن ہوگی دوستوں سے وابستہ توقعات پوری ہوں گی آپ نئی منصوبہ بندیوں پر اپنے دوستوں کی مدد سے عمل پیرا ہیں۔ یکم مئی تا 18 ستمبر تک کا عرصہ آپکو محتاط روی سے گزارنا ہوگا اپنی خواہشات کو محدود کریں دوستوں سے وابستہ توقعات اب پوری ہونا مشکل ہوگا مجموعی طور پر آپکی خوش بختی متاثر ہو رہی ہے وسط ستمبر تا آخر سال حالات ایک بار پھر بہتر رہنے کا امکان ہے۔

بیرون ملک قیام، امیگریشن، خفیہ سازشیں 2019 آپکے بیرون ملک قیام اور ویزہ/ امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے موزوں ترین سال ہے قدرت کی مہربانی سے آپکو یہ موقع 13 سال بعد ملا ہے مگر اپلائی کرنے کے لیے آپکو درست وقت کا انتخاب کرنا ازحد ضروری ہوگا 10 فروری تا 17 اپریل آپکو اپلائی کرنے سے قبل کاغذات کی اچھی طرح جانچ پڑتال کر لینا ازحد ضروری ہوگا کسی بھی قسم کی جعلی دستاویزات کے استعمال سے گریز کریں پہلے سے اپلائی کیے گئے امیگریشن کیسز بھی اس دورانیے میں خارج ہو سکتے ہیں پہلے سے بیرون ملک مقیم افراد کو جگہ کی تبدیلی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے جو کہ بہتر نہ ہوگا 10 اپریل تا 11 اگست بوجہ رجعت مشتری ویزہ یا امیگریشن اپلائی کرنے سے پرہیز کریں ورنہ آپکو مایوسی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اسی دوران بارہویں زہرہ کی بحالت شرف موجودگی بھی رہے گی مگر عطارد کی رجعت اور ہبوطی کیفیت آپکے معاملات میں رکاوٹ کا باعث ہوگی اس سال آپکے خلاف خفیہ سازشوں کا بازار بھی گرم نظر آرہا ہے گو کہ عطارد کا ہبوط اور مشتری کی رجعت آپکے لیے اس حوالے سے رحمت خداوندی ثابت ہونگے آپکے مخالفین انتشار کا شکار رہیں گے۔

شمسی وقمری گرہن اس سال 3 شمسی اور 2 قمری گرہن واقع ہو رہے ہیں جنوری جولائی اور دسمبر کے گرہن آپکے خانگی، اولاد اور کیریئر روزگار سے متعلقہ معاملات کو متاثر کر رہے ہیں جبکہ 21 جنوری 3 اور جولائی کے گرہن بالخصوص آپکے خانگی، پراپرٹی اور رہائش کے معاملات کے علاوہ آپکے بچوں کی تعلیم اور انفیرز کو متاثر کرنے کا باعث بن رہے ہیں آپ پر لازم ہوگا کہ گرہن کے دورانیے میں 2 رکعت نماز کسوف وخسوف اور متعلقہ صدقات ضرور ادا کریں پروردگار عالم سے دعا ہے آپکے لیے ہر ممکن آسانیاں فراہم کرے اور آپ سب کو اپنی خاص رحمتوں کے سایہ میں پناہ عطا فرمائے آمین **صدقہ** ہر منگل 900 گرام دال مسور کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں۔ **ورد خاص** روزانہ ایک تسبیح سورہ یوسف آیت 64 ورد کریں بعد اول و آخر 10/10 مرتبہ درود پاک

قرآنی آیات سے جادو کا توڑ اور دیگر امراض سے شفایابی کے ڈاکٹر سید عقیل حسن شاہ مکان نمبر 52/4 الامین سوسائٹی بیدیاں روڈ لاہور کینٹ
0322-4812453

قمر بنی ہاشم لائبریری حسینیہ ہال 16- صدر روڈ پشاور صدر

حبیب لائبریری اینڈ سٹیشنری میلاد چوک واہ کینٹ

برج: ثور **TAURUS** **سیارہ: زہرہ**

رنگ: گہرا نیلا
عنصر: خاکی
جواہر: الماس، نیلم، فیروزہ
بہترین شریک حیات: سنبلہ، جدی
ناموافق ساتھی: اسد، عقرب، دلو

بیماریاں: حلق اور کانوں کے امراض، پھوڑے پھنسیاں، تولیدی مسائل

دن: جمعہ **عدد:** 1 **21 Apr to 21 May** **حروف:** ب، و

اہم نکات امسال دونوں بڑے سیارگان زحل اور مشتری آپکے زائچے کے اہم ترین مقامات پر قیام کرتے ہوئے بحکم خدا آپ پر انتہائی سعد اثرات مرتب کر رہے ہیں آپکے کیریئر روزگار، روحانی مدارج، بیرون ملک سفر، اعلیٰ تعلیمات اور وراثت جیسے اہم ترین امور میں ان شاء اللہ بڑی اور مثبت تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں دیگر سیارگان میں مریخ کی فلکی سیر امسال آپ پر مثبت اور منفی دونوں طرح کے اثرات مرتب کر رہی ہے آپکا اپنا ستارہ زہرہ اور شمس و عطارد امسال آپکے حالات پر درج ذیل اثرات مرتب کر رہے ہیں

آپکی شخصیت شخصی وقار بنیادی طور پر آپ ایک آرام طلب خوش مزاج ملنسار اور سیر و تفریح کے شائق شخصیت کے مالک ہیں 2019 جہاں آپکے لیے تفریح کے کئی ایک مواقع لے کر آرہا ہے وہیں آپکو گذشتہ کی نسبت زیادہ محنت کرنی ہوگی۔ 14 فروری تا 31 مارچ طالع میں مریخ کی موجودگی آپکے مزاج میں تیزی پیدا کر دے گی آپ قدرے جھنجلاہٹ کا شکار رہیں گے یہ وقت آپکی شخصی وقار کے لیے بہتر نہ ہوگا آپکو خود پر قابو رکھنا ہوگا ذہنی دباؤ کی صورت میں آپکا طرز عمل معاشرے میں آپکی عزت و توقیر میں کمی کا باعث بن سکتا ہے اسی دوران 6 مئی تا 21 مئی طالع میں عطارد کی بحالت حضیض موجودگی آپکو غلط فیصلوں اور نامناسب رویوں کی طرف دھکیل سکتا ہے 20 اپریل تا 15 مئی زہرہ کا وبال آپکی خود اعتمادی کو متاثر کر رہا ہے 15 مئی تا 9 جون آپکا ستارہ بحالت ترفع ہونے سے آپکی خود اعتمادی بحال ہوگی آپ خاصہ بہتر محسوس کریں گے 9 جون تا 3 جولائی آپکا ذاتی ستارہ اوج میں رہنے سے آپکی عزت و توقیر میں اضافہ ہوگا آپ معاشرے میں اپنا کھویا وقار بحال کرنے میں مصروف ہیں 28 جولائی تا 21 اگست آپکی سماجی مصروفیات بڑھ جائیں گی عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں 21 اگست تا 14 ستمبر کا عرصہ خاصہ مشکل ثابت ہو سکتا ہے آپکے افیئرز منظر عام پر آجانے کی وجہ سے آپکو کافی مشکل صورتحال کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اس دوران بچوں سے اختلافات سے گریز کریں۔ 14 ستمبر تا 18 اکتوبر حالات میں بہتری آئے گی مگر 18 اکتوبر تا آخر سال آپکو خاصہ محتاط رہنا ہوگا آپ ایکبار پھر ذہنی دباؤ کا شکار ہو سکتے ہیں سسرالی عزیزوں سے بھی تعلقات خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔

عزیز و اقارب ابتدائی تعلیم آپ لوگ کافی ملنسار اور سیر و تفریح کے شائق افراد ہوتے ہیں اس طرح سماجی تقریبات اور نزدیکی سفر آپکی توجہ کا مرکز اور آپکے لیے خاص اہمیت کے حامل ہیں امسال آپکو کافی بہتر ماحول میسر رہے گا مگر جیسے دن کے تعاقب میں رات ہوتی ہے اسی طرح سال کا کچھ دورانیہ آپکو ماحول موافق نہ مل سکے گا 21 جنوری، 17 جولائی دونوں قمری گرہن اور 16 مئی تا 2 جولائی بیت الاقرباء میں مریخ کا ہبوط آپکے تعلقات کشیدہ رکھے گا ان ایام میں آپکو از حد محتاط رہنا ہوگا تو ریکوں کو بھی اس دوران تعلیمی حوالے سے مشکلات پیش آ سکتی ہیں۔ اسکے علاوہ ہر ماہ ہونے والے قمر در عقرب کو بھی ضرور مد نظر رکھیں اور ہر قمر در عقرب میں قمر سے منسوبہ صدقات ضرور ادا کریں

مالی پوزیشن آپکے مالی معاملات سے متعلقہ ستارہ عطارد ایک تیز رفتار ستارہ ہے 10 فروری تا 17 اپریل ہبوط کے گھر رہتے ہوئے آپکو مشکلات سے دوچار رکھے گا اسی دوران 9 تا 28 مارچ عطارد کیں رجعت پذیر ہوگا یہ دورانیہ مالی امور کے حوالے سے بہت مشکل ثابت ہوگا جلد بازی میں کوئی فیصلہ نہ کریں خواہ وہ زبانی ہو یا تحریری اور کسی بھی حوالے سے چیک وغیرہ لکھ کر دینے سے گریز کریں 17 اپریل تا 21 مئی گو کہ حالات بہتر ہونگے مگر مکمل طور پر آپکے قابو میں نہ ہوں گے 21 مئی کو عطارد طالع میں آجانے سے حالات میں مثبت تبدیلی آئے گی آپ مالی طور پر بہتر فیصلے کرنے کی پوزیشن میں ہوں گے مالی پوزیشن مستحکم ہو رہی ہے سال کے باقی دورانیہ میں 14 ستمبر تا 3 اکتوبر، 9 تا 29 دسمبر کا عرصہ بھی کچھ محتاط روی کا متقاضی ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ باقی دورانیہ انشاءاللہ موافق ہوگا مجموعی طور پر مالی حوالے سے یہ ایک ملا جلا سال ہوگا۔

گھر خاندان پراپرٹی یکم جنوری تا 20 مارچ بیت الارض کا حاکم ستارہ شمس منفی پوزیشن میں ہوگا گھر کی تبدیلی یا پراپرٹی گھر کی خرید و فروخت سے گریز کریں 21 مارچ تا 20 اپریل حالات ملے جلے ہوں گے جہاں خانگی حالات میں بہتری متوقع ہے وہیں خاندان کے کچھ افراد کی جانب سے آپکے خلاف خفیہ سازشیں ہو سکتی ہیں گھر کی تبدیلی اور پراپرٹی کی خرید و فروخت کے لیے یہ سال کا بہترین وقت ہوتے خواہ وہ رہائش کیلئے ہو یا انویسٹمنٹ کے نقطہ نظر سے 20 مئی تا 21 جون حالات قدرے موافق نہ ہونگے آپکو احتیاط کرنا ہوگی 21 جون تا 23 اگست کا عرصہ گھر کی تزئین و آرائش، مرمت اور خرید و فروخت و تبدیلی کیلئے انتہائی موزوں وقت ہے 23 ستمبر تا 23 اکتوبر آپکو ایک بار پھر محتاط روش اختیار کرنا ہوگی دشمنوں کی ریشہ دوانیوں سے ایک بار پھر گھر کے حالات خراب ہو سکتے ہیں والدہ سے بھی کسی قسم کے اختلاف سے گریز کریں باقی عرصہ انشاءاللہ بہتر رہے گا۔

humaliwalayazadar.com

اولاد منگنی انعامی بے اولاد شوہر افراد کو انشاءاللہ امسال اولاد کی نوید مل سکتی ہے اگر آپ گذشتہ کئی سال سے بے اولاد ہیں تو بہتر ہوگا اپنا انفرادی

زائچہ ہونے کے دیکھ لیں بچوں کے حوالے سے اسسال آپکو 10 فروری تا 17 اپریل کا عرصہ بالخصوص اور 6 تا 21 اپریل، 14 ستمبر تا 13 اکتوبر اور 9 تا 29 دسمبر کا عرصہ موافق نہ ہوگا اپنے بچوں پر توجہ دیں بہت سے مسائل آپکی تھوڑی سی توجہ سے حل ہو سکتے ہیں۔ منگنی کے حوالہ سے 18 اپریل تا 6 مئی، 21 مئی تا 14 ستمبر، 3 اکتوبر تا 9 دسمبر کا عرصہ موافق ہوگا سال کا باقی عرصہ سیارگان کی ناموافق پوزیشن کی وجہ سے موافق نہ ہوگا اس نازک مرحلہ کو طے کرتے وقت سیارگان کی کیفیت کو مدنظر رکھنا ضروری ہوگا ورنہ بنی بنائی بات ختم ہو سکتی ہے انعامی بانڈ کے شائق افراد کیلئے بھی یہی دورانیہ قسمت آزمائی کیلئے موزوں ہوگا باقی عرصہ میں شاید قسمت یاوری نہ کرے۔

صحت، ملازمت، ملازمین اسسال آپکو اچھے برے دونوں طرح کے حالات کا سامنا رہے گا آغاز سال 7 جنوری تا 27 مارچ، 20 اپریل تا 15 مئی، 21 اگست تا 14 ستمبر، 8 اکتوبر تا 26 نومبر یہ سال کے وہ دورانیے ہیں جب آپکو اپنی صحت اور جاب دونوں کا خاص خیال رکھنا ہوگا لاپرواہی اور جلد بازی آپکو بڑے نقصانات سے دوچار کر سکتی ہے جاب کی تبدیلی کے لیے 27 مارچ تا 20 اپریل، 5 مئی تا 9 جون، 28 جولائی تا 20 اگست اور 14 ستمبر تا 18 اکتوبر کا عرصہ بہتر رہے گا اس دورانیہ میں جاب کی تبدیلی بہتر نتائج کی حامل ہوگی اسسال 7 جنوری تا 27 مارچ، 21 اگست تا 14 ستمبر تا 8 اکتوبر تا آخر سال آپکو اپنے ملازمین کیجانب سے مخالفت یا پریشانیوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے

humaliwalayazadar.com

شادی، ازدواجی زندگی، شراکت داری گزشتہ سال مریخ کی منفی پوزیشن اور رجعت نے آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات کو خاصہ متاثر کیا ہے گو کہ اسسال بھی حالات مکمل طور پر بہتر نہ ہونگے مگر گزشتہ سال سے کافی بہتر نظر آرہے ہیں ابتدائے سال میں یکم جنوری تا 14 فروری حالات خاصے بہتر رہیں گے 14 فروری تا 31 مارچ کچھ کھچاؤ تناؤ کی کیفیت رہے گی مگر 16 مئی تا 2 جولائی کا عرصہ آپکے لیے خاصہ مشکل ثابت ہوگا آپکو ہر صورت اپنے شراکتی ازدواجی تعلقات کو بچانا ہوگا حالات کشیدگی کی انتہا تک ہونگے محتاط رہیں ورنہ آپکے مابین علیحدگی ہو سکتی ہے 3 جولائی سے حالات میں مثبت تبدیلی رونما ہوگی اور یہ تبدیلی 4 اکتوبر تک جاری رہے گی اس دورانیہ آپکو اپنے تعلقات ازسرنو بہتر بنانے کا موقع ملے گا اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں 4 اکتوبر تا 19 نومبر حالات ایک بار پھر کشیدہ نظر آرہے ہیں احتیاط سے کام کریں 19 نومبر تا آخر سال کا عرصہ موافق نظر آرہا ہے شادی کے خواہشمند افراد کیلئے یکم جنوری تا 14 فروری، 2 جولائی تا 4 اکتوبر اور 14 نومبر تا آخر سال کا عرصہ بہتر ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ شادی نکاح جیسی تقریبات کے انعقاد سے گریز کریں اسکے علاوہ ایام عزا کو بھی ملحوظ خاطر رکھیں۔

وراثت، مشترکہ مالی معاملات، قرضہ اس حوالہ سے 2019 ایک بہترین سال ہے آپکے وراثتی معاملات سے منسوبہ ستارہ مشتری گزشتہ سال سے آپکے زائچے کے آٹھویں گھر موجود رہتے ہوئے آپکے وراثتی اور مشترکہ مالی معاملات پر انتہائی سعد اثرات مرتب کر رہا ہے آپکے سالوں سے رکے ہوئے وراثتی معاملات بھی اب حل ہو جائیں گے اسی طرح یہ سال مشترکہ مالی معاملات کے حوالہ سے بھی مجموعی طور پر ایک مثبت سال ہے البتہ 10 اپریل تا 11 اگست رجعت مشتری آپکے معاملات میں تاخیر کا سبب بن سکتی ہے تاخیر سے بچنے کیلئے مشتری سے منسوبہ روحانی تدارک کر سکتے ہیں 2019 اس حوالہ سے ایک بہترین سال ہے کہ اسسال وہ رقم جو آپ نے بطور قرضہ دی تھی آپکو واپس مل سکتی ہے جو کہ آپکی معاشی صورتحال میں ایک بہتر اور واضح تبدیلی کا باعث ہوگی۔

روحانیت، بیرون ملک سفر، حج و زیارات، اعلیٰ تعلیم 2019 آپکے بیرون ملک سفر ویزہ اور حج و زیارات کے حوالہ سے ایک بہترین سال ہے آپکے گذشتہ سالوں سے بند دروازے بھی انشاء اللہ کھل جائیں گے یکم تا 20 جنوری ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے پرہیز کریں اسکے علاوہ 30 اپریل تا 18 ستمبر کا عرصہ بھی قدرے موافق نہ ہوگا آپکے پروگرام التوا کے بعد بالآخر ملتوی ہو سکتے ہیں زحل کی رجعت بنتے کاموں کو بگاڑ سکتی ہے اعلیٰ تعلیم کے خواہشمند افراد کیلئے یہ ایک بہترین سال ہے البتہ زحل کی رجعت کے ایام میں آپکو قدرے مشکلات پیش آسکتی ہیں امتحانات سے قبل زحل سے منسوبہ صدقات ضرور ادا کریں زحل جہاں مشکلات لاتا ہے وہیں پروردگار کی جانب سے ان مشکلات سے نکلنے کے راستے بھی آپ تک پہنچتے ہیں اسی طرح جو لوگ ان مشکلات میں ثابت قدمی کے ساتھ پروردگار سے رجوع کرتے ہیں وہ یقینا روحانی مدارج کو طے کرنے میں کامیاب ہوتے ہیں یہ میرا ذاتی تجربہ ہے اسسال نویں روحانی امور سے متعلقہ گھر کا حاکم ستارہ زحل اپنے ہی گھر قیام کرتے ہوئے آپ کو نئے روحانی مدارج کیجانب گامزن کرے گا (ان شاء اللہ)

معیشت، کیریئر، روزگار، ترقی، تنزلی اسسال آپکے کیریئر روزگار کا حاکم ستارہ زحل طالع کو تثلیث کی نظر سے دیکھتے ہوئے تمام سال سعد اثرات مرتب کر رہا ہے آپکی ترقی خواہ وہ ملازمت میں ہو یا ذاتی کاروبار کی شکل میں پروردگار کے کرم سے یقینی ہے البتہ یکم جنوری تا 19 فروری کسی بھی قسم کے کاروباری منصوبہ کے آغاز سے گریز کریں بعد از 19 فروری کو معاملات آہستہ آہستہ معمول پر آجائیں گے مگر 30 اپریل تا 18 ستمبر قدرے سست روی کا شکار رہیں زحل کی رجعت آپکو متاثر کر سکتی ہے مگر اس سے بچاؤ بھی ممکن ہے بعد از 18 ستمبر تا آخر سال کا عرصہ انشاءاللہ موافق رہے گا آپکے کیریئر روزگار کے حوالے سے مجموعی طور پر ایک بہتر سال ہے

مشتاق بک ڈپو تحصیل بازار احمد پور شرقیہ — ملک کتاب گھر گڑھ موڑ 0333-7556677 — خالد بک ڈپو مسلم بازار گجرات

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد اس حوالہ سے یہ ایک ملا جلا سال ہے سال کی ابتداء اچھی ہو رہی ہے مگر 10 فروری تا 17 اپریل حالات قطعی موافق نہ ہونگے دوستوں سے بحث و تکرار سے گریز کریں یہ وقت آپکی خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ ہوگا کاروباری فوائد کے نتائج آپکی توقع کے برخلاف ہونگے دوسری طرف گیارہویں کا حاکم ستارہ مشتری 10 اپریل تا 11 اگست رجعت میں رہتے ہوئے آپکے تعلقات کشیدہ رکھے گا آپکو از حد محتاط روش اختیار کرنا ہوگی بعد از اگست حالات میں بہتری متوقع ہے اب قدرت کی مہربانی سے آپکی خواہشات کی تکمیل ممکن ہوگی آپ کاروباری حوالے سے مطلوبہ نتائج حاصل کرنے میں کوشاں ہیں دوست احباب کا بھی اس حوالہ سے بھرپور تعاون میسر رہے گا (ان شاء اللہ)

بیرون ملک قیام، امیگریشن، خفیہ سازشیں بیرون ملک مقیم افراد کو امسال ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا آغاز سال تا 13 فروری حالات موافق ہونگے گھر کی تبدیلی کا فیصلہ ممکن ہے مگر 14 فروری تا 2 جولائی کا عرصہ قطعی طور پر موافق نہ ہوگا آپکو واپسی کی راہ دیکھنا پڑ سکتی ہے ان ایام میں امیگریشن یا ویزہ اپلائی کرنے سے گریز کریں 3 جولائی تا 14 اکتوبر کا عرصہ اس حوالہ سے آپکی خواہشات کی تکمیل ممکن ہوگی گھر کی تبدیلی یا خریداری کیلئے ایک انتہائی موزوں وقت ہے مگر اسی دوران آپکے خلاف خفیہ سازشوں کا بازار بھی گرم ہوگا اپنے اردگرد نظر رکھیں 14 اکتوبر تا 19 نومبر کا عرصہ بھی ہوا میں آپکے خلاف چلتی نظر آ رہی ہیں آپ کے خفیہ دشمن اب کھل کے سامنے آ جائیں گے بیرون ملک مقیم افراد کیلئے ایک بار پھر قیام مشکل ہو جائے گا 20 نومبر تا 31 دسمبر تک کا عرصہ بھی انشاء اللہ بہتر رہے گا آپکے امیگریشن کے حصول کی راہیں ہموار ہو رہی ہیں

humaliwalayazadar.com

شمسی و قمری گرہن امسال 3 شمسی اور 2 قمری گرہن لگ رہے ہیں 6 جنوری، 17 جولائی اور 26 دسمبر کے گرہن آپکے زائچے کے نازک حصہ میں لگ رہے ہیں آپکے بیرون ملک سفر، اعلیٰ تعلیم اور سسرالی عزیز و اقارب سے تعلقات کیساتھ ساتھ آپکے سماجی تعلقات، گھر خاندان کے معاملات کو متاثر کر رہے ہیں جبکہ 21 جنوری اور 3 جولائی کے گرہن بہن بھائیوں، عزیز و اقارب اور نزدیکی سفر کو متاثر کر سکتے ہیں گرہن کے ایام میں گھر کی تبدیلی یا پراپرٹی کی خرید و فروخت سے گریز کریں۔ تمام گرہنوں کے اثرات سے بچنے کے لیے آپ پر لازم ہوگا کہ گرہن سے منسوبہ صدقات اور نماز کسوف خسوف ضرور ادا کریں پروردگار سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے **صدقہ** ہر منگل 900 گرام دال مسور کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں۔

ورد خاص روزانہ ایک تسبیح سورۃ توبہ آیت 128 ورد کریں بمعہ اول و آخر 15/15 مرتبہ درود پاک۔

برج: جوزا **سیارہ: عطارد** **GEMINI**

رنگ: ہلکا زرد

عنصر: بادی

جواہر: زمرد، فیروزہ، زبرجد، عقیق

بہترین شریک حیات: میزان، دلو

ناموافق ساتھی: سنبلہ، قوس، حوت

بیماریاں: گلے، سینے کے عوارض، نزلہ اور سانس کی تکالیف، اعصابی تکالیف

دن: بدھ عدد: 5 22 May to 21 Jun حروف: ق، ک

اہم نکات 2019ء جوزا افراد کے لیے ایک ملا جلا سال نظر آ رہا ہے آپکے زائچے کے ساتویں گھر مشتری جہاں شراکتی، ازدواجی اور کیریئر سے متعلقہ معاملات میں بہتری کا باعث ہوگا وہیں طالع کے مقابل رہتے ہوئے آپکے لیے کچھ مشکلات بھی پیدا کرتا رہے گا زحل زائچے کے آٹھویں نحس تمام سال موجود رہے گا اور آپکے ذہنی دباؤ میں اضافہ کرتا رہے گا تمام سال خانہ مال میں راہو کا قیام مالی معاملات میں آپکو رکاوٹوں اور بندشوں کا شکار رکھے گا آٹھویں زحل بھی خانہ مال کو مقابلے کی نظر سے دیکھ رہا ہوگا۔ اس پر ستم وسط مئی تا آغاز جولائی خانہ مال میں مریخ کا ہبوط آپکے مسائل میں کئی گنا اضافہ کر دے گا زحل مریخ کا مقابلہ اور راہو، مریخ قران یہ وہ تمام عوامل ہیں جو آپکی پریشانیوں میں اضافہ کا باعث ہونگے اس حوالہ سے آپکو خصوصی طور پر آغاز سال سے ہی روحانی تدارک بالضرور کر لینا چاہیے دیگر سیارگان کی سیر افلاک آپ پر درج ذیل اثرات مرتب کر رہی ہے۔

شخصی وقار جیسا کہ آپ گزشتہ سطور میں پڑھ چکے ہیں 2019ء آپکے لیے ایک ملا جلا سال ہے آغاز سال میں 10 فروری تا 17 اپریل عطارد کے گھر ہبوط اور رجعت میں رہے گا عطارد جو کہ آپکا ذاتی ستارہ ہے اس کا ہبوط آپکی ذہنی استطاعت کو متاثر کر رہا ہے آپکو گفتگو و تحریر میں از حد محتاط رہنا ہوگا آپکی عزت و توقیر داؤ پر ہوگی 17 اپریل تا 6 مئی حالات میں قدرے بہتری آئے گی 7 تا 21 مئی عطارد کی بارہویں موجودگی جہاں آپکے خفیہ دشمنوں کو بے نقاب کرے گی وہیں آپکو ذہنی انتشار کا شکار بھی رکھے گی بعد از 21 مئی تا 5 جون طالع میں عطارد کی موجودگی گزشتہ مشکلات پر تیزی سے قابو پانے میں مددگار ہوگی آپکی خود اعتمادی بحال ہو رہی ہے 29 اگست کو عطارد چوتھے شرفی گھر آ جائے گا اور 14 ستمبر تک یہیں قیام کرتے ہوئے آپکی عزت و توقیر میں اضافہ کا باعث

15 ستمبر تا 13 اکتوبر حالات قدرے موافق نہ ہونگے بحث وتکرار سے گریز کریں 3 اکتوبر تا 9 دسمبر کا عرصہ ایک بار پھر حالات آپکے موافق ہونگے 10 دسمبر تا آخر سال عطارد وبال میں بھی ہوگا اور طالع کے مقابل بھی ہوگا احتیاط لازم ہے۔

humaliwalayazadar.com

مالی پوزیشن امسال آپکو سب سے زیادہ اپنی مالی پوزیشن پر توجہ دینے کی ضرورت ہوگی جیسا کہ گذشتہ سطور میں بتا چکا ہوں تمام سال خانہ مال میں راہو کی موجودگی اور آٹھویں زحل کی موجودگی آپکو شدید مالی تنگی کا شکار کرسکتی ہے آپ ایک لاابالی شخصیت کے حامل فرد ہیں مگر اب لاپرواہی کرنا مہنگا پڑ سکتا ہے اس حوالہ سے روحانی تدارک ضرور کریں 16 مئی کو مریخ بھی خانہ مال میں آجائے گا مریخ کی ہبوطی کیفیت پہلے سے خراب مالی پوزیشن کو مزید خراب کرنے کا باعث بن سکتی ہے الغرض آپکو امسال شدید مالی تنگی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے پروردگار آپکو اپنی امان میں رکھے

عزیز واقارب، ابتدائی تعلیم، نزدیکی سفر گزشتہ سال بیت الاقرباء میں راہو کی موجودگی نے آپکے تعلقات عزیز واقارب سے کشیدہ رکھے ہیں نزدیکی سفر معمول سے کم رہے ہیں اور جوز ا بچوں کو تعلیمی میدان میں روکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا ہے امسال حالات گذشتہ کی نسبت بہت بہتر رہیں گے (ان شاء اللہ) مگر چونکہ سیارگان سیر افلاک کے دوران مختلف حالتوں سے گزرتے ہیں اس لیے انکے مثبت ومنفی اثرات مرتب کرتے ہیں اس لیے ہمارے معاملات بھی اتار چڑھاؤ کا شکار رہتے ہیں امسال آغاز سال تا 19 فروری بیت الاقرباء کا حاکم شمس پہلے حضیض اور پھر وبال میں رہتے ہوئے آپکے تعلقات کشیدہ رکھے گا جوزا بچوں کو خاص احتیاط کی ضرورت ہوگی عزیز واقارب سے تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں 20 فروری سے حالات گو کہ بہتر ہونا شروع ہوجائیں گے مگر 21 مارچ تا 21 اپریل کا دورانیہ انشاء اللہ بہترین گزرے گا گزشتہ جاری کشیدگی کا خاتمہ ممکن ہوگا دوستوں کیساتھ سیر وتفریح کا پروگرام بن سکتا ہے جوزا بچے نئے تعلیمی مدراج طے کرنے میں مشغول اور کافی مطمئن نظر آرہے ہیں 20 مئی تا 21 جون شمس کی طالع میں بحالت طرح موجودگی آپکے تعلقات ایکبار پھر کشیدہ کرسکتی ہے عزیز واقارب کیجانب سے آپکی ذات الزامات کی زد میں ہوگی نزدیکی سفروں کا پروگرام ملتوی ہوسکتا ہے جوزا بچوں کو بھی مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے آپکی توجہ تعلیم سے ہٹ رہی ہے 21 جون تا 23 اگست حالات انتہائی موافق نظر آرہے ہیں نزدیکی سفروں کے پروگرام بن سکتے ہیں عزیز واقارب سے تعلقات میں بھی بہتری متوقع ہے 23 ستمبر تا 23 اکتوبر کا دورانیہ ایکبار پھر آپکی مشکلات میں اضافہ کردے گا اس دوران سفر سے گریز کرنا بہتر ہوگا سال کا باقی دورانیہ ان شاء اللہ بہت بہتر گزرے گا

گھر، خاندان، پراپرٹی ابتدائے سال تا 10 فروری آپکے متعلقہ معاملات بہتر نظر آرہے ہیں 10 فروری تا 17 اپریل آپکے خاندانی معاملات بہت بگڑ سکتے ہیں از حد محتاط رہیں گفتگو اور فیصلوں میں جلد بازی سے گریز کریں پراپرٹی کے لین دین اور گھر کی تبدیلی کے لیے یہ وقت قطعی موزوں نہ ہوگا 18 اپریل تا 6 مئی کا دورانیہ بہتر ہوگا معاملات سدھارنے کا موقع ملے گا۔ 6 مئی تا 21 مئی کا دورانیہ میں پراپرٹی کے لین دین میں محتاط رہیں 22 مئی تا 14 ستمبر خانگی معاملات بہتر رہیں گے یہ دورانیہ گھر کی تبدیلی تزئین وآرائش ،مرمت کے لیے انتہائی موزوں ہے خواہش مند افراد کے لیے گھر پراپرٹی کا حصول ممکن ہوگا 14 ستمبر تا 13 اکتوبر کا دورانیہ محتاط روش کا متقاضی ہوگا خانگی معاملات آپکی پریشانی میں اضافہ کا باعث ہوگا 13 اکتوبر تا 9 دسمبر کا عرصہ ایکبار پھر بہتر ہوگا آپ خانگی معاملات کو درست کرنے میں مصروف ہیں گھر کی تبدیلی کے قوی امکانات ہونگے مگر 10 تا 29 دسمبر کا دورانیہ ایکبار پھر موافق نہ ہوگا محتاط رہیں۔

اولاد، انعامی بانڈ، منگنی اولاد کے خواہش مند جوزا افراد کو امسال انشاء اللہ گوہر مقصود مل جائے گا جوزا افراد کو امسال اپنے بچوں پر خاص توجہ دینا ہوگی آغاز سال تا 27 مارچ کا دورانیہ بہتر نہ ہوگا آپکے بچوں میں خود سری بڑھ رہی ہے 28 مارچ تا 20 اپریل حالات بہتر رہیں گے مگر 21 اپریل تا 15 مئی معاملات آپکی توقع کے بالکل برعکس نظر آرہے ہیں آپکے بڑے بچوں کے ازدواجی تعلقات مسائل کا باعث ہونگے 15 مئی تا 21 اگست کا دورانیہ خاصہ بہتر گزرے گا آپ کافی مطمئن نظر آرہے ہیں 21 اگست تا 14 ستمبر کا دورانیہ آپکے لیے بچوں کے حوالہ سے ایک مشکل وقت ثابت ہوسکتا ہے بچوں کی وجہ سے خانگی ماحول آپکے کنٹرول سے باہر ہورہا ہے اس دورانیہ کو تدبر اور محتاط رویہ سے گزاریں 15 ستمبر تا 18 اکتوبر کے دوران آپکے مابین ماحول خوشگوار رہے گا انشاء اللہ معاملات کو حل کرنے کا موقع ملے گا مگر 18 اکتوبر تا آخر سال کا دورانیہ آپکے لیے کسی امتحان سے کم نہ ہوگا بالخصوص 18 اکتوبر تا 19 نومبر اس دوران حاملہ خواتین کو خاص طور پر احتیاط کرنا ہوگی منگنی اور انعامی بانڈ کے حوالے سے 27 مارچ تا 20 اپریل، 15 مئی تا 3 جولائی، 14 ستمبر تا 18 اکتوبر کا عرصہ موافق ہوگا اس دورانیہ میں آپکی منگنی طے ہونے اور کوئی بڑا انعام نکلنے کے قوی امکانات ہونگے بتائے گئے عرصے کے علاوہ ایسے کسی بھی معاہدے اور قسمت آزمائی سے گریز کرنا بہتر ہوگا۔

شادی، ازدواجی زندگی، شراکت داری آپکی شراکتی ازدواجی زندگی سے منسوب ستارہ مشتری گزشتہ سال سے آپکے ساتویں برج قوس میں اپنے ہی گھر آچکا ہے اور بفضل تعالیٰ آپکو اپنی سعادتوں سے نواز رہا ہے مشتری 2 دسمبر تک یہیں قیام کرے گا وہ جوزا خواتین وحضرات جن کی شادی کسی بھی وجہ

www.humaliwalayazadar.com

سے تا حال نہیں ہوسکی ان شاء اللہ اب انجام پانے کے قوی امکانات ہونگے آغاز سال تا 10 اپریل آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات میں انتہائی بہتری دیکھنے میں آئے گی آپ اپنی ازدواجی زندگی کو انجوائے کر رہے ہیں آپکو نئے شراکتی معاہدوں کی آفر مل رہی ہے اور یہ بہترین وقت ہے کیونکہ مشتری آپکے کیریئر روزگار کا بھی حاکم ہے 10 اپریل تا 11 اگست مشتری رجعت پذیر رہنے سے آپکے کاموں میں رکاوٹ پیدا ہو جائے گی آپکے کام بنتے بنتے رک سکتے ہیں اسی طرح آپکے ازدواجی تعلقات میں بھی کشیدگی پیدا ہو جائے گی۔ آپکو یہ وقت صبر وتحمل سے گزارنا پڑے گا بعد از 11 اگست انشاء اللہ معاملات میں بہتری آنا شروع ہو جائے گی دسمبر میں مشتری ہبوط کے گھر چلے جاتے ہیں معاملات خراب ہونگے آپکو ازحد محتاط رہنا ہوگا

وراثت ,مشترکہ مالی معاملات ,قرضہ ایک طرف آپکے شراکتی مالی معاملات کا حاکم مشتری آپکے لیے ماحول کو بہتر بنا رہا ہے تو دوسری طرف ستارہ زحل آٹھویں میں رہتے ہوئے آپکے شراکتی مالی معاملات کو محفوظ بنا رہا ہے یکم تا 20 جنوری شمس کی آٹھویں ضعیف زدہ پوزیشن آپ سے محتاط روش کی متقاضی ہوگی 26 جنوری تا 30 اپریل حالات بہتر رہیں گے وہ احباب جو قرض کے خواہشمند ہیں انکو حسب خواہش کامیابی مل سکتی ہے اسی طرح آپکے وراثتی معاملات بھی حل ہونگے (ان شاء اللہ) مگر یکم مئی تا 18 ستمبر آپکے لیے قرضہ یا وراثت کا حصول مشکل ہوگا ان ایام میں آپکو مشترکہ معاملات میں مالی پریشانیوں سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے سال کا باقی عرصہ ان شاء اللہ ایکبار پھر آپکے مقاصد کے حصول میں معاون ہوگا

روحانیت ,بیرون ملک سفر ,حج وزیارات ,اعلیٰ تعلیم 2018ء کی نسبت 2019ء آپکے درج بالا امور کے لیے انتہائی موافق ہے گزشتہ سال نادیں مریخ کی موجودگی اور زحل کی رجعت دونوں نے آپکو اچھا خاصہ متاثر کیا ہے مگر امسال حالات گزشتہ سال کی نسبت بہت بہتر ہونگے گو کہ امسال بھی کچھ دورانیہ موافق نہ ہوگا مگر زیادہ تر حالات بہتری پر مائل رہیں گے 20 جنوری تا 19 فروری بیرون ملک سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں تعلیمی حوالہ سے بھی آپکو مشکلات سے واسطہ پڑ سکتا ہے اسکے بعد یکم مئی تا 18 ستمبر آپکو رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے بنیادی طور پر زحل کی رجعت آپکو متاثر کر سکتی ہے اگر آپ حج و زیارات کے مشتاق ہیں تو اپنے سفری معاملات کو یکم مئی سے قبل مکمل کر لیں روحانی علوم کے حوالے سے آپکو خاص طور پر محتاط رہنا ہوگا آٹھویں زحل کی رجعت آپکو ذہنی دباؤ کا شکار کر سکتی ہے اپنے عقائد کی حفاظت کریں سال کا باقی دورانیہ انشاء اللہ حالات موافق رہیں گے مشکل دورانیہ میں زحل سے منسوب روحانی تدارک کر لیں۔

معشیت ,کیریر روزگار ,ترقی ,تنزلی جوزا افراد کے لیے کیریئر کا حاکم ستارہ مشتری دسمبر تک اپنے ہی گھر قیام پذیر رہتے ہوئے آپ پر سعد اثرات مرتب کر رہا ہے مگر دوسری طرف یہ آپکے طالع کے مقابل ہوگا آپکو بہت سوچ سمجھ کر اقدامات کرنے ہوں گے بالخصوص 10 فروری تا 17 اپریل آپکے لیے لازم ہوگا کہ ہر قدم پھونک پھونک کر اٹھائیں اس دوران کیے گئے زبانی یا تحریری ہر قسم کے معاہدے پایہ تکمیل تک نہ پہنچ سکیں گے اسطرح ہر صورت میں آپکے لیے نقصان دہ ہونگے محتاط رہیں دوسری طرف 10 اپریل تا 11 اگست مشتری رجعت میں ہونے سے آپکے معاملات سست روی یا رکاوٹ کی طرف دھکیل دے گی مشتری کی رجعت سے بچاؤ کے لیے صدقات اور کام سے متعلقہ دعاؤں کا استعمال بہتر ہوگا بتائے گئے ہوئے ایام میں اپنے سپئیر سے اختلافات سے گریز کریں ورنہ آپکو تنزلی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے رجعت کے اختتام کے بعد کے دورانیہ میں آپکے لیے حالات انشاء اللہ بہتر ہونگے آپکو ترقی کے بہتر مواقع میسر ہونگے۔

دوست احباب ,خواھشات ,کاروباری فوائد 2019ء آپکے تعلقات اور خواہشات کی تکمیل کے حوالہ سے ایک ملا جلا سال ہے یکم تا 14 فروری بیت الامید کا حاکم حالت ترفع میں رہتے ہوئے آپکے تعلقات کو مستحکم بنا رہا ہے آپکی خواہشات کی تکمیل ممکن ہوگی مگر 15 فروری تا 31 مارچ بالعموم اور 16 مئی تا 2 جولائی کا دورانیہ قطعی موافق نہ ہوگا آپکو ازحد محتاط رہنا ہوگا اپنی خواہشات کی تکمیل نہ ہونے پر مایوسی یا ناشکری کا شکار نہ ہوں اور دوستوں سے اختلافات سے گریز کریں 3 جولائی سے حالات میں مثبت تبدیلی رونما ہونا شروع ہو جائے گی دوستوں سے اختلافات ختم کرنے میں مدد ملے گی کاروباری معاملات میں آپکی خواہشات کی تکمیل ممکن ہوگی یہ سلسلہ 14 اکتوبر تک جاری رہے گا 15 اکتوبر تا 19 نومبر کا دورانیہ آپکے لیے موافق نہ ہوگا اپنے معاملات کو پہلے ہی سمیٹ لینا بہتر ہوگا سال کا باقی دورانیہ بھی انشاء اللہ بہتر ہوگا مگر اس دورانیہ میں آپکو دوستوں کی مخالفت کا بھی سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

بیرون ملک قیام ,امیگریشن ,خفیہ سازشیں 7 جنوری تا 4 فروری کا عرصہ امیگریشن کے حصول کے لیے ایک بہتر وقت ہوگا یکم تا 27 مارچ کے دورانیہ میں ایسی کسی بھی کوشش سے گریز کریں ورنہ ناکامی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اس دوران آپکے خفیہ دشمن بھی پریشان رہیں گے مگر 27 مارچ تا 20 اپریل جہاں آپکے خلاف خفیہ سازشیں بڑھ جائیں گی وہیں یہ دورانیہ امیگریشن یا جگہ کی تبدیلی کے لیے موافق ترین وقت ہوگا 21 اپریل تا 15 مئی حالات ایکبار پھر آپکے موافق نہ ہونگے بیرون ملک مقیم افراد کو جگہ کی تبدیلی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے امیگریشن سے متعلقہ معاملات آپکے خلاف نظر آرہے ہیں۔

مدرسہ دار العلوم جعفریہ کربلا خوشاب   انجمن لائبریری ڈاکخانہ شیر کوٹ کوہاٹ   سہیل نیوز ایجنسی فوارہ چوک دریا خان

www.humaliwalayazadar.com

16 مئی تا 21 اگست حالات آپکے موافق ہونگے اب آپکی خواہشات کی تکمیل ممکن ہوگی امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے یہ ایک بہترین وقت ہے 22 اگست تا 14 ستمبر کا عرصہ سال کا مشکل ترین وقت ہوگا بیرون ملک مقیم افراد کو واپسی کی راہ دیکھنا پڑسکتی ہے آپکے کیسسز خارج ہونے کے امکانات ہیں 15 ستمبر تا 8 اکتوبر سال کا آخری وقت ہوگا جب آپ امیگریشن اپلائی کرسکتے ہیں مگر اسی دوران اسی حوالہ سے لین دین سے گریز کرنا بہتر ہوگا محتاط رہیں اسی دوران آپکے خلاف خفیہ سازشوں کا بازار بھی گرم ہوگا سال کا باقی دورانیہ حالات آپکے موافق نہ ہونگے۔

شمسی وقمری گرہن امسال ایک قمری اور دو شمسی گرہن آپکے زائچے کے اہم ترین اور خطرناک ترین جگہ آٹھویں گھر لگ رہے ہیں آپ پر لازم ہوگا کہ 6 جنوری، 17 جولائی اور 26 دسمبر کے گرہنوں کو ضرور مد نظر رکھیں باقی دو گرہن آپکے زائچے کے خانہ مال اور بیت الاقرباء میں لگیں گے امسال لگنے والے گرہن آپکی مالی پوزیشن اور سماجی تعلقات کو بالخصوص متاثر کرنے کا باعث بنیں گے اسکے علاوہ اوپر بتائے گئے تینوں گرہن آپکے شراکتی مالی اور وراثتی معاملات کو بھی متاثر کررہے ہیں بالخصوص ان ایام میں صدقہ اور نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں پروردگار آپکو ہر حادثہ سے محفوظ رکھے آمین۔

ورد خاص روزانہ صبح وشام ایک تسبیح ورد کریں مع اول وآخر 17-17 مرتبہ درود پاک یَانَصِیْرُ اُنْصُرْنِیْ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ

صدقہ ہر ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں لیں یا پرندوں کو ڈال دیں صدقہ راستے میں ہرگز نہ ڈالیں۔

برج: سرطان **CANCER** **سیارہ:** قمر

رنگ: سفید دودھیا

عنصر: آبی

جواہر: پکھراج، موتی، زمرد، عقیق

بہترین شریک حیات: عقرب، حوت

ناموافق ساتھی: حمل، جدی، میزان

بیماریاں: پھیپھڑوں اور سانس کی تکلیف، معدہ، گردوں اور چھاتی کی تکالیف

دن: پیر — عدد: ۲ — 22 June to 23 July — حروف: ح، ہ

اہم نکات 2019ء آپکے لیے ایک ملا جلا سال ہے ستارہ مشتری چھٹے رہتے ہوئے جہاں آپکی صحت اور جاب پر مثبت اثرات مرتب کررہا ہے وہی آپکی مخالفین بھی بڑھ جائیں گی دوسرا بڑا ستارہ زحل ساتویں موجود رہتے ہوئے شراکتی ازدواجی تعلقات کو بہتر بنارہا ہے دوسری طرف طالع میں راہو کی موجودگی اور زحل راہو مقابلہ آپکو مسائل سے بھی دوچار رکھے گی امسال پانچویں بیت الاولاد کا حاکم مریخ وسط مئی تا آغاز جولائی ہبوط میں رہتے ہوئے آپکو اولاد اور کیریر روزگار کے مسائل سے دوچار کرسکتا ہے۔ دیگر سیارگان میں عطارد، زہرہ اور شمس وقمر آپ پر درج ذیل اثرات مرتب کررہے ہیں۔

شخصی وقار یوں تو شخصی وقار ہر انسان کے لیے خاص اہمیت کا حامل ہوتا ہے مگر برج سرطان والے اس حوالہ سے کچھ زیادہ ہی حساس طبع واقع ہوتے ہیں کیونکہ انکا ذاتی ستارہ قمر ہر ماہ عروج وزوال کا شکار رہتا ہے آپکو بالخصوص قمر در عقرب پر خاص نظر رکھنی چاہیے اور اس دورانیہ میں قمر سے منسوب صدقات بالضرور ادا کرنے چاہیں امسال ہونے والے دو قمری گرہن بالترتیب 21 جنوری اور 17 جولائی آپکے عزت وقار میں کمی کا باعث بن سکتے ہیں محتاط رہیں اسکے علاوہ 16 مئی تا 2 جولائی طالع میں مریخ کی ہبوطی کیفیت آپکے مزاج میں چڑچڑاپن بڑھادے گی آپکو خود پر کنٹرول رکھنا ہوگا آپکی پریشانیوں کی وجہ آپکی منگنی، بچے یا پرسنل افیئرز کے علاوہ آپکے والد، ساس یا کاروباری معاملات ہوسکتے ہیں 21 جولائی کو شمس کے طالع میں آجانے سے آپکا کھویا ہوا وقار بحال ہوسکے گا آپکی خود اعتمادی اور عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا ان شاءاللہ۔

مالی پوزیشن گزشتہ سال خانہ مال کے راہو سے متاثر ہونے کی وجہ سے سرطان افراد کافی مشکل کا شکار رہے ہیں امسال صورتحال انشاءاللہ گزشتہ کی نسبت بہتر رہے گی یکم جنوری تا 20 مارچ مالی پوزیشن کچھ بہتر نہ ہوگی آمدن اور اخراجات میں توازن برقرار رکھیں اضافی اخراجات سے گریز کریں 21 مارچ تا 20 مئی مالی پوزیشن انشاءاللہ بہتر رہے گی آپکے لیے سیونگ بھی ممکن ہوگی 21 مئی تا 2 جولائی کا دورانیہ سال کا مشکل ترین وقت ثابت ہوگا محتاط رہیں کاروباری لین دین مشکل ہوجائے گا دوسری طرف آپکو بچوں اور سوشل لائف کے حوالے سے اضافی اخراجات کا بھی سامنا کرنا پڑسکتا ہے 3 جولائی تا 23 اگست کا دورانیہ گزشتہ مسائل کو تیزی سے حل کرنے میں مددگار ہوگا خانہ مال کا حاکم طالع میں اوج یافتہ اور بعد ازاں خانہ مال میں حالت ترفع موجودگی آپکے مالی مسائل میں کمی کا باعث ہوگی معاشی پوزیشن مستحکم ہورہی ہے۔ 23 ستمبر تا 23 اکتوبر کا دورانیہ آپکے لیے مالی مشکلات سے بھرپور ہوسکتا ہے بہتر ہوگا اس حوالے سے قبل از وقت منصوبہ بندی کرلیں سال کا باقی دورانیہ ان شاءاللہ بہتر گزرے گا۔

عزیز واقارب، ابتدائی تعلیم، نزدیکی سفر ان تمام امور کا تعلق آپکے زائچے کے تیسرے گھر بیت الاقرباء یا بیت السفر سے ہے امسال آغاز میں ہی 10 فروری تا 17 اپریل آپکو عزیز واقارب کے ساتھ تعلقات بنائے رکھنے میں مشکلات پیش آسکتی ہیں سفر کا پروگرام ملتوی ہوسکتا ہے 17 اپریل تا 6 مئی کا دورانیہ حالات قدرے موافق رہیں گے 7 تا 21 مئی کو کہ عزیز واقارب کی طرف سے آپکے خلاف بہت سے اقدامات کیے جائیں گے مگر ان شاءاللہ انہیں مایوسی کا سامنا رہے گا

0333 5784050 القائم بک ڈپو نزد امام بارگاہ بھون روڈ چکوال
0922517655 خورشید کتاب گھر چوک زرگراں کوہاٹ

www.humaliwalayazadar.com

ان ایام میں سفر سے گریز کرنا بہتر ہوگا 21 مئی تا 14 ستمبر کا دورانیہ سال کا سب سے بہترین وقت ہوگا عزیز و اقارب بالخصوص بہن بھائیوں سے تعلقات میں بہتری آئے گی قریبی سفروں کا پروگرام بن سکتا ہے آپ خاصے مطمئن نظر آرہے ہیں 14 ستمبر تا 3 اکتوبر بہن بھائیوں اور عزیز و اقارب کیساتھ تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں بلا تصدیق کسی بھی بات پر یقین نہ کریں افواہوں کا بازار گرم رہے گا 3 اکتوبر تا 9 دسمبر گزشتہ کشیدگی پر قابو پانے میں مدد ملے گی حالات بہتر ہیں مگر 9 تا 31 دسمبر آپکو ایکبار پھر تحمل اور بردباری سے گزارنا ہوگا ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کو 10 فروری تا 17 اپریل، 6 تا 21 مئی 14 ستمبر تا 3 اکتوبر 9 تا 31 دسمبر مشکلات پیش آسکتی ہیں آپکے لیے بہتر ہوگا آپ یا آپکے والدین روزانہ ایک تسبیح سورۃ طٰہٰ آیت 25 تا 28 تلاوت کریں ان شاء اللہ مشکلات سے محفوظ رہیں گے

گھر، خاندان، پراپرٹی امسال آغاز سال تا 26 مارچ آپکو محتاط روش اختیار کرنا ہوگی پراپرٹی کے لین دین یا گھر کی تبدیلی سے گریز کریں والدہ کی طرف سے پریشانی کا سامنا ہو سکتا ہے 27 مارچ تا 20 اپریل کا دورانیہ سال کا سب سے بہترین دورانیہ ہے خاندان کے افراد سے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں پراپرٹی کی خرید و فروخت، گھر کی تبدیلی یا تزئین و آرائش کے لیے یہ بہترین وقت ہے 21 اپریل تا 15 مئی کا دورانیہ موافق نہ ہوگا کچھ افراد کو کاروباری یا کیریئر کے حوالے سے جگہ کی تبدیلی کا سامنا ہو سکتا ہے 16 مئی تا 21 اگست کا دورانیہ انشاء اللہ بہتر گذرے گا حسب خواہش رہائش یا کاروباری حوالے سے پراپرٹی کا حصول ممکن ہوگا خواہشمند افراد کے لیے بہتر اور کھلے گھر کا حصول ممکن ہوگا خانگی معاملات میں بھی بہتری آئے گی 21 اگست تا 14 ستمبر ایسے کسی بھی اقدامات سے قطعی گریز کریں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے کچھ افراد کو خواہش کے برخلاف مجبوراً جگہ کی تبدیلی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے 14 ستمبر تا 18 اکتوبر گو کہ آپکو معاملات سنبھالنے کا موقع ملے گا مگر یہ عارضی بہتری ہے 19 اکتوبر تا 31 دسمبر کا دورانیہ آپکے لیے قطعی موافق نہ ہوگا آپکو بے حد محتاط رہنا ہوگا۔

اولاد، انعامی بانڈ، منگنی بچوں کے حوالے سے گزشتہ سال آپکے لیے کسی امتحان سے کم نہ تھا گو کہ امسال حالات گذشتہ کی نسبت بہتر ہونگے مگر آپکو اچھے برے دونوں طرح کے حالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے یکم جنوری تا 14 فروری، 2 جولائی تا 14 اکتوبر، 19 نومبر تا آخر سال یہ وہ دورانیہ ہیں جب آپکو بچوں کے حوالے سے خوشخبری مل سکتی ہے خواہشمند افراد کی منگنی طے پانے کے قوی امکانات ہیں درج بالا ایام انعامی سکیموں میں شرکت کیلئے بھی موزوں ہونگے جبکہ باقی کا عرصہ بچوں سے منسوب معاملات اور منگنی یا نسبت طے کرنے کے حوالے سے قطعی مناسب نہ ہوگا بالخصوص 14 فروری تا 2 جولائی کا دورانیہ کسی طور مناسب نہ ہوگا اس دوران کئی منگنیاں ختم ہو سکتی ہیں حاملہ خواتین کو بھی ان ایام میں خاص احتیاط کی ضرورت ہوگی۔

صحت، ملازمت، ملازمین آپکے بیت الصحت کا حاکم ستارہ مشتری آغاز سال تا 2 دسمبر اپنے ہی گھر میں رہتے ہوئے آپکی ملازمت اور صحت دونوں پر سعد اثرات مرتب کر رہا ہے امسال انشاء اللہ آپکو حسب خواہش بہترین جاب مل جائے گی البتہ 10 اپریل تا 11 اگست مشتری کی رجعت آپکے لیے کچھ پریشان صورتحال کا بھی باعث بن سکتی ہے آپکو پٹھوں کے کھچاؤ، نظام ہضم اور کولہوں کی درد پریشان کر سکتی ہے مشتری کی رجعت کے دورانیہ میں آپکو اپنے ملازمین کی جانب سے بھی پریشانی اٹھانی پڑ سکتی ہے 2 تا 26 نومبر آپکے خانگی حالات آپکی صحت کی خرابی کا باعث بن سکتے ہیں خاندان کے کسی بھی افراد کی مداخلت سے آپکی جاب جا سکتی ہے بعد از 2 دسمبر اپنی صحت اور جاب دونوں کا خاص خیال رکھیں اب ہوا بالکل مخالف رخ پر ہوگی جاب کسی صورت مت چھوڑیں۔

شادی، ازدواجی زندگی، شراکت داری امسال یوں تو آپکو شادی کے کئی ایک مواقع میسر آئیں گے کیونکہ آپکے بیت الزوج کا حاکم ستارہ زحل عین ساتویں موجود ہے اور تمام سال یہیں قیام کرے گا مگر آغاز سال تا 20 جنوری ساتویں شمس کی موجودگی میں شادی قطعی مناسب نہ ہوگی 30 اپریل تا 18 ستمبر زحل کی رجعت آپکی شادی میں رکاوٹ پیدا کر دے گی اور نہ ہی اس دوران ایسی تقریبات کا انعقاد مناسب ہوگا اس دوران کئی شادیاں بعد ازاں ختم ہونے یا ناخوشگوار صورتحال سے دوچار کر سکتی ہیں پہلے سے شادی شدہ اور شراکت داری میں کام کرنے والے افراد کو بھی یہ عرصہ محتاط روی اور تحمل سے گذارنا ہوگا زحل کی رجعت آپکے مابین اختلافات پیدا کر سکتی ہے وہ افراد جو شراکت داری میں کام کرنے کے خواہشمند ہیں انھیں اس دوران مایوسی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے باقی سال انشاء اللہ موافق رہے گا۔

وراثت، مشترکہ مالی معاملات، قرضہ وہ سرطان افراد جو گذشتہ کئی سال سے وراثتی معاملات میں پھنسے ہوئے تھے امسال انشاء اللہ انکے مسائل حل ہونے کے قوی امکانات موجود ہیں آپکو صرف 20 جنوری تا 19 فروری، 30 اپریل تا 18 ستمبر قدرے مشکلات کا سامنا رہے گا اسی طرح شراکت داری میں کام کرنے والے افراد کو بھی مشترکہ مالی معاملات میں بھی اس دوران خسارے یا مالی معاملات میں الجھاؤ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے وہ افراد جو کسی بھی حوالے سے امسال مقروض ہیں انھیں قدرے مشکل صورتحال کا سامنا رہے گا آپکو قرض خواہ کی طرف سے شدید تنقید اور دباؤ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

روحانیت، بیرون ملک سفر، حج و زیارات، اعلیٰ تعلیم 2019 ان حوالہ جات کی نسبت سے آپکو خداوند متعال کا خاص تحفہ ہے

خاور برادرز بک ڈپو ڈیرہ اسماعیل خان
نیوز کارنر گلگشت کالونی ملتان
المدینہ کتاب گھر چوک تھی ڈیرہ اسماعیل خان

www.humaliwalayazadar.com

آپکے ان معاملات سے منسوب ستارہ مشتری 13 سال بعد اپنے ہی گھر آنے سے آپکی روحانیت کا سفر شروع کروا رہا ہے آپکے لیے بیرون ملک سفر، حج و زیارات اور اعلیٰ تعلیم کے دروازے کھل چکے ہیں آپ مذہبی امور کیجانب دل و دماغ سے راغب ہو رہے ہیں خواہشمند افراد کو حج و زیارات کی سعادت نصیب ہوگی (ان شاء اللہ) البتہ 10 اپریل تا 11 اگست آپکے معاملات میں رکاوٹ یا سست روی آجائے گی اس تمام صورتحال سے قطع نظر اگر آپ کو اپنے متعلقہ معاملات میں رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہو تو ہوشیار رہیں چھٹے مشتری کی موجودگی آپکو بندش کا بھی شکار کر سکتی ہے ایسی صورت میں مشتری سے منسوب روحانی تدارک کر لیں

معیشت، کیریئر روزگار، ترقی، تنزلی

گذشتہ سال آپکو کیریئر روزگار کے حوالہ سے مئی تا نومبر مشکل صورت حال کا سامنا رہا ہے تو کہ امسال بھی حالات پوری طرح موافق نہ ہونگے مگر ملی جلی صورت حال رہے گی امسال آپکو کیریئر روزگار کے حوالہ سے 14 فروری تا 31 مارچ بالعموم اور 16 مئی تا 2 جولائی بالخصوص اسکے بعد 4 اکتوبر تا 19 نومبر کے دورانیہ میں انتہائی محتاط روش اختیار کرنی ہوگی اس دوران روزگار کی تبدیلی یا کسی بھی بڑے یا اہم فیصلہ سے گریز کریں ملازم پیشہ افراد کو تنزلی سے واسطہ پڑ سکتا ہے جبکہ یکم جنوری تا 13 فروری، 3 جولائی تا 4 اکتوبر، 19 نومبر تا 31 دسمبر یہ سال کے بہترین دورانیے ہونگے ان ایام میں آپ بلاخوف و خطر بڑے فیصلے کر سکتے ہیں قدرت کی طرف سے آپکو ترقی کے مواقع میسر آئیں گے بالخصوص 2 جولائی تا 18 اگست آپکے کیریئر روزگار و ترقی کیلئے خاصہ اہم اور مناسب وقت ہوگا۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد

آپکی خواہشات کی تکمیل اور کاروباری معاملات کی تکمیل کے حوالہ سے یہ ایک ملا جلا سال ہے آغاز سال میں 7 جنوری تا 27 مارچ اور پھر 20 اپریل تا 15 مئی، 21 اگست تا 14 ستمبر اور 18 اکتوبر تا 26 نومبر کا عرصہ آپکی خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ ہوگا ان ایام میں دوستوں سے اختلافات بھی پیدا ہو سکتے ہیں محتاط رہیں کاروباری حوالہ سے یہ ایام بہتر نہ ہونگے آپکے کاموں میں رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہے جبکہ 27 مارچ تا 20 اپریل کا دورانیہ بالخصوص اور 15 مئی تا 21 اگست 14 تا 7 اکتوبر بالعموم آپکے لیے موافق ہونگے آپکی خوشحالی میں اضافہ ہو رہا ہے دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا اس دوران کاروباری حوالہ سے قسمت آپکا بھرپور ساتھ دے رہی ہے۔

بیرون ملک قیام، امیگریشن، خفیہ سازشیں

امسال اس حوالہ سے آپکو از حد محتاط روش اختیار کرنا ہوگی آپ پر لازم ہوگا کہ کسی بھی قسم کی جعلی دستاویزات کے استعمال سے گریز کریں 10 فروری تا 17 اپریل کا عرصہ قطعی موافق نہ ہوگا آپکو واپسی کی راہ دیکھنا پڑ سکتی ہے امیگریشن اپلائی یا اپیل وغیرہ سے گریز کریں 17 اپریل تا 6 مئی چند دن درمیان میں قدرے موافق ہونگے اسکے بعد 6 مئی تا 5 جون ایکبار پھر حالات موافق نہ ہونگے کیس خارج کیئے جانے کے قوی امکانات موجود ہیں 29 اگست تا 14 ستمبر حالات پوری طرح آپکے موافق ہونگے گھر اور جگہ کی تبدیلی یا امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے یہ سال کا سب سے بہترین دورانیہ ہے 15 ستمبر تا 3 اکتوبر قدرے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے یہ چند دن احتیاط سے گذار لیں 3 اکتوبر تا 9 دسمبر کا دورانیہ بھی انشاء اللہ آپکے حق میں بہتر ہوگا مگر دسمبر کے مہینہ آپکے لیے خاصہ مشکل ثابت ہو سکتا ہے امیگریشن اپلائی کرنے سے گریز کریں سابقہ کیس بھی آپکے خلاف جا رہے ہیں۔

شمسی و قمری گرہن

امسال ہونے والے شمسی و قمری گرہن آپکی شخصیت اور ہائی پوزیشن کے ساتھ ساتھ آپکے شراکتی اور ازدواجی تعلقات کو بھی بری طرح متاثر کر سکتے ہیں امسال تین گرہن آپکے بیت الزوج میں لگنے سے آپکے مابین علیحدگی کی نوبت آسکتی ہے آپکی طے شدہ شادی بھی ختم ہونے کا اندیشہ ہو گا گرہن کے ایام میں نماز کسوف و خسوف اور صدقات کی ادائیگی کو یقینی بنا کر اپنے پروردگار کی امان حاصل کر سکتے ہیں۔

صدقہ

تمام سال ہر جمعرات حسب توفیق کچھ بڑا گوشت اور ہلدی کسی مستحق کو دیں یا جانوروں کو ڈال دیں اور 16 مئی تا 21 جولائی ہر منگل دال مسور یا مرغی کی کلیجی کسی مستحق کو دیں یا جانوروں کو ڈال دیں۔

ورد خاص

روزانہ بعد از فجر 9 مرتبہ سورۃ فلق اور سورۃ ناس تلاوت کریں بمع اول آخر 9-9 مرتبہ درود پاک۔

اہم نکات

2019ء برج اسد والوں کے لیے کئی ایک حوالہ سے ایک اہم سال ہے ستارہ زحل جو گزشتہ سال سے چھٹے موجود ہے امسال بھی یہیں قیام کرتے ہوئے اچھے برے دونوں طرح کے اثرات مرتب کر رہا ہے مشتری پانچویں اپنے گھر موجود رہتے ہوئے بچوں، منگنی اور انعامی سکیموں کے امور پر مثبت اثرات مرتب کر رہا ہے خانگی امور پراپرٹی، اعلیٰ تعلیم، بیرون ملک سفر سے منسوب ستارہ مریخ امسال ہبوط میں جانے سے مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ راہو گذشتہ سال سے بارہویں میں آچکا ہے اور آپکو لاشعوری طور پر متاثر کر رہا ہے اکثر اسد افراد بے خوابی کا شکار رہیں گے۔

برج: اسد **LEO** **سیارہ:** شمس

رنگ: ___ گولڈن، نارنجی
عنصر: ___ آتشی
جواہر: ___ ہیرا، ایمنیا
بہترین شریک حیات: ___ حمل، قوس، ثور
ناموافق ساتھی: ___ عقرب، دلو

بیماریاں: ہائی بلڈ پریشر، ریڑھ کی ہڈی، کمر کی تکلیف، دل کی تکلیف

دن: اتوار **عدد:** 1 **حروف:** م، ٹ 24 July to 23 Aug

بخاری بک ڈپو کرور تھل بھیسن
مجید بک ڈپو ریل بازار جھنگ صدر
ساجد بک ڈپو اردو بازار سرگودھا

www.humaliwalayazadar.com

شخصی وقار آپ ایک امن پسند اور ملنسار شخصیت کے حامل فرد ہیں اور ایک بادشاہ کی طرح سب سے زیادہ خیال اپنی عزت و توقیر کا رکھتے ہیں امسال یکم جنوری تا 19 فروری آپکا ستارہ تخفیض اور وبال جیسی کیفیت میں ہونے سے آپکو مشکل صورتحال کا سامنا ہو سکتا ہے 16 مئی تا 6 جولائی عزیز و اقارب کے ساتھ کشیدگی بڑھنے سے آپکا شخصی وقار متاثر ہو سکتا ہے 21 جون تا 23 جولائی گو کہ آپکی عزت میں اضافہ ہو رہا ہے مگر آپکے خلاف خفیہ سازشیں بھی عروج پر ہونگی 24 جولائی تا 23 اگست آپکا ستارہ اپنے ہی گھر قیام پذیر رہے گا آپکی خود اعتمادی اور وقار میں اضافہ ہوگا 23 ستمبر تا 23 اکتوبر ایکبار پھر عزیز و اقارب سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں اپنی سماجی سرگرمیوں کو محدود کریں اور گفتگو میں احتیاط سے کام لیں سال کا باقی عرصہ ان شاء اللہ بہتر گذرے گا۔

مالی پوزیشن مالی پوزیشن کے حوالہ سے یہ ایک ملا جلا سال ہے آپکو قانون قدرت کے تحت کشائش اور بندش دونوں طرح کی صورتحال کا سامنا رہے گا 10 فروری تا 17 اپریل، 6 تا 21 مئی 14 ستمبر تا 3 اکتوبر 9 تا 29 دسمبر کا عرصہ آپکے لیے مشکل ثابت ہوگا بالخصوص فروری تا اپریل آپکو خاص احتیاط سے کام لینا ہوگا بہتر ہوگا آپ ان ایام کو مدنظر رکھتے ہوئے قبل از وقت پیش بندی کر لیں آپکے مال سے منسوبہ ستارہ ایک تیز رفتار ستارہ ہے اور چند ہی دن میں صورتحال کو بدل کر رکھ دیتا ہے خاص احتیاط کریں 17 اپریل تا 5 مئی، 21 مئی تا 5 جون، 29 اگست تا 13 ستمبر، 3 اکتوبر تا 8 دسمبر سال کے وہ دورانیے ہیں جب پروردگار کے فضل سے آپکے مالی مسائل کا حل ممکن ہوگا اور آپکی مالی پوزیشن مستحکم ہو سکے گی

عزیز و اقارب، ابتدائی تعلیم، نزدیکی سفر امسال آپکو اپنے سماجی تعلقات بالخصوص بہن بھائیوں سے بہت ہی احتیاط سے نبھانے ہونگے آغاز سال سے ہی 7 جنوری تا 27 مارچ، 20 اپریل تا 5 مئی، 21 اگست تا 14 ستمبر 8 اکتوبر تا 2 نومبر آپکے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں احتیاط کریں ان ایام میں اسد بچوں کو تعلیمی حوالہ سے مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا ہو سکتا ہے اسد افراد کو چاہیے ان ایام میں سفر سے گریز کریں بامر مجبوری صدقہ دے کر کر سکتے ہیں ان مشکل ایام میں روزانہ ایک تسبیح یا عزیزُ کا ورد کریں اور ہر جمعہ کم از کم 600 گرام چینی بطور صدقہ درختوں میں ڈالیں

گھر، خاندان، پراپرٹی گذشتہ سال خانگی اور پراپرٹی سے متعلقہ معاملات نے آپکو خاصہ پریشان رکھا گو کہ امسال حالات قدرے بہتر ہونگے مگر سال کا کچھ دورانیہ ایسا بھی ہوگا جب گھر کا ماحول انتہائی خراب ہو سکتا ہے ان ایام میں گھر کی تبدیلی یا خرید و فروخت سے گریز کرنا بہتر ہوگا اور خاندان کے افراد بالخصوص والدہ سے قطعی طور پر اختلافات سے گریز کریں 14 فروری تا 2 جولائی، 4 اکتوبر تا 19 نومبر یہ سال کا وہ دورانیے ہیں جب آپکو احتیاط کرنا ہوگا باقی دورانیہ میں گھر کی تبدیلی اور پراپرٹی کی خرید و فروخت جیسے کام مناسب رہیں گے۔

اولاد، منگنی، انعامی جیسا کہ اولین سطور میں بتایا جا چکا ہے آپکے بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مشتری زائچے کے پانچویں دسمبر تک قیام پذیر رہتے ہوئے آپکی منگنی کی راہ ہموار کر رہا ہے مشتری کی سعادت سے انشاءاللہ ان بچوں کی نسبت بھی طے پا جائے گی جن کی بات تا حال کسی بھی وجہ سے طے نہیں پا سکی 10 اپریل تا 11 اگست مشتری کی رجعت کے دوران آپکی بات بنتے بنتے بگڑ یا ختم ہو سکتی ہے اس دوران احتیاط سے کام لیں بے اولاد اسد افراد کو بھی انشاءاللہ امسال اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے رجعت کے ایام میں آپکے بڑے بچوں سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں اسد افراد کا اس سال کوئی بڑا انعام نکلنے کے قوی امکانات موجود ہیں مگر قسمت آزمائی کے لیے درست وقت کا انتخاب از حد ضروری ہوگا۔

صحت، ملازمت، ملازمین آپکی صحت اور ملازمت سے متعلقہ ستارہ زحل گذشتہ سال سے آپکے زائچے کے چھٹے گھر قیام پزیر ہے اور امسال بھی یہیں قیام پزیر رہتے ہوئے آپکے لیے بہتر اور پائیدار ملازمت کا حصول ممکن بنائے گا مگر یکم تا 20 جنوری شمس کے حالت تخفیض میں چھٹے قیام سے اور 30 اپریل تا 18 ستمبر زحل کی رجعت کیوجہ سے آپکو قدرے مشکلات پیش آ سکتی ہیں ان ایام میں ملازمت کی تبدیلی اور چھوڑنے سے گریز کریں یہی دورانیہ آپکی صحت کیلئے بھی مناسب نہ ہوگا الغرض سے گریز کریں زحل کے چھٹے موجودگی کیوجہ سے امسال آپکا واسطہ شر سے بھی پڑ سکتا ہے محتاط رہیں اسکے علاوہ اسی دورانیہ میں آپکے ملازمین کی جانب سے بھی آپکی پریشانیوں میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

شادی، ازدواجی زندگی، شراکت داری گذشتہ سال بیت الذوج میں مریخ کی موجودگی اور رجعت نے آپکے تعلقات کو متاثر کیا ہے مگر امسال حالات کافی بہتر رہیں گے سوائے کچھ عرصہ کے 20 جنوری تا 19 فروری ساتویں شمس کی بحالت وبال موجودگی سے آپکے تعلقات کشیدگی کا شکار ہو سکتے ہیں محتاط رہیں وگرنہ مابین علیحدگی ہو سکتی ہے شراکت داری اور شادی کے خواہشمند افراد کو امسال کئی ایک مواقع میسر آئیں گے (بالخصوص دوسری شادی کے خواہشمند افراد کو) 30 اپریل کو زحل کی رجعت میں چلے جانے سے معاملات زیر التواء ہو سکتے ہیں آپکی شادی ملتوی ہو سکتی ہے یہ صورتحال 18 ستمبر تک برقرار رہے گی۔ اور آپکے شراکتی اور ازدواجی تعلقات بھی متاثر ہونگے اس صورتحال سے بچاؤ کے لیے زحل سے منسوبہ صدقات ادا کریں سال کا باقی عرصہ انشاءاللہ بہتر گزرے گا

www.humaliwalayazadar.com

وراثت، مشترکہ مالی معاملات، قرضہ گوکہ امسال آپکے وراثتی معاملات سے متعلقہ ستارہ بہترین پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکے متعلقہ معاملات میں بہتری کے اسباب پیدا کرتا رہے گا مگر دیگر سیارگان بھی اپنا کردار ادا کر رہے ہیں 10 فروری تا 17 اپریل آٹھویں عطارد کا ہبوط اور رجعت آپکے بنے بنائے کام بگاڑ سکتا ہے کیسز کے فیصلے آپکے خلاف آسکتے ہیں اس دوران قرض خواہ بھی آپکو پریشان کرتے رہیں گے مشترکہ مالی معاملات میں خسارہ کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے دوسری طرف 28 مارچ کو مشتری بھی رجعت میں چلا جائے گا اور 11 اگست تک رجعت میں رہے گا گوکہ 17 اپریل کے بعد حالات قدرے بہتر ہوجائیں گے مگر مشتری کی رجعت آپکو متاثر کرتی رہے گی آپکے معاملات خواہ مخواہ طویل ہوتے جائیں گے 11 اگست کے بعد حالات انشاءاللہ بہتر ہونگے اب آپکے وراثتی معاملات حل ہوسکیں گے قرض کے خواہشمند افراد کے لیے قرض کا حصول ممکن ہوگا

روحانیت، بیرون ملک سفر، حج وزیارات، اعلیٰ تعلیم ان امور کے حوالے سے یہ ایک ملا جلا سال ہے یکم تا 14 فروری، 2 جولائی تا 4 اگست، 19 نومبر تا آخر سال آپکے بیرون ملک سفر ویزہ اپلائی، اعلیٰ تعلیمی مدارج کے حصول اور روحانی اور دینی معاملات کے حوالے سے سال کے بہترین دورانیے ہیں جبکہ 15 فروری 31 مئی بالعموم اور 16 مئی تا 2 جولائی بالخصوص اور اسکے بعد 14 اکتوبر تا 19 نومبر حالات قطعی موافق نہ ہونگے ان ایام میں سفر یا ویزہ اپلائی کرنے سے گریز کریں ورنہ ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کو بھی مشکلات پیش آسکتی ہیں حتیٰ کہ آپکا تعلیمی سلسلہ منقطع ہوسکتا ہے اپنے روحانی معاملات میں جذباتیت اور جلد بازی سے گریز کریں مشکل ایام میں پروردگار سے ربط اور بھی ضروری ہوجاتا ہے

معشیت، کیریر روزگار، ترقی، تنزلی امسال کیریر روزگار اور ترقی کے حوالے سے حالات نہایت سازگار ہونگے مشتری پانچویں نظر سے طالع کو دیکھتے ہوئے آپ پر سعد اثرات مرتب کر رہا ہے جس سے آپکی خوداعتمادی میں از حد اضافہ ہوگا اور آپ اپنی شخصیت میں مقناطیسی کشش محسوس کریں گے جو آپکی ترقی اور روزگار میں بہتری کا باعث ہوگی البتہ قانون قدرت کے مطابق ہر دن کے ساتھ رات بھی پیوستہ ہے امسال 7 جنوری تا 27 مارچ، 20 اپریل تا 15 مئی، 21 اگست تا 14 ستمبر 18 اکتوبر تا 26 نومبر کیریر کا حاکم ستارہ زہرہ بہتر حالت میں نہ ہوگا ان ایام کو نوٹ فرمالیں اور ان ایام میں کیریر روزگار کے حوالے سے کسی بھی بڑے یا اہم فیصلے سے گریز کریں ملازم پیشہ افراد کو تنزلی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے بتائے گئے عرصے کے علاوہ تمام سال انشاءاللہ موافق رہے گا

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد آپکے بیت الامید کا حاکم عطارد ایک تیز رفتار ستارہ ہونے کیوجہ سے بڑی تیزی سے حالات میں تبدیلیاں پیدا کرتا رہتا ہے امسال بھی عطارد 4 مثبت اور 4 منفی حالتوں سے گذرے گا اور جب جب بہتر حالات میں آئے گا بحکم خدا بڑی تیزی سے آپکی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہوتا ہے کاروباری معاملات تیزی سے تکمیل کے مراحل طے کرتے ہیں جبکہ یہ منفی حالت کا شکار ہوتا ہے تو اتنی ہی تیزی سے متعلقہ معاملات کو بگاڑنا شروع کردیتا ہے امسال 10 فروری تا 17 اپریل 6 تا 21 مئی 14 ستمبر تا 13 اکتوبر 9 تا 29 دسمبر کا دورانیہ موافق نہ ہوگا آپ پر لازم ہوگا کہ ان ایام میں اپنی خواہشات کی تکمیل میں جلد بازی نہ کریں دوست احباب سے بحث وتکرار سوائے نقصان کے کچھ نہ دے گی آپکے کاروباری معاملات میں رکاوٹ پیدا ہوجائے گی یہ دورانیہ محتاط روی سے گذاریں

بیرون ملک قیام، امیگریشن، خفیہ سازشیں گذشتہ سال نومبر میں راہو آپکے زائچے کے بارہویں گھر کو متاثر کر رہا ہے اور سارا سال کرتا رہے گا گوکہ امسال آپکے خلاف ہونے والی خفیہ سازشوں کا کامیاب ہونا ممکن نہ ہوگا مگر اسکے ساتھ ساتھ راہو کے اثرات آپکے بیرون ملک قیام کو بھی مشکل بنا دیں گے اگر آپ کسی بھی وجہ سے غیر قانونی مقیم ہیں تو آپکو قید وبند جیسی صورتحال کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے امسال 21 جون تا 23 جولائی کے علاوہ کوئی بھی وقت امیگریشن کے لیے اپلائی کرنے کیلئے موافق نہ ہوگا اسکے علاوہ 21 جنوری تا 17 جولائی کے گرہن بھی آپکے بیرون ملک قیام کو مزید مشکل بنادینگے اس حوالے سے یہ سال قطعی طور پر موافق نظر نہیں آتا راہو کے درج بالا اثرات میرے گذشتہ کئی سالوں کا ذاتی مشاہدہ ہیں واللہ عالم الصواب

شمسی وقمری گرہن امسال 3 شمسی اور 2 قمری گرہن لگ رہے ہیں جن میں سے 3 گرہن آپکے بیت الصحت میں لگ رہے ہیں اسطرح امسال ان گرہنوں کے اثرات سے آپکی صحت اور ملازمت دونوں شاید خطرات سے دوچار رہیں گے قمری گرہن آپکے بیرون ملک قیام اور امیگریشن سے منسوب معاملات کو بھی متاثر کر رہے ہیں آپکو واپسی کی راہ دیکھنا پڑسکتی ہے اور تمام شمسی گرہن آپکی عزت وتوقیر کو متاثر کرسکتے ہیں آپکی ذات الزامات کی زد میں آسکتی ہے انکے اثرات سے بچاؤ کا موثر ترین طریقہ بروقت صدقہ اور نماز کسوف وخسوف کی ادائیگی سے ممکن ہوگا گرہن کی تواریخ کو جنتری میں سے نوٹ فرمالیں پروردگار آپ سبکو اپنی حفظ وامان میں رکھے **صدقہ** ہر ہفتہ کو 800 گرام کالے ماش یا کسی بھی کالی چیز کا صدقہ کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈال دیں

ورد خاص روزانہ ایک تسبیح ورد کریں بمعہ اول وآخر 9-9 مرتبہ درود پاک۔ فسیکفیھم اللہ وھو السمیع العلیم رب انی مغلوب وانتصر

برج: سنبلہ **VIRGO** **سیارہ:** عطارد

رنگ: ________ گہرا زرد، پیلا
عنصر: ________ خاکی
جواہر: ________ گومیدک، زرد عقیق، فیروزہ
بہترین شریک حیات: ________ جدی، ثور
ناموافق ساتھی: ________ قوس، حوت، جوزا

بیماریاں: معدہ، جگر، آنتوں کی بیماریاں، السر، کمر کی تکلیف

دن: بدھ **عدد:** ۵ 24 Aug to 23 Sep **حروف:** پ، خ

اہم نکات سنبلہ افراد کے لیے 2019 گزشتہ کی نسبت بہتر رہے گا (ان شاء اللہ) نظام فلکی کے دونوں بڑے سیارگان مشتری اور زحل امسال آپکے معاملات پر خاصے اہم اور مثبت اثرات مرتب کر رہے ہیں مگر رجعت کے ایام میں آپکو کچھ مشکلات میں بھی دو چار کر سکتے ہیں تیسرے آٹھویں کے حاکم مریخ کا ہبوط آپکے ناتی تعلقات بالخصوص بہن بھائیوں سے اور وراثتی، شراکتی مالی معاملات کو متاثر کر رہا ہے امسال ہونے والے شمسی و قمری گرہن بھی آپکے زائچے کے اہم مقامات پر لگنے سے آپکو شدید متاثر کر رہے ہیں دیگر سیارگان میں شمس و قمر عطارد اور زہرہ امسال آپ پر درج ذیل اثرات مرتب کر رہے ہیں۔

شخصی وقار شخصی وقار کے حوالہ سے 2019 آپکے لیے ایک بہترین سال ہے مشتری کی چوتھے موجودگی خاندان میں آپکی عزت و توقیر میں اضافہ کے باعث ہوگی مگر آپ پر لازم ہوگا کہ آپ بھی دوسروں کو اتنا ہی احترام دیں جتنی آپ ان سے توقع رکھتے ہیں 10 فروری تا 17 اپریل عطارد ہبوط میں ہونے سے آپ خود پر قنوطیت طاری ہوتی محسوس کریں گے بوجہ ڈپریشن آپکی شخصیت متاثر ہو رہی ہے گفتگو میں محتاط روی اختیار کریں۔ 6 تا 21 مئی، 14 ستمبر تا 3 اکتوبر، 9 تا 29 دسمبر کے دورانیہ بوجہ عطارد اور 21 اگست تا 14 ستمبر طالع میں زہرہ کے ہبوط کی وجہ سے آپکی عزت و توقیر داؤ پر ہوگی اس حوالہ سے ہر بدھ 500 گرام مونگ ثابت کا صدقہ دیں اور جلد بازی میں فیصلوں اور گفتگو سے گریز کریں۔

مالی پوزیشن امسال آپکی مالی پوزیشن اُتار چڑھاؤ کا شکار رہے گی تنگی و راحت دونوں طرح کے حالات کا سامنا رہے گا 27 مارچ تا 20 اپریل، 9 جون تا 21 اگست، 14 ستمبر تا 8 اکتوبر سال کے وہ دورانیے ہیں جب آپکی مالی پوزیشن مستحکم رہے گی (ان شاء اللہ) مگر سال کے کچھ دورانیے ایسے بھی آئیں گے جب آپ مالی تنگی کا شکار رہ سکتے ہیں اگر قبل از وقت کچھ بچت کر لی جائے تو آپ ان مشکل ایام سے بہ آسانی گزر سکتے ہیں 7 جنوری تا 27 مارچ، 20 اپریل تا 15 اگست، 22 اگست تا 14 ستمبر 8 اکتوبر تا 9 نومبر یہ سال کے وہ دورانیے ہیں جب آپکو مشکلات پیش آسکتی ہیں امید کرتا ہوں آپ محتاط روش اختیار کریں گے۔

عزیز و اقارب، ابتدائی تعلیم، نزدیکی سفر گزشتہ سال بعد از مئی آپکو اس حوالے سے خاصہ مشکل صورتحال کا سامنا رہا ہے آپکے تعلقات خاصے کشیدہ رہے ہیں امسال یکم جنوری تا 14 فروری، 2 جولائی تا 14 اکتوبر، 19 نومبر تا 3 جنوری 2020 تک حالات ان شاء اللہ بہتر رہیں گے عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر رہیں گے اس دوران آپکو اپنی سوشل اور ضروریات زندگی کے حوالے سے قریبی سفروں سے واسطہ رہے گا جبکہ دوسری طرف 14 فروری تا 31 مئی بالعموم اور 16 مئی تا 2 جولائی کا عرصہ آپکے لیے کافی مشکل ثابت ہوگا اس دوران اپنے تعلقات بنانے رکھنا مشکل ہو جائے گا اسکے بعد 14 اکتوبر تا 19 نومبر کا دورانیہ بھی بہتر نظر نہیں آرہا سنبلہ بچوں کو اس تمام دورانیہ میں تعلیمی مدارج کو عبور کرنے میں مشکل پیش آسکتی ہے ان ایام میں سفروں سے گریز کرنا بہتر ہوگا ورنہ خدانخواستہ کسی حادثہ کا اندیشہ ہے گا

گھر، خاندان، پراپرٹی سعد اکبر ستارہ مشتری چوتھے بیت الارض میں موجود رہتے ہوئے آپکو اپنی سعادتوں سے نواز رہا ہے اپنے گھر کے حوالے سے آپکی دیرینہ خواہش پوری ہو سکتی ہے۔ گھر کی تبدیلی تزئین و آرائش کے حوالے سے یہ ایک آئیڈیل سال ہے انویسٹمنٹ کے حوالے سے بھی پراپرٹی کی خرید و فروخت منافع بخش رہے گی 10 اپریل تا 11 اگست مشتری کی رجعت کی وجہ سے آپکے معاملات میں قدرے رکاوٹ آجانے گی اس دورانیہ میں اگر متعلقہ امور جاری رکھنا چاہیں تو مشتری سے متعلق روحانی تدارک اختیار کر کے کر سکتے ہیں دسمبر سے حالات موافق نہ ہونگے اب آپکو از حد محتاط رہنا ہوگا ورنہ نقصان کا اندیشہ رہے گا۔

اولاد، انعامی بانڈ، منگنی خوش قسمتی سے مشتری کی طرح پانچویں کا حاکم زحل بھی پانچویں میں ہی تمام سال قیام کرتے ہوئے آپکو بچوں کی جانب سے آسودہ کر دے گا بے اولاد سنبلہ افراد کو بھی امسال اولاد کے حوالے سے خوشخبری مل سکتی ہے اگر پھر بھی آپکو خوشخبری نہ ملے تو پھر اپنا انفرادی زائچہ ضرور بنوا کر دیکھیں۔ منگنی کے خواہشمند خواتین و حضرات کی بات طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں البتہ 31 اپریل تا 18 ستمبر کا دورانیہ موافق نہ ہوگا اس دوران آپکی بات طے پانے کے امکانات انتہائی کم ہونگے بلکہ آپکی پہلے سے طے شدہ بات بھی خطرے میں ہوگی اسی طرح یکم تا 20 جنوری کا دورانیہ بھی بہتر نہ ہوگا انعامی سکیموں کے شائق افراد کیلئے 21 جنوری تا 29 اپریل اور 19 ستمبر تا 31 دسمبر کا دورانیہ قسمت آزمائی کیلئے بہتر ہوگا آپکا کوئی بڑا انعام نکل سکتا ہے۔

صحت، ملازمت، ملازمین گزشتہ سال چھٹے مریخ کی موجودگی اور رجعت نے آپکی صحت کو خاصہ متاثر کیا ہے امسال گو کہ حالات گزشتہ کی نسبت بہت بہتر ہونگے مگر پھر بھی سال کے کچھ دورانیے احتیاط کے متقاضی ہونگے 20 جنوری تا 19 فروری شمس کا چھٹے وبال آپکی صحت جاب دونوں کے لیے خطرناک ہو

www.humaliwalayazadar.com

ہو گا محتاط رہیں۔ 30 اپریل تا 18 ستمبر زحل کی رجعت بھی احتیاط کی متقاضی ہو گی اس دوران جاب، ملازمت چھوڑنے کی غلطی ہرگز نہ کریں ورنہ دوبارہ ملنا مشکل ہو گی یہی وہ دورانیہ ہیں جب آپکو اپنے ملازموں کیجانب سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے عین ممکن ہے کہ وہ بلا نوٹس جاب چھوڑ جائیں محتاط رہیں۔ صحت کے حوالے سے آپکو پٹھوں، جوڑوں، دانتوں کے درد السر اور مرگی جیسے موذی امراض کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

شادی، ازدواجی زندگی، شراکت داری آپکی شادی سے متعلقہ ستارہ گذشتہ سال سے بہترین پوزیشن میں آچکا ہے اور آخر نومبر تک یہیں قیام کرتے ہوئے آپکی شادی نکاح کی راہ ہموار کر رہا ہے امسال آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات بہترین نظر آرہے ہیں آپکو نئی اور متوثر شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے 10 فروری تا 17 اپریل ساتویں عطارد کا ہبوط آپکے مابین غلط فہمیوں کو ہوا دے رہا ہے ایک دوسرے سے گفتگو میں احتیاط کریں افواہوں پر اعتبار نہ کریں ورنہ حالات زیادہ خراب ہو سکتے ہیں 10 اپریل تا 11 اگست مشتری کی رجعت سے آپکے تعلقات میں قدرے کشیدگی پیدا ہو سکتی ہے اسی طرح آپکی شادی بھی التوا کا شکار ہو سکتی ہے ان ایام میں مشتری سے متعلقہ صدقات دیں اور وظائف پر توجہ دیں۔

وراثت، مشترکہ مالی معاملات، قرضہ اس حوالے سے آپکو ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا آغاز سال میں 14 فروری تا 2 جولائی، 14 اکتوبر تا 19 نومبر کا عرصہ آپکو خاصے مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے وراثتی معاملات کے فیصلے آپکے خلاف ہو سکتے ہیں مشترکہ کاروبار کرنے والے افراد کو مالی خسارہ کرنا پڑ سکتا ہے قرض خواہ آپکے ڈپریشن میں اضافہ کا باعث بن سکتے ہیں جبکہ دوسری طرف آپکے پروردگار نے آپکے لیے آسودگی کے اسباب بھی رکھے ہیں یکم جنوری تا 13 فروری، 2 جولائی تا 13 اکتوبر 19 نومبر تا آخر سال انشاءاللہ حالات آپکے موافق رہیں گے اب آپکی خواہشات کی تکمیل ممکن ہو گی۔

روحانیت، بیرون ملک سفر، حج و زیارات، اعلیٰ تعلیم امسال آپکو بیرون ملک سفر کے کئی ایک مواقع میسر آئیں گے اس حوالے سے 27 مارچ تا 20 اپریل 15 مئی تا 21 اگست، 14 ستمبر تا 8 اکتوبر بہترین اوقات ہیں آپکی حج و زیارات سے متعلقہ خواہشات کی تکمیل ہو سکتی ہے اعلیٰ تعلیمی مدارج طے کرنے والے سنبلہ افراد کو بھی انشاءاللہ کامیابی ملے گی آپکی توجہ روحانی علوم کیجانب بڑھ رہی ہے جبکہ 7 جنوری تا 27 مارچ، 20 اپریل تا 15 مئی، 21 اگست تا 14 ستمبر، 8 اکتوبر تا 28 نومبر آپکو ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کرنا ہو گا آپکے بیرون ملک سفر میں رکاوٹ آرہی ہے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کو بھی مشکلات کا سامنا رہے گا۔

معشیت، کیرئیر روزگار، ترقی، تنزلی آپکے کیرئیر روزگار سے متعلقہ ستارہ عطارد چونکہ ایک تیز رفتار ستارہ ہے اس لیے آپکی مالی پوزیشن، کیرئیر روزگار تیزی سے اتار چڑھاؤ کا شکار ہو گی پروردگار نے آپکو خاص علمی و عقلی صلاحیتوں سے نوازا ہے انکا بھرپور استعمال کیا کریں امسال 10 فروری تا 17 اپریل خاص طور پر کسی بڑے فیصلے سے گریز کریں اسکے علاوہ 6 تا 21 مئی، 14 ستمبر تا 3 اکتوبر، 9 تا 29 دسمبر کے دورانیے بھی آپسے احتیاط کے متقاضی ہونگے کسی بھی کاروباری زبانی یا تحریری معاہدے یا چیک وغیرہ لکھنے سے گریز کرنا بہتر ہو گا اس دوران کیے گئے معاہدے بعد ازاں آپکے لیے مشکلات کا باعث ہونگے دوسری طرف 17 اپریل تا 6 مئی، 21 مئی تا 14 ستمبر، 3 اکتوبر تا 8 دسمبر کا دورانیہ وہ اوقات ہیں جب حالات آپکے انتہائی موافق ہونگے کاروباری ترقی و تبادلے کیلئے یہ اوقات موزوں ہونگے آپ نئے کاروباری منصوبوں پر عمل پیرا رہیں گے (ان شاءاللہ)

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد آپکے زائچہ کا گیارہواں حصہ جو کہ آپکی خواہشات اور دوست احباب سے متعلق ہے اسکا حاکم ستارہ قمر ہر ماہ شرف وہبوط، اوج اور وبال جیسی کیفیات سے گذرتے ہوئے تیزی سے معاملات میں تغیر پیدا کرتا رہتا ہے اگر آپ ہر ماہ قمر در عقرب میں قمر سے منسوب صدقات دینا معمول بنالیں تو اپنی خوشحالی کی تنسیخ سے بچ سکتے ہیں اسکے علاوہ امسال ہونے والے قمری گرہن جو کہ 21 جنوری اور 17 جولائی کو لگ رہے ہیں ان ایام میں نماز آیات اور گرہن سے متعلقہ صدقات ضرور ادا کریں باقی تمام سال ان شاءاللہ موافق ہو گا۔

بیرون ملک قیام، امیگریشن، خفیہ سازشیں امسال امیگریشن اپلائی کرنے کے خواہشمند افراد کیلئے 21 مارچ تا 20 اپریل، 21 جون تا 23 اگست، 22 نومبر تا 22 دسمبر کا عرصہ موافق ہو گا پہلے سے مقیم افراد کو بہتر رہائش میسر آسکتی ہے اگر آپنے اپیل وغیرہ دائر کر رکھی ہے تو اس دوران اسکا فیصلہ بھی آپکے حق میں آسکتا ہے جبکہ آغاز سال تا 20 مارچ، 20 مئی تا 21 جون، 23 ستمبر تا 23 اکتوبر کا عرصہ آپکے موافق نہ ہو گا امیگریشن اپلائی کرنے سے گریز کریں آپکو جگہ کی تبدیلی یا واپس وطن آنا پڑ سکتا ہے محتاط رہیں اول الذکر دورانیہ میں آپکو محتاط بھی رہنا ہو گا اس دورانیہ میں آپکو خفیہ سازشوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے مگر آخر الذکر دورانیہ میں ان شاءاللہ آپکے دشمن ذلیل و خوار ہونگے مگر احتیاط از حد لازم ہو گی۔

شمسی و قمری گرہن امسال تین گرہن شمسی اور دو قمری لگ رہے ہیں شمسی گرہن بالترتیب 6 جنوری، 3 جولائی اور 26 دسمبر کو لگ رہے ہیں ہیں

0300-7309155 نیوز کارنر گول باغ گلگشت ملتان | المرتضیٰ بک سنٹر نوگزی بازار گلگت | طاہر بک ڈپو مین بازار شورکوٹ شہر

گرہن جہاں آپکے بچوں، منگنی خواہشات اور دوستوں سے تعلقات جیسے امور کو متاثر کر رہے ہیں وہیں قدرت کی مہربانی سے آپکے خفیہ دشمنوں پر بھی بھاری پڑیں گے امسال دو قمری گرہن یا بالترتیب 21 جنوری اور 17 جولائی کو لگ رہے ہیں انکے اثرات کا ذکر پہلے ہی کیا جا چکا ہے انکے منفی اثرات سے بچاؤ کیلئے صدقات اور نماز آیات کی بروقت ادائیگی کریں اور اللہ کی امان پائیں پروردگار آپ سب کو اپنی خاص امان میں رکھے (آمین)

وردِ خاص روزانہ بعد از فجر ایک تسبیح ورد کریں۔ (فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ) (سورہ یوسف آیت 64)

صدقہ ہر منگل 900 گرام دال مسور یا مرغی کی کلیجی کسی مستحق کو دیں یا جانوروں کو ڈال دیں

برج: میزان **LIBRA** **سیارہ:** زہرہ

رنگ: نیلا، زردی مائل سبز، نارنجی

عنصر: ہوا

جواہر: ہیرا، اوپل

بہترین شریک حیات: دلو، جوزا

ناموافق ساتھی: جدی، حمل

بیماریاں: نزلہ، زکام، سردرد، گردوں اور معدہ، آنکھوں کی بیماریاں

دن: جمعہ **عدد:** ۶ 24 Sep to 23 Oct **حروف:** ر، ت، ط

اہم نکات 2019، آپکے لیے بہت ساری مثبت و منفی تبدیلیوں کا سال ہے گزشتہ سال چوتھے زحل اور پانچویں مریخ کی رجعت نے آپکو اچھا خاصہ متاثر کیا ہے اور حالات امسال بھی ملے جلے رہیں گے امسال مریخ کا کیریئر روزگار کے گھر ہبوط آپکی مالی پوزیشن کیلئے انتہائی نقصان دہ ہوگا زحل کی چوتھے موجودگی پراپرٹی کے حصول اور لین دین میں معاون ہوگی تیسرے چھٹے کا حاکم مشتری تیسرے موجود رہتے ہوئے آپکی سماجی مصروفیات کو بڑھادے گا مشتری کی نادیں نظر آپکی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہوگی دیگر سیارگان امسال سیر افلاک کے دوران آپ پر درج ذیل اثرات مرتب کر رہے ہیں۔

شخصی وقار گزشتہ سال چوتھے زحل کی رجعت اور مریخ کی موجودگی اور رجعت نے خاندان میں آپکی عزت و توقیر کو خاصہ متاثر کیا ہے امسال بھی زحل چوتھے ہی قیام پذیر رہے گا اور 30 اپریل تا 18 ستمبر رجعت میں بھی رہے گا خانگی معاملات ایکبار پھر اختلافات کی نذر ہو سکتے ہیں خاندان کے باقی افراد سے بنائے رکھنا مشکل ہوگا۔ آپکا ذاتی ستارہ زہرہ ایک سال میں 4 منفی اور 4 مثبت کیفیات سے گزرتا ہے اور جب جب مثبت ہوتا ہے تب تب آپکی عزت و توقیر میں اضافہ کا باعث بنتا ہے اور جب منفی ہوتا ہے تو آپکی عزت و توقیر بھی داؤ پر ہوتی ہے امسال 7 جنوری تا 27 مارچ، 20 اپریل تا 15 مئی، 21 اگست تا 14 ستمبر بالخصوص آپکا وقار داؤ پر ہوگا اس دوران گفتگو میں بہت محتاط رہیں جلد بازی میں کسی بھی فیصلہ سے گریز کریں اسکے بعد 8 اکتوبر تا 26 نومبر کا دورانیہ بھی موافق نہ ہوگا محتاط رہیں بتائے گئے عرصہ کے علاوہ تمام سال موافق ہوگا (ان شاء اللہ)

مالی پوزیشن جیسا کہ گزشتہ سطور میں بتایا جا چکا ہے امسال آپکو اپنے مالی معاملات کو بہت محتاط روی سے چلانا ہوگا یکم جنوری تا 14 فروری حالات موافق نظر آرہے ہیں 15 فروری تا 31 مارچ بالعموم اور 16 مئی تا 2 جولائی آپکو بالخصوص محتاط رہنا ہوگا اب پیسوں کا حصول مشکل ہوگا آپکو کاروباری خسارہ کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے 2 جولائی کے بعد 4 اکتوبر تک حالات بہتری کی جانب مائل رہیں گے آپکی مالی پوزیشن مستحکم ہو رہی ہے 4 اکتوبر تا 19 نومبر مالی فیصلوں میں جلد بازی سے گریز کریں بالخصوص قرض کے لین دین میں بہت محتاط رہیں 19 نومبر تا آخر سال خانہ مال کا حاکم مریخ خانہ مال میں ہی موجود رہتے ہوئے آپکی مالی پوزیشن کو مستحکم کرتا رہے گا آپکو بڑھنے پھولنے کا بھرپور موقع ملے گا۔

humaliwalayazadar.com

عزیز و اقارب، ابتدائی تعلیم، نزدیکی سفر سعد اکبر ستارہ مشتری گزشتہ سال سے آپکے بیت الاقربا میں قیام کرتے ہوئے آپکو اپنی سعادتوں سے نواز رہا ہے میزان بچوں کیلئے امسال بہترین مدارس اور تعلیم کا حصول ممکن ہوگا۔ عزیز و اقارب بالخصوص بہن بھائیوں کیساتھ تعلقات میں بہتری آرہی ہے اسی طرح آپکو امسال سعادتوں سے بھرپور کئی ایک سفر بھی ملیں گے۔ 10 اپریل تا 11 اگست یہ چار ماہ مشتری رجعت میں رہنے سے آپکے تعلقات میں قدرے کھچاؤ و تناؤ کی کیفیت رہے گی اس دوران آپکو محتاط روش اختیار کرنا ہوگی یہ عرصہ صبر و تحمل سے گزار لیں اسکے بعد 9 تا 29 دسمبر آپکے مابین غلط فہمیوں کی بنا پر حالات کشیدہ ہو سکتے ہیں محتاط رہیں۔

گھر، خاندان، پراپرٹی زائچہ کے چوتھے زحل کی موجودگی خواہشمند افراد کیلئے بہتر گھر یا پلاٹ وغیرہ کے حصول کو ممکن بنا رہی ہے یہ موقع آپکو قدرت کی طرف سے عطا ہوا ہے ستارہ زحل جو کہ علم نجوم کی روح ہے زمین سے ہی متعلق ہے اسکی سعادت آپکے لیے بہتر پراپرٹی کے حصول کو ممکن بنا رہی ہے خواہ وہ رہائش کی غرض سے ہو یا انویسٹمنٹ کے نقطہ نظر سے ہو۔ خانگی معاملات میں بھی (انشاء اللہ) بہتری آرہی ہے البتہ 30 اپریل تا 18 ستمبر زحل کی رجعت آپکے معاملات کو التوا کا شکار کر سکتی ہے مایوس ہونے کی بجائے زحل سے متعلقہ صدقات دینا اپنا معمول بنا لیں (ان شاء اللہ) مشکلات سے بچے رہیں گے۔

صابر برادرز پنجابی بازار پارا چنار　محمدی بک سنٹر کاظمی چوک لیہ　یاسر بک سنٹر ڈیرہ اسماعیل خان

اولاد، انعامی بانڈ، منگنی 2018ء ان حوالہ جات کے حوالہ سے میزان والوں کے لیے خاصہ مشکل ثابت ہوا ہے امسال انشاءاللہ حالات گذشتہ کی نسبت کافی بہتر رہیں گے آغاز سال میں 20 جنوری تا 19 فروری پانچویں شمس کا وبال آپکو بچوں کے حوالہ سے پریشانی میں مبتلا کر سکتا ہے آپکی منگنی خطرے میں ہوگی اس دوران نئے معاہدوں سے بھی گریز کریں۔ میزان بے اولاد افراد کو (ان شاءاللہ) اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے یوں تو ان حوالہ جات کی نسبت سے سارا سال ہی موافق نظر آرہا ہے مگر 10 اپریل تا 18 ستمبر زحل کی رجعت کی وجہ سے آپکو بچوں کیجانب سے مشکلات پیش آسکتی ہیں حاملہ خواتین کو بچوں کی افزائش کے حوالہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ منگنی نسبت کے حوالہ سے بھی یہ دورانیہ محتاط روش کا متقاضی ہوگا عین ممکن ہے کہ بات تو چلے مگر کچھ بھی طے نہ ہونے پائے سال کا باقی دورانیہ انشاءاللہ بہتر رہے گا۔

humaliwalayazadar.com

صحت، ملازمت، ملازمین اس حوالہ سے جنوری تو بہتر گذرے گا مگر 10 فروری تا 17 اپریل چھٹے عطارد کی ہبوطی کیفیت اور رجعت آپکی صحت اور ملازمت دونوں کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے ان ایام میں اگر صحت خراب ہو تو سب سے پہلے روحانی تدراک پر توجہ دیں آپکی صحت بوجہ سحر خراب ہو سکتی ہے ملازم پیشہ افراد کے لیے خاص ہدایت ہے اس دوران ملازمت کی تبدیلی یا چھوڑنے سے قطعی گریز کرنا ہوگا مگر بعد از اں پچھتاوا کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے 27 مارچ تا 20 اپریل گو کہ چھٹے ہی جگہ زہرہ کا شرف آپکو تبدیلی پر اکسائے گا مگر احتیاط لازم ہوگی 10 اپریل تا 11 اگست چھٹے کے حاکم مشتری کی رجعت بھی آپکے مسائل میں اضافہ کا باعث ہوگی صحت کا خیال رکھیں گو کہ آپ اپنی ملازمت سے مطمئن نہیں مگر چھوڑنے کی غلطی ہرگز نہ کریں۔

شادی، ازدواجی زندگی، شراکت داری اس سال آپکو اپنے شراکتی، ازدواجی معاملات کو بہت محتاط روی سے چلانا ہوگا یکم جنوری تا 13 فروری حالات بہتر رہیں گے مگر 14 فروری تا 31 مارچ بالعموم جبکہ 16 مئی تا 2 جولائی حالات آپکے قطعی موافق نہ ہونگے آپکو ہر قدم پھونک پھونک کر اٹھانا ہوگا اختلافات سے ہر ممکن گریز کریں وگرنہ مابین علیحدگی ہو سکتی ہے 3 جولائی تا 4 اکتوبر کے دورانیہ میں حالات قدرے موافق ہونگے آپکو معاملات سنبھالنے میں مدد ملے گی یہ دورانیہ شادی کے لیے ایک بہترین وقت ہوگا مگر ایام عزا کو بھی ملحوظ خاطر رکھنا ہوگا شراکت داری کے خواہشمند افراد کوئی اور بہتر شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے 4 اکتوبر تا 19 نومبر کا دورانیہ بھی موافق نظر نہیں آرہا افواہوں اور غلط فہمیوں سے خود کو محفوظ رکھیں بغیر تصدیق اور جلد بازی میں کسی بھی بات پر یقین نہ کریں، آپکی طے شدہ شادی بھی ختم ہو سکتی ہے از حد محتاط رہیں سال کا باقی دورانیہ ان شاءاللہ موافق رہے گا آپکے لیے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔

وراثت، مشترکہ مالی معاملات، قرضہ 7 جنوری تا 31 مارچ حالات آپکے قابو سے باہر ہونگے مشترکہ مفادات کے حوالہ سے آپکو مالی خسارہ کا سامنا ہو سکتا ہے یہاں تک کہ آپ مقروض بھی ہو سکتے ہیں یکم تا 20 اپریل حالات بہتر رہیں گے گو کہ یہ دورانیہ بہت کم ہے مگر حالات بھی اتنی ہی تیزی سے بہتر ہونگے آپکے لیے وراثت کا حصول بھی ممکن ہوگا اس کے بعد 15 مئی تا 21 اگست آپکے لیے سال کا سب سے بہترین وقت ہے قرضے کی ادائیگی اور وصولی دونوں ممکن ہونگی اسکے بعد 14 ستمبر تا 8 اکتوبر کا دورانیہ بھی موافق ہوگا جبکہ 20 اپریل تا 14 مئی، 21 اگست تا 14 ستمبر، 8 اکتوبر تا 26 نومبر کا دورانیہ قطعی موافق نہ ہوگا ان ایام میں آپکو اپنے معاملات میں سست روی اور محتاط روی اختیار کرنا ہوگی آپکے وراثتی معاملات تعطل کا شکار ہو سکتے ہیں

روحانیت، بیرون ملک سفر، حج و زیارات، اعلیٰ تعلیم : امسال خواہشمند افراد کو حج و زیارات کی سعادت حاصل ہو سکتی ہے۔ اسی طرح میزان افراد کو روحانی مدراج طے کرنے کے بھی کئی ایک مواقع میسر آئیں گے مگر قانون خداوندی کے تحت کچھ عرصہ غیر موافق بھی ہوگا 10 فروری تا 17 اپریل بالخصوص اور 6 تا 21 مئی، 14 ستمبر تا 3 اکتوبر، 9 تا 29 دسمبر کے دورانیے بالعموم موافق نہ ہونگے ان ایام میں آپکے سفروں میں رکاوٹ آسکتی ہے ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں وگرنہ مسترد ہونے کے امکانات زیادہ ہونگے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے میزان افراد کو بھی مشکل صورتحال سے واسطہ رہے گا روحانیت کی سوجھ بوجھ یا اس حوالہ سے علم حاصل کرنے کے شائق افراد کو اس دوران بلا اجازت یا سیاق و سباق سمجھے بغیر کوئی عمل شروع نہیں کرنا چاہیے سال کا باقی دورانیہ انشاءاللہ آپکے موافق ہوگا اور اسی عرصے میں ویزہ وغیرہ بھی اپلائی کرنا بہتر ہوگا۔

معشیت، کیریر، روزگار، ترقی، تنزلی گو کہ یہ سال گذشتہ سال کی نسبت قدرے بہتر ہوگا مگر پھر بھی احتیاط کا دامن قطعی نہ چھوڑیں جیسا کہ گذشتہ سال آپکو بتا چکا ہوں کہ آپ پر لازم ہے کہ اگر آپ کاروباری لحاظ سے خود کو محفوظ رکھنا چاہتے ہیں تو ہر قمر در عقرب اور قمری گرہنوں میں صدقہ ضرور ادا کیا کریں تا کہ محفوظ رہیں اسی طرح ہر ماہ ہونے والا اشرف قمر آپکے لیے کاروباری ترقی کے نئے راستے کھول دیتا ہے یہ آپ پر پروردگار کا خاص کرم ہے امسال 16 مئی تا 2 جولائی آپکو از حد محتاط رہنا ہوگا کیریر روزگار کے گھر مریخ کا ہبوط آپکی معیشت کو تباہ کر سکتا ہے ملازم پیشہ افراد کو اپنے مالک یا سینئر کیجانب سے

www.humaliwalayazadar.com

شدید تنقید کا سامنا رہے گا آپکو تنزلی کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے مگر اسی دوران شمس کے کیریئر کے گھر اوج یافتہ آجانے سے امداد بھی حاصل ہو جائے گی شمس یہاں 23 جولائی تک قیام پذیر رہنے سے آپکو معاملات سنبھالنے اور سدھارنے کا موقع مل جائے گا یہ ایک بہتر وقت ہے (قمری گرہنوں کی تواریخ زائچہ کے آخر میں مل جائیں گی)

دوست احباب، خواھشات، کاروباری فوائد سال کے ابتداء میں یکم جنوری تا 21 مارچ حالات قدرے موافق نہ ہونگے اپنی خواہشات کو کنٹرول میں رکھیں دوست احباب سے منسوبہ خواہشات پایہ تکمیل تک پہنچنا مشکل ہوگا اسکے بعد 20 اپریل تا 21 جون، 23 ستمبر تا 23 اکتوبر کے دورانیہ بھی موافق نہ ہونگے آپکو محتاط روش اختیار کرنا ہوگی جبکہ 21 مارچ تا 20 اپریل، 21 جون تا 23 اگست، 22 نومبر تا 22 دسمبر کے دورانیے آپکے لیے موافق حالات لے کر آرہے ہیں آپکے گذشتہ کاروباری معاملات کے ثمرات آپکو مل سکیں گے اور دوستوں کے تعاون سے آپکی خواہشات کی تکمیل ممکن ہوگی اس دورانیہ کو منصوبہ بندی کے تحت اور بھی مفید بنایا جا سکتا ہے اس لیے قبل از وقت منصوبہ بندی کر لینا بہتر ہوگا۔

بیرون ملک قیام، امیگریشن، خفیه سازشیں امیگریشن کے خواہشمند افراد اور بیرون ملک مقیم افرد کو اسسال اچھے برے دونوں طرح کے حالات کا سامنا رہے گا آپکے لیے امیگریشن کے حوالے سے درست وقت کا انتخاب از حد ضروری ہوگا اسسال 10 فروری تا 17 اپریل، 6 تا 21 مئی، 14 ستمبر تا 3 اکتوبر، 9 تا 29 دسمبر کا دورانیہ آپکے لیے موافق نہ ہوگا ان ایام میں امیگریشن اپلائی کرنے یا اپیل وغیرہ میں جانے سے گریز کریں جو احباب پہلے ہی اپلائی کر چکے ہیں ان کو بھی واپسی کی راہ دیکھنا پڑ سکتی ہے پہلے سے مقیم افراد کو جگہ کی تبدیلی کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے اس حوالہ سے 17 اپریل تا 6 مئی، 21 مئی تا 14 ستمبر، 3 اکتوبر تا 9 دسمبر کا دورانیہ گھر کی تبدیلی یا امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے موافق ہوگا مگر محتاط رہیں یہی وہ ایام ہیں جب آپکے خلاف خفیہ سازشیں عروج پر ہونگی۔

شمسی وقمری گرھن اسسال ہونے والا 6 جنوری کا شمسی گرہن اور 17 جولائی کا قمری گرہن، 26 دسمبر کا شمسی گرہن زائچے کے اہم ترین مقام چوتھے گھر لگ رہا ہے آپکو خانگی اور پراپرٹی سے واسطہ مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے ان ایام میں گھر کی تبدیلی / خرید و فروخت اور کاروباری اہم فیصلوں سے گریز کریں 21 جنوری اور 3 جولائی کے گرہن آپکے تعلقات کشیدہ کر سکتے ہیں آپکی خوش بختی کی تنسیخ ہو سکتی ہے کاروباری تبدیلیوں اور کیریئر روزگار کے حوالہ سے مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے محتاط رہیں اور صدقات اور مخصوص نماز آیات کی ادائیگی کو یقینی بنائیں تاکہ پروردگار کی امان میں رہیں۔ خیر اندیش: شیخ زوار رضا جاوا

ورد خاص روزانہ بعد از فجر ایک تسبیح سورہ آل عمران آیت 26 تلاوت کریں **صدقه** ۔ ہر منگل 900 گرام دال مسور یا سرخ کی کلیجی کسی مستحق کو دیں یا جانوروں کو ڈال دیں

برج: عقرب SCORPIO ستارہ: مریخ

رنگ: ______ نیلا، سرخ

عنصر: ______ آبی

جواھر: ______ مگھراج، عقیق، موتی

بہترین شریک حیات: ______ حوت، سرطان

ناموافق ساتھی: ______ دلو، ثور، اسد

بیماریاں: سر، حلق، ناک کی بیماریاں، ہچکی، نزلہ، معدہ

دن: منگل عدد: 9 حروف: ن، ی، ق، ش، ط 24 Oct to 22 NOv

اھم نکات 2019ء کی سب سے اہم بات مشتری کی آغاز دسمبر تک خانہ مال میں موجودگی ہوگی مشتری 13 سال بعد اس پوزیشن میں آتا ہے بیت الاقرباء اور بیت الارض کا حاکم زحل بھی اسسال آپکے معاملات میں خاصہ اہم کردار ادا کر رہا ہے آپکا اپنا ستارہ مریخ اسسال ہبوط میں جانے سے آپکی عزت و توقیر، صحت، ملازمت اور بیرون ملک سفر دونوں خطرے میں ہونگے دیگر سیارگان میں شمس اور قمر، عطارد اور زہرہ اسسال شرف و ہبوط جیسے مدراج کو طے کرتے ہوئے آپ پر دورج اثرات مرتب کر رہے ہیں اسسال لگنے والے پانچ گرہن آپکے زائچہ کے اہم ترین معاملات کو متاثر کر سکتے ہیں ان پر خاص نظر رکھیں۔

شخصی وقار گذشتہ سال ستارہ مریخ کی برج دلو میں بحالت تخفیض موجودگی اور رجعت نے آپکی توقیر کو خاصہ متاثر کیا ہے اسسال بھی آپکو ہر قدم احتیاط سے رکھنا ہوگا آپکے طالع کا حاکم ستارہ مریخ 14 فروری تک گو کہ بہتر حالت میں ہوگا مگر آپکو کچھ ظاہری مخالفتوں کا بھی سامنا کرنا پڑے گا 14 فروری تا 31 مارچ آپکو محتاط رہنا ہوگا آپ ذہنی دباؤ کا شکار ہو رہے ہیں اپنی اس ذہنی کیفیت کو دوسروں پر ظاہر ہونے سے بچائیں وگرنہ آپکا وقار مجروح ہو سکتا ہے 16 مئی تا 2 جولائی کا دورانیہ آپکے لیے سال کا مشکل ترین وقت ثابت ہو سکتا ہے آپکو لوگوں کی طرف سے الزامات اور سخت سست سننے کو مل سکتا ہے سسرالی عزیزوں سے تعلقات بنائے رکھنا خاصہ مشکل ہوگا 3 جولائی سے حالات میں مثبت تبدیلی آ رہی ہے آپکی خود اعتمادی میں اضافہ ہو رہا ہے آپ مسائل کو سنبھالنے میں مصروف ہیں یہ سلسلہ 23 اگست تک چلے گا 14 اکتوبر تا 19 نومبر جہاں آپکا ستارہ وبال میں ہوگا وہیں آپکے خفیہ دشمن پر قابو پانے میں بھی معاون ہوگا 19 نومبر تا آخر سال (ان شاء اللہ) بہتر گذرے گا۔

مالی پوزیشن سعد اکبر ستارہ مشتری گذشتہ سال آپکے خانہ مال میں آ چکا ہے اور آخر نومبر تک یہیں قیام پذیر رہتے ہوئے آپکی مالی پوزیشن کو مستحکم کر رہا ہے قدرت کی طرف سے اپنی مالی پوزیشن کو مستحکم کرنے کا یہ بہترین موقع ہے آپکو اس صورتحال کو بہترین منصوبہ بندی سے سنبھالنا چاہیے۔

ولی العصر بک ڈپو پنجابی بازار پاراچنار　　خیبر سٹشنری مارٹ سکول روڈ پاراچنار　　ماسٹر جواد ایجنڈ برادرز کوری بازار پاراچنار

11 اپریل تا 11 اگست ستارہ مشتری رجعت میں رہنے سے جہاں روپے پیسے کی آمد قدرے سست ہو جائے گی وہیں آپکے اخراجات میں تیزی آجائے گی محتاط رہیں ورنہ آپکی مالی پوزیشن متاثر ہو سکتی ہے 2 تا 26 نومبر خانہ مال میں زہرہ کا تخصیف دشمنوں کی جانب سے آپکو مالی نقصان پہنچانے کی کوشش کی نشاندہی کر رہا ہے ان پر نظر رکھیں دسمبر کا مہینہ انتہائی مشکل ثابت ہو سکتا ہے

عزیز و اقارب، ابتدائی تعلیم، نزدیکی سفر آپکے بیت الاقربا کا حاکم زحل گذشتہ سال کی طرح امسال بھی آپکے بیت الاقرباء میں ہی قیام پذیر رہے گا زحل کی اپنے ہی گھر موجودگی عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر بنا رہی ہے مگر یکم تا 20 جنوری پہلے شمس کے تیسرے تخصیف اور پھر چوتھے 19 فروری تک وہاں عزیز و اقارب اور خاندان کے افراد کے ساتھ تعلقات کشیدہ کر سکتا ہے 30 اپریل کو زحل رجعت میں چلے جانے سے آپکو سفروں میں رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے عقرب بچوں کو بھی تعلیمی میدان میں رکاوٹوں کا سامنا رہے گا آپکو بہن بھائیوں سے تعلقات بنائے رکھنا مشکل ہو جائے گا مگر تحمل سے کام لیں اب اپنی سماجی سرگرمیوں کو محدود کرنا بہتر ہوگا یہ سلسلہ 18 ستمبر تک چلے گا سال کا باقی دورانیہ (ان شاء اللہ) بہتر گزرے گا آپکے تعلقات تیزی سے بحال ہو رہے ہیں۔

گھر، خاندان، پراپرٹی سال کا آغاز گو کہ بہتر ہو رہا ہے مگر 20 جنوری تا 19 فروری شمس کے چوتھے وبال سے خاندان کے افراد سے کشیدگی پیدا ہو سکتی ہے آپکو ناگہانی طور پر جگہ کی تبدیلی سے واسطہ پڑ سکتا ہے جبکہ دوسری طرف 30 اپریل تا 18 ستمبر زحل کی رجعت کی وجہ سے آپکے خانگی معاملات کشیدگی کا شکار ہو سکتے ہیں اس دورانیہ میں گھر کی تبدیلی یا پراپرٹی کے لین دین سے گریز کریں ورنہ نقصان کا اندیشہ رہے گا 18 ستمبر کے بعد حالات (ان شاء اللہ) موافق رہیں گے اب پراپرٹی کا لین دین آپکے لیے فائدہ مند ہوگا۔

humaliwalayazadar.com

اولاد انعامی بانڈ منگنی ان حوالہ جات میں 2019ء آپکے لیے ایک ملا جلا سال ثابت ہوگا آپکے پانچویں کا حاکم مشتری بہترین پوزیشن میں رہتے ہوئے جہاں آپکو بفضل تعالیٰ اولاد کی خوشخبری سے نواز رہا ہے وہیں 10 فروری تا 17 اپریل پانچویں عطارد کا ہبوط آپکے اور بچوں کے مابین غلط فہمیوں کو بڑھا دے گا بچوں کی غلط گفتگو اور فیصلے آپکی پریشانیوں میں اضافہ کا باعث ہونگے اس دوران آپکی منگنی بھی خطرے میں ہوگی کوئی نئی بات طے پانے کے ویسے ہی امکانات کم ہیں پھر بھی اس دوران بات طے کرنے سے گریز کریں دوسری طرف 27 مارچ کو زہرہ پانچویں شرفیاب حالت میں آجانے سے حالات قدرے بہتر نظر آئیں گے مگر محتاط رہیں 10 اپریل تا 11 اگست مشتری کی رجعت کیوجہ سے معاملات پوری طرح آپکے کنٹرول میں نہ ہونگے مگر بعد از 11 اگست حالات انشاءاللہ انتہائی موافق ہونگے آپکی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں بچوں سے جاری کشیدگی کا بھی خاتمہ ہو جائے گا انعامی سکیموں کے شائق افراد کیلئے پہلے چار ماہ موافق نہ ہونگے اور دسمبر بھی موافق نہ ہوگا باقی عرصہ میں آپکا کوئی بڑا انعام لگ سکتا ہے۔

صحت، ملازمت، ملازمین آپکی صحت اور ملازمت کے حوالہ سے یہ سال کچھ بہتر نظر نہیں آ رہا آپکو اس حوالہ سے خاص احتیاط کی ضرورت ہوگی یکم تا 14 فروری حالات بہتر رہیں گے آپکے لیے حسب خواہش بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا 14 فروری تا 31 مارچ مریخ کے وبال میں چلے جانے سے آپکی صحت متاثر ہونا شروع ہو جائے گی آپکو سر درد اور گلے کی تکلیفات کا سامنا ہو سکتا ہے 20 اپریل تا 15 مئی آپکی صحت کی خرابی آپکو ہسپتال کی راہ دکھا سکتی ہے 16 مئی تا 2 جولائی آپکو از حد محتاط رہنا ہوگا کسی بھی قسم کے لڑائی جھگڑے اور تیز دھار آلے یا آتشی ہتھیار سے دور رہیں ورنہ شدید نقصان کا اندیشہ رہے گا اسی دوران آپکو خدانخواستہ سرجری کروانا پڑ سکتی ہے اس دورانیہ میں جاب چھوڑنے کی غلطی ہرگز نہ کریں 2 جولائی تا 14 اکتوبر حالات میں تیزی سے بہتری آئے گی آپکی صحت بہتر ہو رہی ہے اب جاب کی تبدیلی ممکن ہوگی 15 اکتوبر تا 19 نومبر ایکبار پھر صحت کے مسائل سر اٹھا رہے ہیں سال کا باقی عرصہ ان شاءاللہ بہتر گزرے گا۔

شادی، ازدواجی زندگی، شراکت داری امسال اس حوالہ سے آپکے حالات میں بہت تیزی سے تبدیلیاں رونما ہونگی آپکو بہت محتاط روش اختیار کرنا ہوگی آپکو 7 جنوری تا 27 مارچ، 20 اپریل تا 15 مئی، 21 اگست تا 14 ستمبر، 8 اکتوبر تا 26 نومبر خاصے مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے آپکی طے شدہ شادی بھی اس دوران منسوخ ہو سکتی ہے آپکی ازدواجی اور شراکتی زندگی بھی اس عرصہ میں مخدوش حالات کا شکار رہیں گی اگر آپنے احتیاط سے کام نہ لیا تو نوبت علیحدگی تک جا سکتی ہے بالخصوص اگست اور ستمبر والا دورانیہ خاصہ مشکل ہوگا سال کے باقی دورانیے (ان شاء اللہ) موافق رہیں گے اس دورانیے میں آپکی شادی طے پانے کے قوی امکانات موجود ہیں پہلے سے شادی شدہ افراد کے حالات بھی بہتر رہیں گے خواہشمند افراد کو شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے۔

وراثت، مشترکہ مالی معاملات، قرضہ اس حوالہ سے سال کا کچھ دورانیہ موافق نہ ہوگا 10 فروری تا 17 اپریل، 6 تا 21 مئی، 14 ستمبر تا 3 اکتوبر، 9 تا 29 دسمبر یہ سال کے وہ دورانیے ہیں جب آپکو وراثتی معاملات میں رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے بالخصوص وہ افراد محتاط رہیں جو کہ فاریکس

حبیب لائبریری اینڈ سٹیشنری میلاد چوک واہ کینٹ　علی بک ڈپو اینڈ جنرل سٹور تلکوال　قمر بنی ہاشم لائبریری حسینیہ ہال 16-صدر روڈ پشاور صدر

www.humaliwalayazadar.com

یا اسٹاک ایکسچینج جیسے معاملات میں کام کرتے ہیں ان ایام میں کسی بھی قسم کے قرضے کے لین دین سے گریز کریں دوسری طرف 17 اپریل تا 6 مئی، 21 مئی تا 5 جون، 29 اگست تا 14 ستمبر، 3 اکتوبر تا 9 دسمبر سال کے وہ دورانیہ ہیں جب آپکو اپنے واجبی معاملات سنبھالنے کا موقع ملے گا اس دوران عدالتی فیصلے آپکے حق میں آسکتے ہیں مشترکہ مالی معاملات میں منافع کا حصول ممکن ہوگا اور حسب خواہش قرضہ کا حصول بھی ممکن ہوگا۔

روحانیت، بیرون ملک سفر، حج وزیارات، اعلیٰ تعلیم پروردگار کے کرم سے عقرب افراد کو امسال بیرون ملک سفر وزیارات کے کئی ایک مواقع میسر آئیں گے حج کے خواہشمند افراد کو بھی سعادت نصیب ہوسکتی ہے آپکے اعلیٰ تعلیمی مدارج بھی ترقی کیجانب گامزن ہیں مگر آپ پر لازم ہوگا کہ ویزہ وغیرہ اپلائی کرتے وقت یا سفر کی تواریخ طے کرتے وقت قمر در عقرب کو ضرور ملحوظ خاطر رکھیں وگرنہ رکاوٹ پیش آسکتی ہے اسکے علاوہ 16 مئی تا 2 جولائی کے دورانیہ کو نوٹ فرمالیں اسی دوران ویزہ اپلائی یا سفر سے گریز کرنا ہوگا آپکے بنے بنائے پروگرام بھی ملتوی ہوسکتے ہیں آپکا تعلیمی سلسلہ منقطع ہوسکتا ہے جبکہ 21 جون تا 23 جولائی شمس کا اوج آپکے معاملات میں بہتری کا باعث ہوگا اسی طرح آپ اس بہتر وقت سے 2 تا 23 جولائی فائدہ حاصل کرسکیں گے اسکے علاوہ قمری گرہن کی تواریخ کو بھی جنتری سے نوٹ فرمالیں یہ گرہن بھی آپکے معاملات کو تعطل کا شکار کرسکتے ہیں۔

معشیت، کیریر روزگار، ترقی، تنزلی گذشتہ سال نویں راہو کی موجودگی نے آپکے کیریر روزگار کو اچھا خاصہ متاثر کیا ہے مگر امسال انشاء اللہ حالات گذشتہ کی نسبت بہتر رہیں گے آپکی معیشت سے متعلقہ ستارہ شمس امسال 21 مارچ تا 20 اپریل، 21 جون تا 23 اگست، 22 نومبر تا 22 دسمبر بہتر پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکی ترقی کی راہیں ہموار کررہا ہے آپکو کیریر روزگار کے حوالہ سے بہتر مواقع میسر رہیں گے پروردگار کے کرم سے آپکے لیے نئے مواقع پیدا ہورہے ہیں بالخصوص 21 مارچ تا 20 اپریل کا دورانیہ انتہائی موافق ہوگا مگر اسکے ساتھ ساتھ سال کا کچھ عرصہ ایسا بھی ہوگا جو کہ موافق نہ ہوگا یکم جنوری تا 20 مارچ، 20 مئی تا 20 جون، 23 ستمبر تا 23 اکتوبر آپکو از حد محتاط رہنا ہوگا وگرنہ آپکو ترقی کی بجائے تنزلی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد اس حوالہ سے آپکو ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا آپ اپنی خواہشات کی تکمیل میں جہاں جلد باز ہیں وہیں مستقل مزاج بھی ہیں اور اعتدال پسندی ہی بہتر نتائج کی حامل ہوتی ہے امسال 10 فروری تا 17 اپریل، 6 تا 21 مئی، 14 ستمبر تا 3 اکتوبر، 9 تا 29 دسمبر حالات موافق نہ ہونگے اب آپکی خواہشات کی تکمیل ممکن نہ ہوگی اس حوالہ سے دوستوں سے بحث وتکرار سے گریز کریں آپکے کاروباری معاملات کے نتائج حسب توقع نہ آنے سے پریشانی میں اضافہ ہوسکتا ہے باقی تمام سال انشاءاللہ موافق رہے گا اور آپکی خواہشات کی تکمیل ممکن ہوگی۔

بیرون ملک قیام، امیگریشن، خفیہ سازشیں امیگریشن کے نتائج اور اپلائی کرنے کے لیے 7 جنوری تا 27 مارچ، 20 اپریل تا 15 مئی، 21 اگست تا 26 نومبر کا دورانیہ موافق نہ ہوگا اپنے کیس اپلائی کرنے سے گریز کریں اگر بامر مجبوری کرنا پڑے تو پہلے کوئی روحانی تدارک ضرور کرلیں اس دورانیہ میں پہلے سے مقیم افراد کا قیام بھی مشکل ہوجائے گا آپکو واپس آنا پڑسکتا ہے جبکہ بتائے گئے عرصے کے علاوہ تمام سال موافق ہوگا پہلے سے مقیم افراد کو بہتر گھر یا جگہ مل سکتی ہے مگر محتاط رہیں یہی وہ دورانیہ ہیں جب آپکے خلاف خفیہ سازشیں بھی عروج پر ہونگی۔

شمسی وقمری گرہن امسال 5 گرہن لگ رہے ہیں یہ گرہن آپکے سسرالی عزیزوں، بیرون ملک سفر ویزہ، روحانی امور اور کیریر روزگار کے علاوہ آپکے سماجی تعلقات جیسے اہم ترین امور کو متاثر کررہے ہیں گرہن کی تواریخ جنتری کے صفحہ نمبر (67) سے نوٹ کرلیں اور ان ایام میں اپنے معاملات کو احتیاط اور تدبر سے حل کریں صدقہ اور نماز کسوف خسوف کی بروقت ادائیگی آپکو انکے اثرات سے بچاؤ میں مددگار ہوگی اُمید کرتا ہوں آپ ان امور پر توجہ دیں گے۔

صدقہ روزانہ ایک تسبیح ورد کریں آیت 180/181/182 بمعہ اول وآخر 11/11 مرتبہ درود پاک

ورد خاص ہر جمعرات کم ازکم 300 گرام یا 3 پاؤ بڑا گوشت کسی مستحق کو دیں یا جانوروں کو ڈال دیں

روحانی علاج
دافع جادو اور استخارہ کے لیے رجوع فرمائیں۔
علامہ سید افضل عباس نقوی
03214917305
0324-4492812

ادارہ خیر العمل برائے مرحومین
اپنے مرحومین کے ایصال ثواب کے لیے
اجتماعی مجلس عزا میں شرکت کے لیے رابطہ کریں
مبارز نقوی
0322-3841554

الحمد فیبرکس
لیڈیز کپڑے کی تمام ورائٹی بارعائت دستیاب ہے۔
محمد علی
0302-4406438

نادعلی نگینہ سنٹر
0300-3225586

اشرف بک ایجنسی کمیٹی چوک اقبال روڈ راولپنڈی فون: 051-5531610 غلام قنبر احمد پور لمہ تحصیل صادق آباد ضلع رحیم یار خان 0315-2352110

برج: قوس SAGITARIUS سیارہ: مشتری

رنگ: سفید، نیلا
عنصر: آتش
جواہر: فیروزہ، زرد پکھراج
بہترین شریک حیات: حمل، اسد
ناموافق ساتھی: ثور، جوزا، سنبلہ
بیماریاں: عرق النساء، معدہ، جگر، اعصاب کی خرابیاں

دن: جمعرات **عدد:** ۳ 23 Nov to 22 Dec **حروف:** ف

اہم نکات

2019ء تمام برج والوں میں سب سے زیادہ آپکے لیے فائدہ مند ہوگا آپکا اپنا ستارہ سعد اکبر مشتری دسمبر تک طالع میں موجود رہتے ہوئے آپکی عزت و توقیر میں اضافہ کر رہا ہے مشتری کی پانچویں نویں نظر آپکی خوشحالی میں اضافہ، اولاد، منگنی، تعلیم، بیرون ملک سفر کے ساتھ ساتھ آپکے روحانی مدارج میں بہتری کا باعث بنے گی۔ آپ ساڑھ ستی کے تیسرے اور آخری ڈھائی سالہ دور سے گزر رہے ہیں مگر خانہ مال میں زحل کی اپنے گھر موجودگی مالی استحکام کی آئینہ دار ہے اس سعد ترین وقت سے صرف وہ افراد فائدہ اٹھا سکیں گے جنکے زائچہ پیدائش میں زحل اچھی حالت میں ہوگا امسال پانچویں بارھویں کا حاکم مریخ ہبوط میں آجانے سے آپکی منگنی اور امیگریشن کے علاوہ دیگر بچوں سے واسطہ کچھ مسائل کا سامنا کروا سکتا ہے امسال آپکے زائچے کا آٹھواں گھر راہو سے متاثر ہو رہا ہے جو کہ آپکو شدید ذہنی دباؤ کا شکار کر سکتا ہے میری ذاتی تحقیق و تجربہ کے مطابق راہو کی آٹھویں موجودگی آپکے لیے از حد خطرناک ہو سکتی ہے اسکو ہر صورت مد نظر رکھیں۔

شخصی وقار

مشتری کی طالع میں موجودگی آپکی عزت و توقیر میں اضافہ کر رہی ہے مگر 7 جنوری تا 4 فروری زہرہ طالع میں بحالت تحتیض آجانے سے دشمنوں کیجانب سے آپکے عزت و وقار کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی جا سکتی ہے 10 اپریل تا 11 اگست مشتری کی رجعت کی وجہ سے آپکے مزاج میں چڑچڑا پن نمایاں ہو جانے کا خود پر کنٹرول رکھیں نومبر اور دسمبر بھی سیارگان کی پوزیشن کیوجہ سے موافق نہ ہوگا محتاط رہیں۔

مالی پوزیشن

یوں تو زحل کی خانہ مال میں موجودگی آپکی مالی پوزیشن میں انتہائی بہتری کا باعث ہے مگر دیگر سیارگان میں یکم جنوری تا 20 جنوری خانہ مال میں شمس کا تحتیض آپکی مالی پوزیشن کو متاثر کر سکتا ہے بیرون ملک سفر کے حوالے سے یا کسی خاص فرد کو قرضہ کے لین دین سے گریز کریں اسکے بعد آپکی مالی پوزیشن مستحکم ہو رہی ہے 30 اپریل تا 18 ستمبر زحل کی رجعت کیوجہ سے روپے پیسے کی آمد ست روی کا شکار ہو سکتی ہے لین دین کے حوالے سے وعدہ وعید سے گریز کریں بعد از 18 ستمبر انشاءاللہ حالات بھرپور طریقے سے موافق ہونگے

عزیز و اقارب، ابتدائی تعلیم، نزدیکی سفر

سال کا آغاز بہتر انداز میں ہو رہا ہے آپ سماجی تقریبات میں بھرپور شرکت کر رہے ہیں نزدیکی سفروں کے کئی ایک مواقع میسر رہیں گے 20 جنوری تا 19 فروری آپکے سفروں میں رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہے سسرالی عزیز و اقارب سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں محتاط رہیں قوس بچوں کیلئے یہ ماہ بہت اہم ہوگا کیونکہ اکثر بچوں کے امتحانات شروع ہو چکے ہیں 30 اپریل تا 18 ستمبر بوجہ رجعت زحل آپکو مشکل صورتحال کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے ایک بار پھر آپکے سفری معاملات التوا، رکاوٹ کا شکار ہو سکتے ہیں عزیز و اقارب بالخصوص بہن بھائیوں سے تعلقات بنائے رکھنے کی کوشش کریں رجعت کے ایام ختم ہونے کے بعد حالات ان شاءاللہ آخر سال تک موافق رہیں گے آپکو گذشتہ بگڑے ہوئے معاملات کو سنبھالنے کا موقع ملے گا۔

اولاد انعامی بانڈ منگنی

گو کہ حالات گذشتہ سال سے کافی بہتر ہیں اور آپکی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں مگر تمام سال حالات ایک جیسے نہیں رہیں گے یکم جنوری تا 14 فروری، 2 جولائی تا 14 اکتوبر اور 19 نومبر تا آخر سال حالات موافق ہونگے مگر اس دورانیہ میں ایام عزا کو بالضرور ملحوظ خاطر رکھیں اس دورانیہ میں آپکی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں انعامی بانڈ اور لاٹری میں حصہ لینے والے افراد کیلئے بھی یہی دورانیہ موافق ہوگا خواہشمند قوس خواتین و حضرات کو اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے جبکہ 14 فروری تا 31 مارچ بالعموم اور 16 مئی تا 2 جولائی کا دورانیہ بالخصوص آپکو محتاط رہنا ہوگا آپکو بچوں کی طرف سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے حاملہ خواتین کے لیے یہ عرصہ قطعی موافق نہ ہوگا آپ پر لازم ہوگا کہ ہر طرح سے احتیاط کریں اس دوران آپکی منگنیاں بھی خطرے میں ہونگیں اسکے بعد 14 اکتوبر تا 19 نومبر کا دورانیہ بھی بہتر نہ ہوگا آپکے بچوں کے شرارتی ازدواجی معاملات آپکی پریشانیوں میں اضافہ کا باعث ہونگے

گھر، خاندان، پراپرٹی

آپکے بیت الارض کا حاکم بھی سعد اکبر مشتری ہی ہے امسال آپکے لیے بہتر پراپرٹی کا حصول ممکن ہوگا مگر امسال 10 فروری تا 17 اپریل چوتھے عطارد کی ہوتلی کیفیت آپکو محتاط روش کا اشارہ کر رہی ہے ان ایام میں پراپرٹی کے لین دین میں دھوکہ دہی کا اندیشہ رہے گا خاندان کے افراد کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں بغیر تصدیق کسی بھی بات پر یقین نہ کریں اور خود بھی گفتگو میں احتیاط کریں آپکو اچانک گھر کی تبدیلی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے دوسری طرف 27 مارچ کو زہرہ کے عین اسی مقام پر شرفی حالات میں آجانے سے حالات میں قدرے بہتری آئے گی جو کہ 20 اپریل تک جاری رہے گی۔ 10 اپریل کو مشتری رجعت میں چلے جانے سے آپکے معاملات میں التوا جیسی صورتحال کا آغاز ہو جائے گا یہ صورتحال 11 اگست تک جاری رہے گی آپکے خانگی معاملات خراب

سہیل نیوز ایجنسی فوارہ چوک دریا خان اسلامی کتب خانہ احمد پور شرقیہ مدرسہ دار العلوم جعفریہ کربلا خوشاب
www.humaliwalayazadar.com

ہو رہے ہیں ان پر توجہ دیں پراپرٹی کا کام کرنے والے افراد کا کاروبار سست روی کا شکار ہو جائے گا بعد از اگست تا آغاز دسمبر حالات موافق رہیں گے مگر دسمبر قطعی موافق نہ ہوگا

صحت، ملازمت، ملازمین

اسسال آپکی صحت اور ملازمت دونوں کے حالات تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں آپکو 7 جنوری تا 27 مارچ، 20 اپریل تا 15 مئی 21 اگست تا 14 ستمبر، 8 اکتوبر تا 2 نومبر کا دورانیہ آپکو اپنی صحت کا خاص خیال رکھنا ہوگا اس دوران ملازمت چھوڑنے کی غلطی نہ کریں ورنہ بعد میں پچھتاوا ہوگا اس دوران آپکو اپنے ملازمین کیجانب سے بھی پریشانی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے 27 مارچ تا 20 اپریل ملازمت کی تبدیلی کے حوالہ سے سال کا سب سے بہترین وقت ہے خواہشمند افراد کیلئے بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا اسکے علاوہ 15 مئی تا 21 اگست، 14 ستمبر تا 8 اکتوبر بھی آپکے لیے موافق ہوگا جاب اور صحت سے متعلقہ مسائل کا حل ممکن ہوگا

شادی، ازدواجی زندگی، شراکت داری

اس حوالہ سے اسسال آپکو ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا آغاز سال میں 10 فروری تا 17 اپریل کا دورانیہ آپکے لیے خاصہ مشکل ثابت ہوگا محتاط رہیں آپکی شادی اور شراکت داری دونوں ٹوٹنے کا اندیشہ ہے آپکی ازدواجی زندگی بھی شدید خطرات کا شکار ہوگی یہ سال کا مشکل ترین وقت ہے اسکے بعد 6 تا 21 مئی، 14 ستمبر تا 13 اکتوبر، 9 تا 29 دسمبر کا دورانیہ بھی موافق نہ ہوگا آپکو محتاط روش اختیار کرنی ہوگی 17 اپریل تا 6 مئی، 21 مئی تا 14 ستمبر، 13 اکتوبر تا 9 دسمبر یہ وہ دورانیہ ہیں جب آپکے تعلقات میں بہتری آئے گی آپکی شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے یہی وہ دورانیہ ہے جب آپکی شادی نکاح کے لیے ماحول سازگار رہوگا۔

humaliwalayazadar.com

وراثت، مشترکہ مالی معاملات، قرضہ

وراثتی اور مشترکہ مالی حوالہ سے یوں تو حالات کافی بہتر نظر آرہے ہیں آپکے رکے ہوئے وراثتی معاملات حل ہو سکیں گے مشترکہ مالی معاملات یعنی شراکت داری یا کسی بھی طرح کی مشترکہ انویسٹمنٹ میں پرافٹ کے واضح امکانات موجود ہیں مگر ستارہ زحل کی دوسری بیٹھ کر مقابلے کی نظر اور 16 مئی تا 2 جولائی مریخ کی زائچہ میں آٹھویں ہوطی کیفیت آپکو شدید مالی نقصان سے دوچار کرسکتی ہے اس دوران اپنے معاملات پر خاص توجہ دیں اور اپنی سرگرمیوں کو محدود کرلیں اسسال ہونے والے 2 قمری گرہن بالترتیب 21 جنوری اور 17 جولائی کو لگ رہے ہیں یہ گرہن بھی آپکے معاملات کو نقصان پہنچا سکتے ہیں یہ ایام بھی صدقہ اور احتیاط کے طالب ہونگے

روحانیت، بیرون ملک سفر، حج وزیارات، اعلیٰ تعلیم

گذشتہ سال آپکے سفر راہو کے اثرات کیوجہ سے متاثر ہوئے ہیں اسسال کوکر راہو کہ اثرات آپکو متاثر نہیں کررہے مگر پھر بھی آپکو محتاط روش اختیار کرنا ہوگی یکم جنوری تا 20 مارچ حالات موافق نہ ہونگے ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں اسکے بعد 20 مئی تا 21 جون، 23 ستمبر تا 23 اکتوبر کے دورانیے بھی بیرون ملک سفر، ویزہ اپلائی اور اعلیٰ تعلیم کے حوالہ سے موافق نہ ہونگے اس دوران اپلائی کئے گئے ویزہ مسترد ہو سکتے ہیں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد اپنے معاملات کو آگے بڑھانے کے لیے روحانی تدراک کرسکتے ہیں 21 مارچ تا 20 اپریل کا دورانیہ آپکے بیرون ملک سفر اور ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے کے لیے بہترین اوقات ہیں اگر بہ امر مجبوری اول الذکر دورانیہ میں سفر اختیار کرنا چاہتے ہیں تو ویزہ وغیرہ ابھی اپلائی کرلیں اسکے بعد 21 جولائی تا 23 اگست، 22 نومبر تا 22 دسمبر کے دورانیے بھی موافق ہونگے ورد وظائف کے شائق افراد اور اعلیٰ تعلیمی مدارج طے کرنے والے افراد کو اس دوران حالات انتہائی موافق ملیں گے۔

معیشت، کیریئر، روزگار، ترقی، تنزلی

آپکے کیریئر کا حاکم ستارہ عطارد 10 فروری تا 17 اپریل کیریئر کے گھر کے بالکل مقابل ہوطی کیفیت میں ہوگا اس دوران کسی بھی اہم فیصلہ یا لین دین سے گریز کریں ملازم پیشہ افراد کو تنزلی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے 17 اپریل تا 6 مئی حالات بہتر رہیں گے آپکو سنبھلنے کا موقع ملے گا 6 تا 21 مئی حالات موافق نہ ہونگے کیریئر روزگار کے حوالہ سے آپکی خواہشات کی تکمیل مشکل ہوگی جاب چھوڑنے کی غلطی ہرگز نہ کریں 21 مئی تا 5 جون بالعموم اور 29 اگست تا 14 ستمبر کا دورانیہ انتہائی موافق نظر آرہا ہے آپکو بڑھنے پھولنے کا موقع ملے گا آپ نئے کاروباری منصوبوں پر گامزن ہیں 14 ستمبر تا 13 اکتوبر کا دورانیہ باوجود کوشش کے موافق نہ ہو سکے گا کیریئر روزگار کے حوالہ سے دوستوں سے وابستہ توقعات پوری ہونا مشکل ہوگا 13 اکتوبر تا 9 دسمبر کیریئر کا حاکم زائچہ کے بارہویں اوج میں ہوگا اب آپکو نئے منصوبہ جات اور کیریئر روزگار کے اہم فیصلوں میں بہت محتاط رہنا ہوگا آپکے خلاف کوئی خفیہ سازش بھی ہوسکتی ہے یہ وقت صرف بیرون ملک مقیم قوس افراد کیلئے موافق ہوگا 9 تا 29 دسمبر کا دورانیہ محتاط روش کا متقاضی ہے احتیاط کریں کاروباری تبدیلی یا اہم فیصلوں سے گریز کریں آپ سے غلط فیصلے سرزد ہو سکتے ہیں۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد

آپکو اچھے برے دونوں طرح کے حالات کا سامنا رہے گا اسسال 7 جنوری تا 27 مارچ، 20 اپریل تا 15 مئی، 21 اگست تا 14 ستمبر، 8 اکتوبر تا 26 نومبر کے دوران دوست احباب سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں یہ وقت آپکی خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ ہوگا تحمل سے کام لیں آپکے کاروباری معاملات کے نتائج خلاف توقع نکل سکتے ہیں جبکہ 27 مارچ تا 20 اپریل کا دورانیہ سال کا سب سے بہترین دورانیہ

مشتاق بک ڈپو تحصیل بازار احمد پور شرقیہ　رضا سٹیشنرز سول لائن خانیوال 0300-6358969　خالد بک ڈپو مسلم بازار گجرات

آپکی خواہشات کی تکمیل ممکن ہوگی اسکے علاوہ 15 مئی تا 21 اگست اور 14 ستمبر تا 18 اکتوبر کے دورانیے بھی انشاءاللہ موافق ہونگے آپکے دوست آپکی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہونگے

بیرون ملک قیام ، امیگریشن ، خفیہ سازشیں اس حوالے سے آپکو موافق غیر موافق دونوں طرح کے حالات کا سامنا رہے گا امسال یکم جنوری تا 14 فروری ، 2 جولائی تا 4 اکتوبر ، 19 نومبر تا آخر سال کے دوران امیگریشن اپلائی کرنے اور پہلے سے مقیم افراد کیلئے اپنے قیام کو مزید مستحکم کرنے میں موافق ہونگے مگر یہی وہ دورانیہ ہیں جب آپکے خلاف خفیہ سازشیں عروج پر ہونگی اور 14 فروری تا 2 جولائی ، 4 اکتوبر تا 19 نومبر کے دورانیے قطعی موافق نہ ہونگے اس دوران امیگریشن یا پہلے سے اپلائی شدہ کیسز کی اپیل کرنے سے بھی گریز کریں اس دوران پہلے سے مقیم افراد کیلئے بھی حالات موافق نہ ہونگے آپکو واپس آنا پڑ سکتا ہے۔

شمسی وقمری گرہن امسال لگنے والے 3 شمسی اور 2 قمری گرہن جو کہ بالترتیب جنوری جولائی اور دسمبر میں لگ رہے ہیں یہ آپکے معاملات کو انتہائی متاثر کر سکتے ہیں آپکے خانہ مال میں لگنے سے آپکی مالی پوزیشن غیر مستحکم ہو سکتی ہے آپکو کسی بڑے نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے 3 جولائی کا شمسی گرہن عین آٹھویں گھر لگنے سے شراکتی ، مالی اور وراثتی معاملات کے علاوہ آپکی صحت بھی شدید خطرات کی زد میں ہوگی اس پر خاص توجہ دیں شمسی گرہن کے ایام میں ویزہ اپلائی یا کسی بھی حوالے سے طویل سفر سے گریز کریں۔ بروقت صدقہ اور نماز کسوف خسوف کی ادائیگی آپکو بہت سے مسائل سے بچا سکتی ہے پروردگار عالم بحق محمدؐ و آل محمدؐ آپ سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے آمین

صدقہ روزانہ بعد از نماز پنجگانہ 9 مرتبہ یا بعد از فجر و عشاء 45 مرتبہ دعائے رد نحوست سیارگان ورد کریں بمع اول و آخر 9-9 مرتبہ درود پاک۔ یہ دعا زائچوں کے آغاز میں موجود ہے جنتری سے دیکھ کر پڑھ سکتے ہیں۔

humaliwalayazadar.com

ورد خاص ہر ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈال دیں۔

برج: جدی CAPRICORN سیارہ: زحل

رنگ: سرخ، بھورا، خاکی
عنصر: خاکی
جواہر: سفید رنگ سلیمانی، یاقوت
بہترین شریک حیات: ثور، سنبلہ
ناموافق ساتھی: حمل، سرطان، میزان
بیماریاں: دانتوں کی بیماریاں، اعصابی تناؤ
دن: ہفتہ عدد: ۸ 23 Dec to 20 Jan حروف: ج، خ، گ

